نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ دسمبر ۲۰۱۸ء

قیمت:- /۶۵ روپے

روحانی دنیا

برنی
روزانہ کواکبی گائیڈ
2019
ہر روز کے نظرات معہ ان کے اثرات، مدت اثرات کواکب
ہر سعد و نحس نظر کا دورانیہ، کاروبار، فنانس، قانونی نکات، قمری دنوں کی مخصوص
سرگرمیاں، قمری عدم الحساب، ہر روز اپنے پروگرام ترتیب دیں
اس تقویمی گائیڈ کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ ڈائری کی طرح ہر صفحہ پر ۵ دن دیئے گئے ہیں تا کہ اس میں ہر خاص و عام بات لکھی جا سکے، پہلے سے اپنے پروگرام ترتیب دیں، کس دن کون سی خریداری کرنی ہو، شادی کب کریں، ملازمت کی درخواست کس دن یا نظر میں دینی ہے۔ پراپرٹی یا مکان کب خریدا یا بیچا جائے۔ لین دین، گفت و شنید، تحریری کام، پیشہ وارانہ کاروبار اور دیگر معاملات کب طے کئے جانے چاہئے، سفر کا دن کون سا بہتر ہے۔ ہر تاریخ میں اس دن کے نظرات، قمری دور، برج میں قمر کا داخلہ معہ وقت، برج میں کواکب کا داخلہ معہ وقت، ہجری و عیسوی تاریخیں، رجعت و استقامت، قمری خلل السیار شامل ہیں۔
۳۶۵ دنوں کے
ہر دن کے اثرات،
عملیات کے اہم
مواقعوں سے
فائدہ اٹھائیں
قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com
Phone: 021-34949944
اوراق پبلشرز پی آئی بی کالونی کراچی نمبر ۷۴۸۰۰
اپنے قریبی بک اسٹور سے حاصل کریں
آپنا آڈر آج ھی ارسال کریں

شمارہ ھذا کے جملہ مضامین کے حقوق اشاعت محفوظ ھیں

علوم روحانی دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

جاری شدہ ۱۹۳۲ء

بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ماہنامہ روحانی دنیا

منیجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

بدل اشتراک

فی پرچہ:- / ۶۵ روپے سالانہ چندہ:- / ۸۰۰ بذریعہ رجسٹری:- / ۹۵۰ روپے

میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:- / ۱۴۰۰ روپے

غیر ممالک ایئر میل: ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:- / ۳۲۰۰ روپے

افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ) :- / ۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر ۸۶

شمارہ نمبر ۸

ماہ ماہ دسمبر ۲۰۱۸ء

رابطہ دفتر

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

فون نمبر: 021-34949944
0333-7202964

ای میل: ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

- منیجر سرکولیشن سہیل احمد
- کمپوزنگ اصغر نظامی

اس شمارے میں

۱	حقائق	۳
۲	حضرت عبداللہ بن مبارکؒ	۵
۳	اصول عملیات علوی	۷
۴	اسمائے الٰہی المذل	۸
۵	ہلاکت اُمت	۹
۶	چاند و سورج گرہن	۱۰
۷	تثلیث زہرہ و مریخ	۱۳
۸	اگر آپ کا نمبر ۳ ہے	۱۴
۹	زائچہ پیدائش میں مشتری کے احکام	۱۶
۱۰	تربیع مریخ و زحل	۱۷
۱۱	مجرب عملیات	۱۸
۱۲	کلینڈر ماہ دسمبر	۱۹
۱۳	کیا آپ کا برج قوس ہے؟	۲۰
۱۴	حل المشکلات	۲۲
۱۵	ماہ دسمبر کیسا گذرے گا؟	۲۳
۱۶	ماہ دسمبر کے ستارے	۳۴
۱۷	نظرات کواکب بمعہ عملی ہدایات	۳۵
۱۸	ایک موثر دن	۳۹

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ: منیجر رسالہ روحانی دنیا ابراہیم مارکیٹ پیر الٰہی بخش کالونی کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیار دیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	1600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزد بریجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	450.00
لیمون	LEMON OIL	30	450.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	350.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روز میری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	12500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	1800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	2280.00
گٹھیا اور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاء اور نسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ دسمبر ۲۰۱۸ء

حقائق

ایک امیر آدمی جب بوڑھا ہو گیا تو اس نے اپنے لڑکے کو ایسی نصیحت کرنا چاہی جو زود اثر ہو۔ اور اس کے تمام عمر کام آئے۔ چنانچہ وہ اس کو ایک بڑے کھیت کے کنارے لے گیا۔ اور اس سے کہا:

بیٹا! تیرے سامنے جو کھیت ہے۔ اس میں جس قدر بال لگی ہوئی ہیں ان سب میں طلسماتی خوبیاں ہیں۔ تجھ کو اس کھیت میں سے صرف ایک دفعہ گزرنا ہوگا اور اناج کی بال صرف ایک ہی توڑ کر لانی ہوگی۔ جو تم کو راستہ چلتے چلتے توڑنا ہوگی۔ تم راستہ میں مت ٹھہرنا اور نہ ہی ایک قدم پیچھے ہٹنا۔ اور ایک بال خوب بھری ہوئی اور عمدہ سی کھیت میں سے توڑنا۔ اس بال کے قد اور خوبصورتی کو دیکھ کر قیمت ملے گی۔

لڑکا باپ کا شکریہ ادا کر کے روانہ ہوا۔ اس نے راستہ میں بہت سی بالیں دیکھیں جو اناج سے بھری ہوئی، پکی اور خوبصورت تھیں۔ لیکن اس نے اس خیال سے ایک بھی نہ توڑی کہ ابھی کھیت بہت لمبا پڑا ہے۔ آگے بڑھ کر اس سے بھی اچھی ملیں گی۔

اس خیال سے وہ آگے بڑھتا چلا گیا۔ آخر کار دن غروب ہو گیا اور لڑکا کھیت کے ایسے حصے میں پہنچ گیا جہاں ایک بھی بال اناج کی دکھائی نہ دیتی تھی۔ لڑکے کو پچھلی بالیں نہ توڑنے اور دیوانہ وار آگے بڑھنے کا افسوس ہوا اور چونکہ وہ حسب وعدہ پیچھے کو نہ ہٹ سکتا تھا اس لئے اُس نے ایک بھی بال نہ توڑی۔

جب اس کے باپ نے دیکھا کہ لڑکے نے ایسے بھرے کھیت میں سے اپنی ناعاقبت اندیشی کے باعث ایک بھی بال نہیں توڑی اور خالی ہاتھ واپس آ گیا۔ تو اس نے اس کو اپنے پاس بلا کر پوچھا کہ تم کو کچھ معلوم ہوا ہے؟

لڑکے نے کہا۔ ہاں! میں نے بڑی سخت غلطی کی۔ جب میرے سامنے عمدہ سے عمدہ بالیں موجود تھیں۔ میں نے اس خیال سے کہ آگے کھیت بہت پڑا ہے۔ ایک بھی نہ توڑی۔

باپ نے پھر سمجھایا کہ ذرا خیال کرو۔ کہ کیا اسی طرح تمہاری زندگی کے ایام نہیں گزر رہے۔ اور اب تم جس شیریں وقت کو اس خیال سے گزار رہے ہو کہ ابھی عمر بہت پڑی ہے کیا اس کے لئے نہ پچھتاؤ گے؟ لڑکے پر اس لاثانی مثال کا بہت اثر ہوا۔ اور اس روز سے وہ اپنے پروردگار کی طرف مشغول ہوا۔

ٹھیک یہی حال ہماری زندگی کا ہے جس کا ایک ایک سال بھی لمحوں کی طرف گزر رہا ہے۔ سال نو شروع ہوتا ہے۔ بیوقوف لڑکے ٹھیک اسی طرح کہتے ہیں کہ ابھی سال بہت پڑا ہے کیوں نہ ابھی سے سر مارا جائے۔ لیکن جلد ہی سال کا خاتمہ آ جاتا ہے۔ اور پھر ''پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔''

جس رفتار سے وقت گزر رہا ہے۔ اس طرح سے ہماری زندگی کے کھیت کا اختتام آ جائے گا اور ہم کو قیامت کے دن اس خدا کے سامنے اس لڑکے کی مانند شرم سے گردن جھکائے جانا ہوگا۔ لیکن ابھی وقت باقی ہے اور ابھی تک کھیت ختم نہیں ہوا۔ ہماری زندگی کے دن کا سورج بھی ابھی تک چمک رہا ہے۔ اگر ہمت کریں اور اب بھی اس خدائے قدوس کی رضا کی کوشش کریں تو ہم کو کہیں کوہ ہمالیہ پر نہیں جانا ہے۔ بلکہ وہ بالکل ہمارے نزدیک ہے۔ لیکن ہم دنیاوی کاروبار میں اندھے ہوئے آگے کو بڑھتے چلے جا رہے ہیں اور اپنے برابر میں کھڑی ہوئی موتیوں کی بال کو نہیں توڑتے۔ جس کے لئے چند ہی دنوں بعد پشیمانی کا سامنا ہوگا۔

روحانی دنیا والو! دنیا میں موت کی آگ پھیلنے والی ہے۔ کون جانے کس وقت، کس کے گھر کو یہ آگ لگ جائے۔ آج کی قدر کرو۔ دنیا کا کام کرتے ہوئے خدا کی عبادت کو روزمرہ کا اصول بنا لو۔ سورۃ العصر کو پڑھو۔ تو زندگی کے اُن حقائق کا علم ہوگا۔ جن سے انسان غافل ہے۔

لـــوح زحـــل

استحکام و جمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات، ناموری، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب و آلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اُس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔

۳۔ تسلط برخلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔

۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔

۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔

۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔

۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ برمخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جاسکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اُٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اُس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

• زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے چاندی کی لوح اور خاص اوقات میں اس لوح کے نقوش اس پر اُتارنے ہوں گے پھر اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے آپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

جو لوگ دفتر سے لینا چاہیں تو لوح کا ہدیہ علاوہ محصول ڈاک کے ارسال کر دیں۔ ہدیہ نام مع والدہ لکھیں۔

اب سختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

اپنا نام معہ والدہ کا نام 0333-7202964 پر میسج کریں۔ اور رقم منی آڈر حارث عثمانی البرنی کے نام کا ارسال کریں

حضرت عبداللہ بن مبارکؒ

حضرت عبداللہ بن مبارک کے فضائل و کمال کی شہرت دور دور پہنچ چکی تھی- لوگ آپ کی زیارت و ملاقات کے لئے بے چینی کے ساتھ کسی مناسب موقع کے منتظر رہتے تھے- عبدالرحمٰن بن یزید کا بیان ہے کہ ایک دن امام اوزاعیؒ نے ان سے پوچھا' تم نے کبھی عبداللہ بن مبارکؒ کو دیکھا ہے' انہوں نے کہا' نہیں' فرمایا اور تیہ لقرت عینك (تم اگر انہیں دیکھ لیتے تو تمہاری آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں)-

آپؒ جدھر جاتے تھے ارادت مندوں اور عقیدتمندوں کا جمگھٹا لگ جاتا- ایک مرتبہ مشہور عباسی خلیفہ ہارون الرشید بے تحاشا دوڑ پڑے اور اس قدر کشمکش ہوئی کہ جوتیاں ٹوٹ گئیں ہزاروں آدمی استقبال کے لئے شہر سے باہر نکل پڑے تھے' فضاء پر غبار چھا گیا- خلیفہ ہارون الرشید کی ایک حرم (ام ولد) نے محل کے برج پر سے جو یہ تماشا دیکھا تو پوچھا' یہ کیا معاملہ ہے' خادموں نے کہا' خراسان کے ایک عالم جن کا نام عبداللہ بن مبارکؒ آرہے ہیں- بولی' بخدا بادشاہ تو یہ ہیں' بھلا ہارون کیا بادشاہ جو پولیس اور سپاہیوں کے بغیر لوگوں کو جمع کر ہی نہیں سکتا-

آپ کا نام عبداللہ' کنیت ابوعبدالرحمٰن اور والد کا نام مبارک تھا- جو بنو حنظلہ کے ایک سردار کے غلام تھے' حضرت مبارک اپنے آقا کے نہایت مطیع و فرمانبردار غلام تھے اور پرہیزگار و متقی تھے- یہ اپنے آقا کے باغ کی دیکھ بھال کرتے تھے' ایک مرتبہ ان کے آقا نے ان سے ایک ترش انار طلب کیا تو انہوں نے شیریں انار لے جا کر پیش کر دیا- آقا کو بڑا غصہ آیا اور کہا تم شیریں اور ترش میں بھی امتیاز نہیں کرتے' بولے ہاں' اس نے وجہ پوچھی تو کہا' آپ نے مجھ کو ترش انار کھانے کی اجازت نہیں دی ہے' آقا نے اس بات کی تحقیق کی تو ثابت ہوا کہ مبارک نے جو کچھ کہا تھا درست تھا' آقا کو مبارک کی اس درجہ دیانت داری پر سخت حیرت ہوئی اور اسی دن سے اس کو ان کے ساتھ گرویدگی پیدا ہوگئی- اس کے ساتھ ایک اور واقعہ پیش آیا کہ مبارک کے آقا نے اپنی لڑکی کی شادی کرنی چاہی تو ان سے دریافت کیا- مبارک میں اپنی بیٹی کی شادی کس سے کروں' انہوں نے کہا' عہد جاہلیت میں لوگ حسب ونسب کی تلاش کرتے تھے- یہودیوں کو داماد بنانے کے لئے مالدار کی جستجو ہوتی تھی- عیسائی حسن و جمال کو اہمیت دیتے تھے- لیکن امت محمدیہ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے نزدیک دیندار ہونا شرطِ شادی سمجھا جاتا تھا- مبارک کے آقا کو ان کا یہ جواب بہت پسند آیا اور اس نے اپنی بیوی سے جا کر کہا' میری بیٹی کا شوہر بننے کے لئے مبارک سے زیادہ مناسب کوئی اور شخص نہیں ہے' آخر کار میاں بیوی دونوں راضی ہوگئے اور اپنی لڑکی کی شادی مبارک سے کر دی گئی-

حضرت عبداللہ اسی بیوی کے بطن سے ''مرو'' میں ۱۱۸ھ میں پیدا ہوئے اور اس مرو کی نسبت سے ہی مروزی کہلائے- آپ حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کے شاگرد رشید ہیں-

ابتدائی دور میں آپ ایک کنیز کی محبت میں گرفتار ہوگئے اور محبت کا عرصہ بہت طول پکڑ گیا- چنانچہ سردیوں کی ایک رات میں آپ صبح تک اس مکان کے سامنے انتظار میں کھڑے رہے اور جب سحر نمودار ہوئی تو رات کے بیکار جانے کا بے حد ملال ہوا اور قلب میں یہ خیال پیدا ہوا کہ اگر میں یہ رات عبادت میں گذارتا تو اس بیداری سے وہ لاکھ درجہ بہتر تھا- بس اسی تصور سے آپ نے تائب ہو کر عبادت و ریاضت کو صدق دل کے ساتھ اپنا مشغلہ بنالیا اور بہت قلیل عرصہ میں اعلیٰ و ارفع مراتب پر فائز ہوئے-

ایک مرتبہ آپ کی والدہ آپ کی جستجو میں نکلیں تو دیکھا کہ باغ گلاب کے پودے کے نیچے محو خواب ہیں اور ایک بہت بڑا سانپ نرگس کی ٹہنی سے مکھیاں اڑا رہا ہے-

ایک دیندار گھرانے میں پیدا ہونے کے باعث حضرت عبداللہ سے آثار و کمال و ترقی بچپن سے ہی ظاہر ہونے لگے تھے- آپ کو طلب علم کا اتنا شوق تھا کہ کم عمری میں بھی اس مقصد کے لئے سفر کرنے سے باز نہیں آئے تھے' حضرت امام احمد بن حنبل فرماتے تھے' ابن مبارک کے زمانہ میں آپ سے زیادہ طلب علم حاصل کرنے والا کوئی نہیں تھا- حضرت ابواسامہ کہتے ہیں میں نے دنیا میں عبداللہ بن مبارک سے زیادہ طلب علم کا رکھنے والا کوئی شخص نہیں دیکھا' انہیں طلب علم کے شوق میں اپنی حیثیت کی بھی پرواہ نہیں ہوتی تھی' ہر چھوٹے سے اور بڑے سے علم حاصل کرتے تھے- اس شوق و ذوق اور محنت و جستجو کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ کو ہر علم و فن میں کمال حاصل ہوگیا- بڑے بڑے ائمہ عصر آپ کی جامعیت علوم و فنون اور مہارت کا اعتراف کرتے تھے- حافظ ذہبیؒ بڑے پُر اشتیاق انداز میں لکھتے ہیں' اللہ کی قسم میں عبداللہ بن مبارک سے محبت فی اللہ کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آپ کے ساتھ محبت رکھنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ مجھ کو بھلائیاں عطا فرمائے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ آپ کو پرہیز گاری' عبادت' اخلاص' جہاد' وصعت علم' پختہ یقین' ہمدرد' غمگساری' مروت اور دوسری صفات حمیدہ سے متصف کیا ہے-

حضرت عبداللہ بن مبارک فرماتے کہ السکون حرام علی قلوب اولیاء (اللہ کے دوستوں کا دل ہرگز ساکن نہیں ہوتا کیونکہ اس گروہ پر سکون اور آرام حرام ہے) یہ دنیا میں

طلب کی حالت میں بے قرار ہوتے ہیں اور آخرت میں خوشی کے باعث' کیونکہ دنیا میں حق تعالیٰ سے غائب ہونے کی وجہ سے ان پر سکون و آرام جائز نہیں ہوتا اور عقبیٰ میں حق تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کی رویت کی وجہ سے ان پر قرار نہیں ہوتا' لہذا ان کی دنیا' عقبیٰ کی مانند اور عقبیٰ دنیا کی مانند ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ سکون قلب دو چیزوں کا متقاضی ہے یا تو مقصود و مراد کو پالے یا اس سے غافل ہو جائے اور اس کا حصول دنیا و آخرت میں جائز نہیں تو محبت کی وارفتگی سے دل کو قرار کیسے ہو؟ اور اس کے محبوبوں اور دوستوں پر غفلت حرام ہے' یوں بھی حصول طلب میں دل کو کیسے آرام میسر ہو؟

ابتدائی زمانے میں آپ کے پاس ایک غلام تھا جس سے آپ نے یہ شرط رکھی تھی کہ اگر تم محنت مزدوری کر کے اتنی رقم مجھے دے دو تو میں تم کو آزاد کر دوں گا' ایک دن کسی نے آپ سے کہہ دیا کہ آپ کا غلام تو ہر رات کفن چرا کر فروخت کرنے کے بعد آپ کی رقم ادا کرتا ہے- یہ سن کر آپ کو بے حد ملال ہوا اور رات کو چھپ کر اس کے پیچھے پیچھے قبرستان میں پہنچ گئے' قبرستان میں جا کر غلام نے ایک قبر کھولی اور نماز میں مشغول ہو گیا اور جب آپ نے قریب سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ ٹاٹ کے کپڑے پہنے اپنے گلے میں طوق پہنے ہوئے گریہ و زاری کر رہا ہے- یہ دیکھ کر آپ رو پڑے اور پوری رات آپ نے باہر اور غلام نے قبر میں عبادت کرنے میں گزار دی' پھر صبح کو غلام نے قبر کو بند کیا اور فجر کی نماز مسجد میں جا کر ادا کی اور یہ دعا کرتا رہا کہ اے اللہ اب رات گزر چکی ہے اب میرا مالک مجھ سے رقم طلب کرے گا- لہذا اپنے کرم سے تو ہی کچھ انتظام فرما دے اس دعا کے بعد ایک نور نمودار ہوا اور اس نے درہم کی شکل اختیار کر لی- چنانچہ آپ یہ واقعہ دیکھ کر غلام کے قدموں میں گر پڑے اور فرمایا کہ کاش تو آقا اور میں غلام ہوتا- یہ جملہ سن کر غلام نے پھر دعا کی کہ اے اللہ اب میرا راز فاش ہو گیا- اس لئے مجھے دنیا سے اٹھا لے اور آپ ہی کی آغوش میں دم توڑ دیا- پھر آپ نے غسل دے کر ٹاٹ ہی کے لباس میں دفن کر دیا- لیکن رات خواب میں دیکھا کہ حضور نبی کریم ﷺ اور حضرت ابراہیمؑ دو براقوں پر تشریف لائے اور فرمایا کہ اے عبداللہ تو نے ہمارے دوست کو ٹاٹ کے لباس میں کیوں دفن کیا- آپ سیر و سیاحت کے بے حد دل دادہ تھے- ایک دفعہ موسم سرما میں آپ نیشاپور کے بازار سے گزر رہے تھے کہ ایک غلام کو دیکھا جو صرف ایک کرتہ پہنے ہوئے تھا اور سردی سے کانپ رہا تھا- آپ نے کہا تو اپنے آقا سے کیوں نہیں کہتا کہ سردی سے بچنے کے لئے کپڑے سلا دے- اس نے کہا جب آقا دیکھتا ہے تو میں اس سے کیا کہوں- یہ سن کر آپ نے کہا طریقت اس غلام سے سیکھنی چاہئے- آدمی کے لئے سب سے بہتر کونسی خصلت ہے- آپ نے کہا' عقل وافر' پوچھا اگر یہ نہ ہو' فرمایا' ادب' پوچھا اگر یہ بھی نہ ہو' فرمایا مشفق بھائی' عرض کیا اگر یہ بھی نہ ہو تو فرمایا مرگ مفاجات-

ایک دفعہ ایک نوجوان آپ کے قدموں پر آ کر گر پڑا اور کہنے لگا' میں نے ایک ایسا گناہ کیا ہے کے اظہار میں شرم آتی ہے- پوچھا گناہ کیا ہے' عرض کیا- زنا کا جرم سرزد ہوا ہے- آپ نے فرمایا میں تو ڈر گیا تھا شاید تم نے غیبت کا گناہ کیا ہے-

ایک مرتبہ آپ بہت وجاہت کے ساتھ چل رہے تھے کہ ایک نادار سید نے کہا کہ میں سید ہونے کے باوجود بھی آپ سے مرتبہ میں کم کیوں ہوں- فرمایا کہ میں تو تیرے جد امجد کا اطاعت گذار ہوں لیکن تو ان کے اقوال و اعمال پر بھی عمل پیرا نہیں ہے- بعض حضرات کہتے ہیں کہ آپ نے یہ جواب دیا کہ یہ تو ایک حقیقت ہے کہ تیرے جد امجد اعلیٰ خاتم الانبیاء ﷺ تھے اور میرا جد امجد گمراہ مگر تیرے جد اعلیٰ نے جو تر کہ چھوڑا اس کو میں نے حاصل کر لیا جس کی وجہ سے مجھے یہ مرتبہ عطا کیا گیا اور میرے جد امجد کی گمراہی تو نے حاصل کی اس لئے تو رسوا ہو گیا' لیکن اسی شب آپ نے خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کو غصہ کی حالت میں دیکھا اور جب وجہ دریافت کی تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ تو نے میری آل کے عیوب کی پردہ داری کیوں کی- چنانچہ آپ بیدار ہونے کے بعد اسی سید کی جستجو میں نکل کھڑے ہوئے اور ادھر اس سید نے خواب میں دیکھا کہ حضور نبی کریم ﷺ یہ فرما رہے ہیں کہ تیرے اعمال و افعال بہتر ہوتے تو عبداللہ تیری اہانت کیوں کرتا- چنانچہ وہ بھی بیداری کے بعد آپ کی تلاش میں چل دیا اور جب راستہ میں دونوں کی ملاقات ہوئی تو دونوں اپنا اپنا خواب سنانے کے بعد تائب ہوئے' آپ فرمایا کرتے تھے کہ ایک مرتبہ روم کے گرد و نواح میں میں نے دیکھا کہ کچھ لوگ ایک شخص کو شکنجہ میں کس کر مار پیٹ رہے ہیں اور ایک شخص دور سے کھڑا کہہ رہا ہے کہ اس کو اچھی طرح مارو ورنہ بڑا بت خفا ہو جائے گا اور جب میں نے پٹنے والے سے پوچھا کہ یہ لوگ تجھے مار رہے ہیں- اس نے کہا کہ ہمارا یہ مذہبی عقیدہ ہے کہ گناہوں سے پاک ہوئے بغیر بڑے بت کا نام زبان سے نہیں نکال سکتے اور اس کے ڈر سے یہ گریہ و زاری بھی نہیں کر سکتا- یہ سن کر آپ نے فرمایا کہ اللہ کا احسان عظیم ہے کہ اس نے مجھے وہ دین عطا کیا جس میں اللہ کا نام لیتے ہی بندہ گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے اور جب اس کی معرفت حاصل کرتا ہے تو سکونت اختیار کر لیتا ہے- جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ''اللہ کو شناخت کرنے والوں کی زبان گنگ ہو جاتی ہے''-

آپ مرو سے بغداد تشریف لے گئے اور بغداد میں ایک مدت مقیم رہے' مشائخین کی صحبت میں رہے- پھر مکہ معظمہ تشریف لے گئے اور مدت تک مجاور بنے رہے- آپ فرمایا کرتے تھے کہ ایک شخص خانہ کعبہ میں داخل ہونا چاہتا تھا لیکن لرز کر بے ہوش ہو گیا' اور ہوش میں آنے کے بعد جب میں نے اس کی کیفیت پوچھی تو اس نے بتایا کہ میں آتش پرست ہوں اور بھیس تبدیل کر کے کعبۃ اللہ میں داخلہ کی نیت سے آیا تھا لیکن جیسے ہی میں نے داخلہ کا قصد کیا تو ندا آئی کہ تو دوست کا دشمن بن کر دوست کے مکان میں کیسے داخل ہو سکتا ہے اور یہ آواز سنتے ہی میں نے صدق دل سے اسلام قبول کر لیا-

کچھ عرصہ ایک نہایت بدطینت شخص آپ کی صحبت میں رہا اور جب وہ رخصت ہو گیا تو آپ نے روتے ہوئے فرمایا کہ صدحیف وہ تو مجھ سے

رخصت ہوگیا- لیکن اس کی بری خصلتیں اس سے رخصت نہ ہوسکیں-

ایک مرتبہ کہیں تشریف لے جارہے تھے کہ راستہ میں بعض لوگوں نے ایک نابینا سے کہا کہ عبداللہ بن مبارکؒ تشریف لارہے ہیں جو کچھ طلب کرنا چاہے طلب کرلے' چنانچہ اس نے آپ کو ٹھہرا کر دعا کی درخواست کی کہ میری بصارت واپس آجائے اور جب آپ نے دعا فرمائی تو فوراً ہی اس کی بصارت واپس آگئی- مکہ شریف سے آپ واپس ہوکر پھر اپنے وطن مرو روانہ ہوئے' راستہ میں رقہ شہر پڑتا تھا وہاں ایک سرائے میں ہمیشہ آپ آتے جاتے قیام کرتے تھے- یہاں ایک نوجوان تھا جو سرائے میں قیام کی مدت میں حضرت عبداللہ بن مبارک کی خدمت کرتا تھا- آپ کی ضرورتوں کا خیال رکھتا تھا اور آپ سے حدیث کا سماع کرتا تھا- ایک دفعہ اتفاق ایسا ہوا کہ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ رقہ کی سرائے میں حسب معمول قیام پذیر ہوئے تو آپ کو وہ نوجوان نہیں ملا دریافت کرنے پر پتہ چلا کہ قرض کی وجہ سے گرفتار کرکے جیل خانہ بھیج دیا گیا ہے- آپ نے پوچھا وہ کتنی رقم کا مقروض ہے- لوگوں نے بتایا دس ہزار درہم کا- آپ نے تلاش کرکے بعد صاحب قرض کو رات کو بلایا اور کہا کہ تم اپنے دس ہزار درہم مجھ سے لے لو اس نوجوان کو رہا کردو- یہ خطیر رقم ادا کرنے کے بعد حضرت ابن مبارکؒ شب میں ہی روانہ ہوگئے- وہ نوجوان رہا ہوا لوگوں نے اسے بتایا کہ حضرت ابن مبارکؒ اس سرائے میں ٹھہرے ہوئے تھے اور اب تک آپ غالباً دو تین منزل پہنچ چکے ہوں گے- یہ سن کر نوجوان بھاگا اور آخر کار دو تین منزل کی مسافت پر آپ کو پالیا- حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے اس نوجوان سے اس کا حال دریافت کیا تو اس نے کہا- میں قید میں تھا کہ ایک شخص سرائے میں مقیم ہوا اس نے میری طرف سے قرض ادا کردیا اور میں رہا ہوگیا- اور لطف یہ کہ میں اس شخص کو جانتا بھی نہیں ہوں کہ کون ہے اور کہاں سے آیا تھا- راوی کہتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کی وفات تک کسی پر اس راز کا افشاں نہیں ہوا-

اصول عملیات علوی

عملیات علوی بہت جلدی ہوتے ہیں- عامل ان کا بگڑا ہوا نہیں سنورتا- سب سے اول متقی ہونا عامل کو ضروری ہے- اگر عامل کو کوئی عمل علوی کرنا ہو تو تین روز پہلے ترک حیوانات جلالی جمالی کرے- مثلاً گوشت دھی' دودھ' کھٹائی' لہسن' پیاز' سرکہ' مچھلی' انڈا گرم چیزیں- عورت سے صحبت کرنا ترک کردے- صوم وصلوٰۃ کا پابند رہے- ایک ہزار مرتبہ روز صبح وشام درود پڑھے- عمل کیلئے ایسی جگہ مقرر کرے- جہاں دوسرا نہ آسکے- وہاں جگہ کو پاک صاف کرکے اور لوبان سے بسا دے عطر پھول خوشبو عطر دھوپ لوبان مہیا رکھے- لباس پاک ہو- پھر باقلب مصفا دو رکعت نماز نفل ادا کرکے عمل پڑھنے میں مشغول ہو اور عمل ٹھیک تلفظ سے ادا کرے- عربی آیت ہو- اس کے مطلب پر بھی دھیان رکھے اور تا ختم عمل دھونی کا دھیان رکھے- بعد ختم پر چہار قل اور سورۃ فاتحہ شیرینی پر دم کرکے موکلات کو ثواب پہنچائے اور بچوں میں تقسیم کردے- ہر وقت باوضو پاک صاف رہے- روزانہ نئے پھول نئی شیرینی لائے- ہر روز غسل کرتا رہے- اگر ڈراؤنے خواب آئیں- مطلق خوف نہ کرے- عامل کا بستر صاف لباس پاک پاکیزہ ہونا چاہئے- کسی ناپاک مرد وعورت کا سایہ بھی نہ پڑے- ہمیشہ تا ختم عمل ایک ہی وقت ٹھیک اختیار کرے- ہر ایک عمل کم سے کم تین چلہ کرے- چونکہ عاملوں نے ہر ایک عمل کی معیاد تین چلہ رکھی- عامل عمل کے پیچھے ایسے پڑ جائے جیسے عاشق معشوق کے پیچھے پڑ جاتا ہے- کمزور اور کم ہمت آدمی عمل کا کام نہ لے- سب سے بڑی بات یہ ہے کہ کسی کو خبر نہ ہو کہ ہم فلاں عمل کررہے ہیں- اگر درمیان میں خواب دیکھے- صرف استاد یا مرشد سے بیان کرے اور کسی کو بیان نہ کرے- ہمیشہ فقراء لوگوں کو حسب حیثیت امداد کرتا رہے- فحش کذب کلمہ ہرگز زبان سے نہ نکالے- متقی رہے- کسی کی چغلی برائی غیبت نہ کرے- بدبودار چیز ہرگز نہ کھائے- چلہ ایک ہی جگہ ختم کرے بعد چلہ یہ عمل سفر میں بھی کرسکتا ہے-

موکلات کے عملیات

ہر عمل کا قاعدہ علیحدہ ہوتا ہے- موکل خوفناک صورت بن کر آتے ہیں اور عامل کو ہر طرح سے ڈراتے ہیں- امتحان لیتے ہیں ایسی حالت میں اگر عامل ڈر گیا تو جان سے مارا گیا- ورنہ وہ قتل تو کیا عامل کو زخمی نہیں کرسکتے موکل کو زندگی بھر کی قید ہوجاتی ہے وہ کب اسے برداشت کرسکتا ہے- لہذا یہ ہر حیلہ کرتا ہے کہ عامل عمل سے باز آجائے- پھر اس سے شرائط طے کرتے ہیں- سہولت کو مدنظر رکھو- اتنی طے نہ کرلو کہ اسے دیہی نہ سکو- ورنہ موکل جان سے مار دے گا- عورت سے صحبت نہ کرے- گوشت اور گرم چیز نہ کھائے پاک صاف کو موکل کچھ نہیں کہتا- جس وقت عمل اول وقت شروع کرے- ہمیشہ تا اختتام اسی جگہ پڑھا کرے موکل ٹھیک وقت کا عادی ہوجاتا ہے- اگر تفاوت ہوجائے گا تو موکل ٹھیک وقت پر آکر چلا جائے گا- بعض دفعہ عمل پر موکل دو دو چلہ نہیں آتا- عامل بددل ہوجاتا ہے- ایسا کبھی نہ کرنا چاہئے- تین چلہ سے کم کوئی ایسا عمل نہیں جو پورا ہو- ہر ایک عمل تین چلہ کرنا چاہئے- اگر موکل اول یا دوسرے چلہ میں آجائے تو ختم کرکے ہمکلام ہو- مگر چلہ ختم کرنے سے پہلے ہم کلام نہ ہو- پورا چلہ ختم کرنے پر ہم کلام ہونا چاہئے- موکل سے مطلق خوف نہ کرے- بلکہ موکل سے ایسی دبنگ آواز سے گفتگو کرے کہ موکل خود دب جائے- جس عمل کی جو غذا یا بخور ہو- وہ ضرور کرے- کھانا ایک وقت کھائے تو بہتر ہے-

اسمائے الٰہی المذل

مذل کے معنی ہے ظالم کو یہ سبب اس کی شقاوت کے ذلیل کرنے والا- یہ اسم جلالی ہے اور عنصر آتشی رکھتا ہے-

دراصل عزت اور ذلت کا دینے والا خداوند تعالیٰ ہے وہی جس کو چاہتا ہے- ملک اور سلطنت عطا کرتا ہے اور جس سے چاہتا ہے چھین لیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ذلت دیتا ہے-

ملک و سلطنت سے میری مراد محتاجگی کی ذلت سے آزاد ہونا ہے جس نے اب قلب کے حجاب کو دور کرایا- اس کو قناعت نصیب ہوگی- یہاں تک کہ تمام خلق سے مستغنی ہو جائے گا اور جو شخص بوقت حاجت مخلوق کی طرف اپنا ہاتھ دراز کرے گا- خدا اس پر حرص کی ذلت مسلط کر دے گا- یہاں تک کہ یہ شخص قدر کفایت پر قناعت نہ کر سکے گا- پہلی حالت عزت کی ہے دوسری حالت جو بیان کی گئی ہے ذلت کی ہے- قرب و رضا کے ساتھ مومنوں کے لئے عزت ہے اور دروازوں سے دھکے اور دوریاں کفاروں کے لئے ذلت ہے-

اس اسم کو جو شخص کثرت سے ذکر کرے اس کا کل دشمن ذلیل ہوں-

جس کا جانور اس کے قبضہ میں نہ آتا ہو وہ اس اسم کا ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو تابعدار کر دے-

جو شخص تین روز بدھ، جمعرات، جمعہ کا روزہ رکھے- جمعہ کے دن افطار کرنے میں اتنا توقف کرے کہ مغرب کی نماز کے بعد دو رکعتیں ادا کرے- جس میں فاتحہ کے بعد سو بار اس اسم کو پڑھے اور سجدہ میں بھی اسی طرح کرے- پھر سلام کے بعد ایک ہزار بار اس اسم کو پڑھے اور کہے اے مذل فلاں شخص کو میرے سامنے ذلیل کر تو بے شک وہ ذلیل و خوار ہو جائے گا اور کسی بات میں اس کی مخالفت نہ کر سکے گا-

جو شخص مظلوم ہو- وہ اسم مذل کا ورد کرے اور ہر سینکڑے کے بعد یہ کلمہ کہے-

یَامُذِلُّ اَذِلَّ مَنْ ظَلَمَنِیْ

یعنی اے ذلیل کرنے والے اس شخص کو ذلیل کر جس نے مجھے ذلیل کیا ہے تو خدا اس کو ذلیل کرے گا-

اس اسم کا موکل حضرت اسرافیل کے تحت ہے کام اس کا سرکشوں کو ذلیل کرنا ہے نام اس کا ثرکطائیل ہے جب تیرا کوئی دشمن ہو تو خلوت میں داخل ہو کر اس موکل کے نام کو ۷۷ مرتبہ پڑھے تو موکل فوراً اس کو ذلیل کرے گا-

اس اسم کو مربع کو لکھ کر پاس رکھے اور دھونی دے- اور اس اسم کی تلاوت کا ورد رکھے تو جس شخص کو دیکھے وہ مطیع ہو اس کا مربع یہ ہے-

یامذل

۱۹۲	۱۹۵	۱۹۸	۱۸۵
۱۹۷	۱۸۶	۱۹۱	۱۹۶
۱۸۷	۲۰۰	۱۹۳	۱۹۰
۱۹۴	۱۸۹	۱۸۸	۱۹۹

شیخ جلال الدین تبریزی نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر دشمن قوی ہو- جابر و ظالم ہو جس سے جان کا خوف لاحق ہو تو وضو کر کے دو رکعت نماز بجا لائے اور بعد سلام سجدہ میں جا کر ستتر (۷۷) مرتبہ اس اسم کو تضرع و زاری پڑھے تو حق تعالیٰ امان میں رکھے اور دشمن ذلیل ہو-

شیخ مغرب نے فرمایا ہے اگر دشمن قوی ہو یا کسی ظالم کے ہاتھ میں قید ہو اور خوف قتل ہو یا دشمنان شہر کا محاصرہ کئے ہوں اور اس کے دفع کرنے سے عاجز ہو تو اکیس روز تک اس اسم کا ورد کرے اور شب میں دس ہزار مرتبہ بہ نیت دفع دشمن پڑھے- بس دشمن مقہور ہو- اگر چالیس دن پورے کرے تو دشمن ہلاک ہو-

آپ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اس اسم سے عطارد کی تسخیر کی جاتی ہے اس لئے اگر کوئی شخص عطارد کو تسخیر کرنا چاہے تو عزم بالجزم کے ساتھ نوے دن خلوت اختیار کرے اور شرائط دعوت کو تمام و کمال بجا لائے- تو ملک عطارد تسخیر ہوگا-

شیخ شہاب الدین سہروردی نے تحریر فرمایا ہے اگر تسخیر عطارد کی تمنا ہو تو ساٹھ روز کی خلوت اختیار کرے اور دس ہزار مرتبہ اس اسم کی تلاوت کرے-

یَامُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عِزَّتِہٖ وَ سُلْطَانِہٖ

اور ان ایام میں کوئی دوسرا وظیفہ یا عمل ہرگز انجام نہ دے- اور حجرہ خلوت میں کسی دوسرے شخص کو نہ آنے دے اور بیدانجیر سے چوکی سہ پایا تیار کرے اور ہر پایہ پر اسم مذکور کو تحریر کرے اور بالائے چوکی اسم مبارک اللہ تحریر کرے اور زیرین چوکی نجور روشن کرے - اور سوائے ضروریات ضروریہ کے حجرہ سے باہر نہ آئیں- دعوت کے آخر میں ملک عطارد بصورت مرد پیر خوبرو اور خوش وضع خلوت میں کنار حصار حاضر ہوگا اور صاحب دعوت کو خوشخبری دے گا اور اطاعت و تسخیر قبول کرے گا- اس کے بعد عامل کو اختیار ہے کہ جس وقت چاہے ملک عطارد سے اس کے بتلائے ہوئے قاعدہ کے مطابق ملاقات کر سکتا ہے-

اس ریاضت کے عامل کی بہت سی خوبیاں ہیں- زبان سے علم و ہنر کی باتیں کرے جس کو سنکر عنقلائے زمانہ تعجب کریں- اللہ عزیز و محترم کرے تمام قسم کی ذلت و خواری اس سے دور ہو- عامل کے ایک اشارہ پر عزیز ذلیل ہو اور ذلیل عزیز ہو- گدا بادشاہی کے درجہ پر فائز ہو اور بادشاہ گدا ہو جائے-

ہلاکت امت

جو پہلے کہا گیا تھا-اب وہی ہو رہا ہے

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول کریم ﷺ نے جب آخری حج کیا تو حضور ﷺ نے کعبے کے دروزے پر کھڑے ہوئے دروازے کی چوکھٹ پکڑ کر لوگوں کی طرف رخ کیا اور نہایت رقت انگیز آواز میں فرمایا ''اے لوگو! تمام حاضرین پکار اٹھے'' لبیک یا رسول اللہ آپ ﷺ پر ہمارے ماں باپ قربان! حضور تقریر فرمانا چاہتے تھے کہ کچھ سوچ کر زار و قطار رونے لگے- (یہ الفاظ جب لکھنے والے کے قلم سے نکلے تو وہ بھی رو پڑا آنسو بہنے لگے' دل بھر آیا- یاالٰہی کیا ماجرا ہے کہ تیرا محبوب رسول رو رہا ہے؟) حضور ﷺ اس قدر روئے کہ ہچکی بندھ گئی- پھر حضور ﷺ نے فرمایا اے لوگو! میں تمہیں اشراط ساعت یعنی آخری زمانے کے کچھ حالات بتاتا ہوں ان میں سے بعض حالات یہ ہیں کہ-

''میری محبت کے لوگ نماز کو مار ڈالیں گے- شہوتوں کے پیچھے لگ جائیں گے ہوادہوس میں مبتلا ہو جائینگے'' اتنا سن کر حضرت سلمان فارسی اچک کر حضور اکرم ﷺ کے سامنے آ گئے اور کہا ''میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان'' کیا یہ باتیں بھی ہونے والی ہیں- حضور ﷺ نے فرمایا ''ہونے والی ہیں اس پروردگار کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کہ اس وقت ان حالات کو دیکھ کر مومن کا دل ایسے پگھل جائے گا جیسے پانی میں نمک پگھل جاتا ہے کہ مومن ان حالات کو دیکھے گا مگر بدل نہ سکے گا''-

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ''میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان' کیا یہ بھی ہونے والا ہے؟ حضور نے فرمایا- ''خدا کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اس وقت مومن ان لوگوں سے خوف زدہ ہو کر چلے گا''-

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا' میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان کیا ایسا بھی ہونے والا ہے! حضور ﷺ نے فرمایا ''خدا کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے- اس وقت بارش بے وقت اور نقصان رساں ہو گی- اولاد نافرمان اور باعث رنج ہو گی اور کثرت سے ایک دوسرے پر لعنت کریں گے اور نیک لوگ غم وغصہ کریں گے''-

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان کیا یہ بھی ہونے والا ہے- حضور ﷺ نے فرمایا ''خدا کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اس وقت مومن ایک لونڈی سے بھی زیادہ ذلیل سمجھے جائینگے اور بری باتیں عمدہ عمدہ باتیں تصور کی جائیں گی اور خائن امین بنا دیا جائے گا اور امین خیانت کریں گے اور جھوٹے کو سچا اور سچے کو جھوٹا ٹھہرایا جائے گا''-

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان کیا یہ بھی ہونے والا ہے- حضور ﷺ نے فرمایا ''خدا کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اس وقت امیر ظالم اور وزیر عہد شکن اور خائن ہوں گے اور عورتیں سردار اور چھوکریوں سے مشورہ لیا جائے گا اور لڑکے ممبروں پر چڑھ کر تقریر کریں گے''-

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان کیا یہ بھی ہونے والا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا ''خدا کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے- اس وقت ایسے لوگ ہوں گے کہ ان کے مقابلے پر کوئی قوم بولے گی تو اسے قتل کر ڈالیں گے اور خاموش رہے گی تو اسے برباد کر دیں گے- ان کا مال چھین لیں گے اور ان کی عورتوں کی بے حرمتی اور عصمت دری کریں گے اور فیصلے میں بجائے انصاف کے ظلم کیا جائے گا اور ایسے لوگ قائم ہوں گے جن کی شکلیں انسانوں کی سی ہوں گی اور دل شیطانوں کے سے ہوں گے- لوگ نہ بڑوں کی تعظیم کریں گے اور نہ چھوٹوں پر ترس کھائیں گے''-

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا' میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان' کیا یہ بھی ہونے والا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا ''خدا کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اے سلمان اس وقت مسجدیں ایسی سجائیں جائیں گی جیسے یہودیوں اور عیسائیوں کے گرجے سجائے جاتے ہیں اور قرآن پر نقش و نگار کئے جائیں گے اور بڑے بڑے ممبر بنائے جائیں گے اور نماز میں صفیں زیادہ ہوں گی اور نمازیوں کے دل بغض اور نفسانی خواہشات سے لبریز ہوں گے اور ان کی زبانیں جھگڑالو ہوں گی''-

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان کیا یہ بھی ہونے والا ہے- حضور ﷺ فرمایا ''قسم خدا کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے' اس وقت جھوٹ بولنا ایک مذاق ٹھہرالیا جائے گا اور زکوٰۃ کو جرمانہ سمجھا جائے گا اور رشوتیں کھلم کھلا لی جائیں گی اور سود کثرت سے لیا جائے گا اور خرید و فروخت میں ہر شخص خواہش کرے گا کہ میں اپنی شے کو نفع کے ساتھ دے کر کسی کے ساتھ لے لوں اور مسجدوں میں راستے بنالئے جائیں گے''-

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان کیا یہ بھی ہونے والا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا ''خدا کی قسم اے سلمان جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اے سلمان اس وقت لوگ فخریہ اپنی مسند پر شیر اور چیتے کی کھالیں بچھائیں گے اور میری امت کے لوگ سنہری زیور اور ریشمی لباس پہنیں گے اور خون کرنا معمولی بات سمجھیں گے اور شراب کا کثرت سے استعمال ہوگا- بازاری عورتیں بہت ہوں گی اور گانا بجانا کثرت سے ہوگا اور عورتیں تجارت میں مردوں کے ساتھ شریک ہوں گی''-

چاند و سورج گرہن

سورج گرہن

یہ جزوی گرہن ہوگا۔ جو ۶ جنوری کی صبح ۶ بجکر ۴۱ منٹ ۳۹ سیکنڈ کو ۱۵ درجہ ۲۶ دقیقہ برج جدی پر لگے گا۔ یہ گرہن ۶ جنوری کی صبح ۴ بجکر ۳۴ منٹ پر لگنا شروع ہوگا اور صبح ۶ بجکر ۴۱ منٹ پر مکمل لگ جائے گا اس کے بعد اترنا شروع ہوگا اور صبح ۸ بجکر ۴۸ منٹ پر یہ گرہن مکمل ختم ہو جائے گا۔

چاند گرہن

یہ مکمل گرہن ہوگا۔ جو ۲۱ جنوری کی صبح ۱۰ بجکر ۱۲ منٹ کو صفر درجہ ۴۹ دقیقہ برج اسد پر لگے گا۔ یہ گرہن ۲۱ جنوری کی صبح ۷ بجکر ۳۶ منٹ سے لگنا شروع ہوگا۔ یہ گرہن صبح ۱۰ بجکر ۱۲ منٹ پر مکمل لگ جائے گا اس کے بعد اترنا شروع ہوگا اور دوپہر ۱۲ بجکر ۴۸ منٹ پر یہ گرہن مکمل صاف ہو جائے گا۔

ہم جس دور میں ہیں وہ ایک خراب قسم کا ہے

• مرد یا عورت کی شہوت اور عادت زناکاری کی باندھنے کے لئے اگر کوئی صاحب زکات دینا چاہیں تو اس گرہن میں شروع کردیں کیونکہ اس ماہ کے دونوں گرہنوں میں پندرہ دن کا وقفہ ہے اس لئے سورج گرہن سے عمل شروع کریں۔ چاند گرہن تک پندرہ ہزار بار عمل پڑھ کر صاحبِ زکات ہو جائیں گے ہر روز ایک ہزار بار پڑھیں عمل یہ ہے۔

جل بست ماہیان دردور یابست' وابان زیر زمین بست سید سلیمان بن داؤد زبر جد بست پائے شہوت مرد عورت بست۔

اگر کسی آدمی کی شہوت باندھنی ہے تو عمل میں مرد عورت کی جگہ اس کا نام معہ والدہ لیں اور اگر عورت ہو تو اس کا نام معہ والدہ لیں۔ مثلاً پائے شہوت فلاں بن فلاں بست جب ضرورت پڑے تھوڑی سی قبر کی مٹی لے کر اس پر ایک ہزار عزیمت پڑھ کر سرخ کپڑے میں لپیٹ کر پھر اس عورت یا مرد کے کپڑے میں لپٹیں اور اسی قبر کے کونے میں سر کی طرف دفن کردیں جب تک وہ مٹی نکالی نہ جائے گی عورت یا مرد کسی پر قادر نہ ہو سکے گا۔

حروف صوامت احد رسص طعك لموه کو ۵۴۳ بار پنسل یا سیاہی سے لکھ لیں۔ تو زکات ادا ہو جائے گی۔ اس کے بعد ہر روز ۱۳ بار مداومت عمل کے لئے لکھتے رہنا ہوگا۔

زبان بندی

اگر اپنے دشمنوں اور مخالفوں کی زبان بند کرنا مقصود ہو جس سے عزت و شہرت کو نقصان پہنچ رہا ہے تو اسم قابض کی ایک مثلث کالی سیاہی سے لکھ کر بکری کی کھوپڑی میں رکھ کر یا منہ میں رکھ کر منہ باندھ دیں اور دریا میں پھینک دیں۔ دشمن کی زبان بند ہو جائے گی۔

یا عطرائیل بحق یا قابض یا اسرافیل

۳۰۰	۲۹۹	۳۰۴
۳۰۵	۳۰۱	۲۹۴
۲۹۸	۳۰۳	۳۰۲

قبض قبضك يا قابض
قبضك يا قابض
يا عطائيل القبض يا جبرائيل فى

نقش لکھ کر ذیل کی عزیمت نیچے لکھیں۔

بستم بستم زبان فلاں بن فلاں بستم ہوش عقل گوش چشم فہم عقل دل وشش صدوششت اعضائے بدن فلاں بن فلاں از بد گفتن و بدخواستن و شروفساد فی حق فلاں بن فلاں بحق صم بکم عمی فہم لا یرجعون۔

پہلے فلاں بن فلاں کی جگہ مقصد کا نام اور دوسرے فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا نام لکھیں۔

اس گرہن میں حروف صوامت کی زکات دے سکتے ہیں جس کا تذکرہ سابقہ رسالوں میں تفصیل سے ہو چکا ہے اور اکثر ناظرین اس کی زکات دے چکے ہیں اور اپنے جرات انگیز تجربات کی اطلاع دے چکے ہیں۔ سر درد' دانت درد اور جس قدر بھی عمل بندش کے ہیں ان کی زکات اس میں دی جاسکتی ہے چونکہ بعض خریدار نئے ہیں اس لئے طلسم کی سطور اور طریقہ دوبارہ دیا جارہا ہے۔

بعض حقائق کو چھپانا بھی کفران نعمت میں اس امر کا اعتراف کرتا ہوں کہ میرے اللہ نے جو حروف کا علم مجھے دیا ہے۔ اس زمانہ میں کسی کو وہ نہیں دیا اور جو مجھے اعزاز دیا ہے وہ کسی اور کو نہیں دیا مجھے اپنے خزانہ غیب سے براہ راست دیا کہ دنیا میں کوئی بشر بھی میرا ان علوم کا استاد نہیں۔ الحمدللہ!

حروف کی تقسیم کی کئی قسمیں ہیں' نورانی ظلمانی' ناطق وصوامت شفا وعلت کی چند قسمیں ایسی ہیں۔ جن سے طلسم بنتے ہیں اور ان حروف میں اللہ تعالیٰ نے فوری اثر پیدا کیا ہے۔ حروف صوامت کا جو طریقہ میں بیان کروں گا۔ آج تک کبھی کسی نے نہیں لکھا۔ نہ اسے ظاہر کیا۔ سب سے پہلے میں ان لوگوں کو مبارکباد دیتا ہوں۔ جنہوں نے اس سورج

گرہن میں حروف صوامت کی زکات دی- اس کے بعد دعا دیتا ہوں کہ باری تعالیٰ ان کی محنت کے عوض ان کو تاثیر عطا فرمائے تا کہ وہ خلقت کو فیض دے سکیں- آمین

حروف صوامت سے جو مختلف مقاصد کے بے معنی حروف بنتے ہیں- میں انہیں طلسمی الفاظ کہتا ہوں- ایک تو اس لئے کہ ان کے معنی نہیں ہوتے- دوسرے اس لئے کہ خاموش کام کرتے ہیں- یعنی ادا نہیں کرنے پڑتے-

جن لوگوں نے زکات دی ہے- ان کے لئے لازم ہے کہ وہ تیرہ دفعہ ایسے دن میں روزانہ لکھا کریں- تا کہ زکات قائم رہ سکے- یہ تیرہ دفعہ اس مدت تک لکھیں جب تک ان حروف کی قوت کی ضرورت سمجھیں- یاد رکھیں کہ اس علم سے عمل کرتے وقت کبھی نہیں بولنا چاہئے- جواب مجبوراً دینا ہو تو اشارہ سے دیں- اگر بولے تو عمل ختم ہو جائے گا- اگر زکات کے دوران میں بھی کسی صاحب نے بات کی ہو- تو ان کی زکات بھی ادا نہیں ہوئی-

میں نے انسانی ضروریات کے چوتھائی حصہ پر حروف صوامت کو قابض پایا ہے اور اس سے کام لیا ہے- ایسے ایسے کام لئے ہیں جو ناممکن نظر آتے تھے اور بہت مشکل اور تکلیف دہ تھے- اگر آپ نے بھی سمجھ بوجھ سے کام لیا تو واقعی چوتھائی ضروریات انسانی کی آپ بھی پورا کر سکیں گے- عمل میں صرف ایک بات کو یاد رکھیں کہ جس غرض کے لئے عمل کرنا ہو- اس کی سطر انتہائی مختصر اور جامع ہونی چاہئے- جو نفی و اثبات کی صورت کو بھی پورا کرتی ہو- حروف صوامت محض بندش کے کام آتے ہیں اور کسی جگہ کام نہ لیں-

طریقہ اس کا یہ ہے کہ مقصد کی سطر کو علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھیں- دوسری سطر میں حروف صوامت لکھیں- اب ایک حروف صوامت کا ایک مقصد لے کر تمام حروف کو امتزاج دے کر ایک تیسری سطر تیار کر لیں- اگر مقصد کی سطر طویل ہے تو حروف صوامت کو پھر سے شروع سے دیں اور بار بار بھی دے سکتے ہیں- حتیٰ کہ تمام سطر مقصد کے حروف ختم ہو جائیں- یہ یاد رکھیں کہ حروف صوامت اس ترتیب سے آئیں گے- جیسا کہ میں نے لکھے تھے- یعنی

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ اب ان تمام حروف کے چار چار کے کلمات بنائیں-

دردسر باندھنا ہے تو سطریوں بنائیں-

بستم دردسر دردنہ ہو-

دوسری سطر میں حروف صوامت لکھیں اور امتزاج دیں-

غرض یہ ہے کہ بے شمار مقاصد میں ان حروف سے کام لیا جا سکتا ہے- جن لوگوں نے اس سورج گرہن میں رسالہ روحانی دنیا میں دیکھ کر عمل کیا ہے وہ اجازت یافتہ ہیں- انشاء اللہ ان کے اعمال کامیاب ہوں گے- تجربہ کریں- اگر کسی وجہ سے ایک دفعہ میں اثر معلوم نہ ہو- پھر کر کے دیں- یہ لازمی ذہن میں رکھیں کہ چوبیس گھنٹہ تک اس کی

سطر امتزاج:

ب س ت م د ر د س ر د ر د ن ہ ہ و
ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ ا ح د
ا ب ح س د ت ر م س و ص ر ط د
ع س ک ر ل د م ر و د ہ ن ا ہ ح ہ د و

اب چار چار حروف کے کلمات بناؤ- **ابحس دترم سدصر طدعس کرلد مرود هناه**

اس طلسمی سطر کو لکھ کر مریض کے سر پر باندھ دو- یہ یاد رکھیں کہ اس کا اثر چوبیس گھنٹہ کے اندر ظاہر ہونا چاہئے- اگر ظاہر نہیں ہوا تو کوئی غلطی ضرور ہوئی ہے- جو لوگ ان حروف سے کام لینا چاہیں وہ ایک ڈائری رکھیں- جس میں اپنے تجربات لکھیں- غیر ضروری اور غیر شرعی امور کے لئے میں کبھی اجازت نہ دوں گا- نہ اس امر کی اجازت دوں گا کہ بات بات پر لوگوں کو زبان بندی کرو- یا ان کو سزا دو- ہاں جب معاملہ سر سے گذر جائے بے شک اپنا انتظام کرنا ہی چاہئے یہ علم کرامات سے ہے- میں بعض اوقات فارسی میں سطر لکھتا ہوں لفظ بستم سے بعض اوقات عربی میں لفظ عقد سے بعض اوقات اردو میں- بس جس طرح مجھے بندش بہتر معلوم ہوتی ہے- عمل کر گذرتا ہوں اس عمل کے طریق کار کو لکھنے کے لئے میں نے وہ تمام کاغذات تلاش کر کے نکالے ہیں- جن پر لوگوں کے کاموں کا حل تھا اور میں نے سطور قائم کی تھیں- یہ سطور آپ کے لئے لکھی جا رہی ہیں تا کہ مقصد کے لئے سطر بنانے کا طریقہ آ جائے اور وہ فہم پیدا ہو جائے- جو سطر بنانے کے لئے ضروری ہے- ذیل کے الفاظ پر غور کریں-

عقد الرجل لايمشى	عقد المسافر لايسافر	عقد الحديد لايفل
عقد الغنم لايمشى	عقد البقر و الجمل لايلد	عقد الرزع لايلد
عقد اللسان لايتكلم	عقد المركب لايفعل	عقد سماع لايسمع
عقد البلاء لايبل منه	عقد السمك لايبصر	عقد الروح لايدخل الناس فيه
عقد السارق لايسرق	عقد الناس لاتفرح	عقد السلطان لايفعل الغزو
عقد القلب لايفرح	عقد الناس لاتشرب ماء	عقدالمطر لايمطر
عقد العين لاتبصر	عقد الناس لاتتزوج	عقدالبيت لايدفل الناس فيه
عقد الاذن لاتسمع	عقد البقر لايشرب اللبن	عقد المراة لاتزنى

عقد الذکر لایقوم عقد البشر لایری فیہا الماء عقد البندر لاید خل المرکب
عقد الفرج لایجامع عقدالارض لاتنزل شی علیحا

یہ ۲۹ قسم کی بندشیں ہیں- ان میں بے شمار مقاصد آ گئے- آدمی کا باندھنا' بھیڑ بکری کا باندھنا کہ بھاگے نہ' زبان بندی' بلا' چور باندھنا چوری نہ کر سکے' قلب باندھنا فرحت نہ ملے' نظر باندھنا دیکھ نہ سکے' کان باندہنا سن نہ سکے' آدمی اور عورت کے اعضاء تناسل کو باندھنا' تلوار کو باندھنا' کھیتی کو باندھنا' مسافر کو باندہنا' جانوروں کی پیدائش باندھنا' سواری کو باندہنا' کسی کی خوش طبعی کو باندھنا' پینا باندھنا' نکاح باندھنا' دودھ باندھنا' زمین باندھنا' بادشاہ کو باندھنا کہ لڑ نہ سکے- بارش باندھنا' سماع باندھنا' روح کو باندہنا کہ کسی انسان یا گھر میں داخل نہ ہو سکے' زنا باندھنا' بندرگاہ باندہنا کہ جہاز داخل نہ ہو سکے وغیرہ وغیرہ ایسے عظیم کام ان حروف سے لئے جا سکتے ہیں جو حرف اعلیٰ اقدار کی قوت رکھنے والوں کی کرامات ہوتے ہیں اور عام مقاصد کی دوسری سطور بھی یہ ہیں جو صرف اعلیٰ اقدار کی قوت رکھنے والوں کی کرامات ہوتے ہیں

تاثیر ظاہر ہونی چاہئے-

ان اعمال کو زحل و قمر کے قران' تربیع و مقابلہ میں کیا جا سکتا ہے- یہ تمام اوقات برنی تقویم میں نظرات کے صفحے میں دیکھے جا سکتے ہیں یا ہفتہ کے دن ساعت اول میں کریں- علاوہ ازیں زبان بندی کے اعمال ساعت عطارد میں بدھ کے دن جاری چیز کو باندھنے کے عمل' مثلاً خون' احتلام' زنا' محبت وغیرہ کے اعمال قمر درعقرب میں- اور قدم' قبضہ' مکان' جائیداد' ملازمت' طلاق وغیرہ باندھنے کے عمل ساعت زحل میں کرنے چاہئے- شاید مزید اوقات سے اور بھی سہولت ہو- اعمال زبان بندی' حاسد غماز' چغلخور' زبان دراز' دست دراز کے اعمال طالع عقرب یا جدی یا دلو یا سرطان یا سنبلہ میں ۲ درجہ سے ۳ درجہ کے درمیان کرنے چاہئیں- بانجھ کرنا یا اولاد کا کنٹرول کرنا ہو تو قران آفتاب و قمر یا ہبوط قمر ہو یا مشتری جوزا کے ۲۳-۲۶ یا سنبلہ کے ۸ یا عقرب کے ۸ درجہ پر ہو اور اس وقت قران آفتاب و قمر ہو یا قمر درعقرب ہو- امساک' احتلام و سرعت انزل کے عمل قمر و مریخ میں مقابلہ یا تربیع ہو تو کریں- عقد و بستگی قوت مردانہ کے لئے طالع برج ثور ہو اور جب زہرہ برج سرطان میں ہو یا اسد کے ۱ درجہ پر ہو-

میں دوبارہ اس امر کی وضاحت کروں کہ یہ علم کرامات میں دخل رکھتا ہے- تمام ضرورت مندوں کو فائدہ پہنچائیں- اگر اثر ظاہر نہ ہو تو بھی عمل سے ہاتھ نہ ہٹائیں- بار بار کریں- ایک وقت آئے گا کہ تاثیر ظاہر ہو گی اور فوری طور پر اثر ظاہر ہو گا- جب اثر ظاہر ہو گیا تو سمجھ لیں کہ کاش البرنی کے ایک عمل کے وارث آپ بن گئے-

ذالك فضل اللّٰه من يشا - واللّٰه ذوالفضل العظيم

قدیم علوم کا سائنٹیفک نظریہ
ان کے ذاتی تجربات اور اصل حقائق واثرات
سعادت ونحوست کا حساب، حیرت وتجسس پر مبنی ناول

ناشون

تحریر: شازلی سعید مغل

برصغیر میں علمِ تسخیر کے بانی حضرت کاش البرنیؒ کی
عاملیت وکاملیت، روحانیت، محبت، تصوف اور دوسری دنیا
کے تجربات ومشاہدات پُراسراریت کے نت نئے راز کھولتا ایک
سحر انگیز ناول جس کے مرکزی کردار حضرت کاش البرنیؒ ''بنام''
''ناشون'' ہیں

۴۵۰ صفحات
قیمت: ۵۰۰ روپے
Postage Rs: 50

اپنا آڈر ان نمبروں پر بک کروائیں
021-34949944
021-32018699
0333-7202964
یا قریبی بکسٹال سے خرید فرمائیں

ابھی رابطہ کر کے اپنی کاپی بک کروائیں یا اپنے قریبی بکسٹال پر اپنا آڈر بک کروائیں۔
Auraq Publishers, Ibrahim market, PIB Colony, Karachi 74800

تثلیث زہرہ و مریخ

۱۸ جنوری کو رات ۹ بجکر ۵۰ منٹ اس تثلیث کا عین وقت ہے- لہذا مریخ یا زہرہ کی ساعت میں کام کریں- ان دونوں ساعتوں میں سے کسی ساعت کا انتخاب کر سکتے ہیں-

اگر میاں بیوی میں ناچاقی ہے یا تسخیر حاکم مطلوب ہے- یا اولاد اور ماں باپ میں ناراضگی ہے تو یوں کریں کہ ایک علیحدہ جگہ میں صاف لباس پہن کر قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائیں اور بخور لوبان صندل کا روشن کریں- ایک سفید کاغذ پر ۸۱ نقش زعفران سے لکھیں اور تمام کاغذ کی بڑی سی بتی بنالیں- اس کے گرد مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹ لیں اور تانبے یا مٹی کے چراغ میں شہد اور روغن گاؤ ملا کر فتیلہ جلائیں- چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی طرف رکھیں اور خود سامنے بیٹھ کر اگیاسی مرتبہ ذیل کی عزیمت پڑھیں-

فلاں بن فلاں (نام مطلوب معہ والدہ) کو فوراً حاضر کرو اور مطیع کرو- یا سر جمائیل بحق فا-

جب تعداد پوری ہو جائے تو بتی کو گل کر دیں- دوسرے دن پھر اس ساعت میں بتی روشن کریں اور عمل شروع کریں- اسی طرح نو دن میں بتی ختم کرنا ہے- آخری دن جس طرح ہو سکے- بتی ختم کر دیں- اس دوران اگر گھی ختم ہو جائے تو اور ڈال لیں- بخور صندل ولوبان کا روشن کریں- نو دن گزریں گے کہ پتھر سے پتھر دل بھی موم ہو جائے گا- کیسا ہی دشمن ہو دوست بن جائے گا اور آپ کے مطالبات کے سامنے سر تسلیم خم کر دے گا- نقش یہ ہے-

۷۸۶

۲۰	۲۳	۲۶	۱۲
۲۵	۱۳	۱۹	۲۴
۱۴	۲۸	۲۱	۱۸
۲۲	۱۷	۱۵	۲۷

المسخر القلب فلاں بن فلاں (مطلوب) فی حب فلاں بن فلاں (طالب)

نقش کو ۱۲ سے شروع کر کے ۲۶ پر ختم کر دیں- یعنی جس خانہ میں جو ہندسہ ہے اسے لکھیں- لیکن ترتیب وار مثلاً ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵ وغیرہ کر کے ۲۸ تک پر کر دیں- بغیر چال کے نقش کام نہ کرے گا-

ضرور مند محنت کریں پھر معلوم ہو گا اس کا صلہ کیا ہے-

رموز الجفر

حروف، عناصر، اسمائے الٰہی، اعداد اور ارواح فلکی کے امزجہ سے عالم سفلی میں تصرفات کی حکمت یہ حضرت کاش البرنیؒ کے معمولات کا لاثانی خزانہ ہے- جس کے اعمال متعدد مرتبہ تجربہ کی میزان پر تلے ہوئے ہیں، اس علم جفر کے صدیوں کے سربستہ رازوں کا انکشاف کیا گیا ہے، نقاط جفر کی تشریح کے ساتھ ساتھ اعمال کے فہم و تفہیم کے لئے مثالیں دی گئی ہیں- حصول خواہشات اور مراد براری کے وہ موثر قواعد بیان کئے گئے ہیں- جو بمنزلہ تاثیر کے طلسم سے بھی عظیم تر ہیں- ان میں کسی چلہ کشی کی ضرورت نہیں، محض وقت اور ترکیب سے ہی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے-

اس میں ۹ ابواب ہیں جن میں ۱۳۵ تیر بہدف عملیات ہیں-

باب اول اسمائے اللہ الحسنیٰ اور ان کے اعمال کا طریقہ-

باب دوم حل المشکلات و طلب حاجات کے خاص قواعد-

باب سوم حب و تسخیر و حاضری مطلوب کے تکسیری راز-

باب چہارم بغض عداوت، اخراج و بیماری دشمن کے موثر اعمال-

باب پنجم حصول رزق، کشائش، علوئے مرتبت و اسباب کار کے ذرائع-

باب ششم تسخیر حکام، تسخیر خلق، تحفظ غضب حاکم کے خاص اعمال-

باب ہفتم زباں بندی، راہ بندی، حفاظت، ناجائز مطالبات کی بندش وغیرہ، عقود-

باب ہشتم جملہ کواکب کے شرف، اوج و موثر نظرات کے اعمال-

باب نہم متفرقات، امراض، گریختہ، گفت خواتیم وغیرہ-

ہدیہ=/۴۲۵ روپے- محصولڈاک علاوہ

نوٹ :- صرف وہ لوگ منگوائیں جن کی ذہنی قوتیں اچھی ہوں، حساب داں ہوں اور حل کرنے کی سعی سے گریز کرنے والے نہ ہوں-

اوراق پبلشرز کراچی

آثار النجوم

جدید سائنٹفک نظریہ سے علم نجوم پر معرکتہ الآرا کتاب

قوانین نجوم کو سمجھانے کے لئے مثالی زائچے بھی دیئے گئے ہیں جس شخص کو زائچہ بنانے کی ابتدائی معلومات حاصل ہوں- وہ اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکتا ہے

حصہ دوم

یہ علم نجوم کے سلسلہ کی دوسری کتاب ہے- اس میں اس نظریہ کو آسان طریقہ سے بیان کیا گیا ہے جس سے زائچہ پیدائش سے حالات اخذ کئے جاتے ہیں- دو زائچے تشریحاً دو مختلف طریقوں سے دیئے گئے ہیں

سفید کاغذ ○ عمدہ سرورق ○ صفحات ۱۵۲

قیمت : روپے- محصولڈاک علاوہ

اوراق پبلشرز کراچی ۵

اگر آپ کا نمبر ۳ ہے

اس کا تعلق مشتری سے ہے۔ اس کی بعض اوقات علامات سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ فی الواقع اچھائی کا نشان ہے۔

چال چلن

جو لوگ ایسے نمبر کے زیر اثر ہوتے ہیں وہ خوشیوں اور غیر متزلزل یقین کے مالک ہوتے ہیں، ان کی زندگی کا اعلیٰ وارفع مقصد کسی چیز کی بنیادی خصوصیت کا پتہ چلانا ہوتا ہے یعنی ان میں تحریک، باریک بینی اور مطالعاتی حس کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کے قریب زندگی کے ساتھ پریشانیوں اور اداسیوں کا ہمیشہ ساتھ رہا ہے۔ ان کے تصورات میں ابال اور ابھار موجود ہوتا ہے۔ یہ فطرتاً زود حس واقع ہوتے ہیں۔ یہ بھی ان کی خصوصیت ہوتی ہے کہ دوسروں کو جلد متاثر کر لیتے ہیں۔ مگر خود متاثر ہونے کی علت سے نابلد ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے نمبر کے زیر اثر بعض حالات میں خود غرضی اور خود پسندی کا شدت سے شکار ہوتے ہیں۔ وہ ہر وقت اپنی من مانی کرنے کے خیالات میں گھرا رہتا ہے۔ اور اکثر اسی وجہ سے پریشان کن حالات کا شکار بھی ہو جاتا ہے۔ اکثر طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ یہ لوگ اپنی خوشی کی خاطر کامیابی حاصل کرنے کی شدت سے متمنی ہوتے ہیں۔ اور نہایت شدومد سے اس کی کوشش کرتے رہتے ہیں تاکہ وہ اپنی تمنا کی برآوری سے لطف اندوز ہو سکیں۔ ان کی زندگی رومان پرور ماحول میں اکثر بسر ہوتی ہے۔ درآمد شدہ اشیاء کو فخر سے استعمال کرنا۔ کاریں اور کوٹھیاں رکھنا۔ ان کی شان خود نوازی کا ایک اہم حصہ ہوتی ہے۔ اچھا لباس، خوش خوراک، تخیلات کے لبادے اس کی زیست کا سرگرم تصور ہوتے ہیں۔

شخصیت

اس نمبر کے زیر اثر افراد ملنسار اور کسی حد تک سیمابی خیالات اور عادات کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ ان کی فطرت ثانیہ ہوتی ہے کہ وہ مقبول عام ہوں اس لئے ہر جگہ آنا جاتا رہتا ہے۔ سیر و تفریح میں زیادہ وقت گزارتے ہیں۔ یہ لوگ چاہے مرد ہوں یا عورت اگر کسی کی دعوت کریں تو ان کا دسترخوان طرح طرح کے خوان ہائے نعمت سے بھرا ہوا ہوگا۔ اس لئے یہ خوش خوراک۔ بااسلوب فطرت کے مالک ہوتے ہیں۔ جس میں مظاہرہ فن یعنی خوراک پکانے کی ان کو کافی مہارت ہوتی ہے۔ اکثر افراد اپنے طرز کلام کی اثر انگیزی سے دوسروں کو فوراً اپنا بنا لیتے ہیں۔ اسی لئے یہ لوگ بحیثیت مہمان ہر جگہ مقبول ہوتے ہیں۔ یہ دوسروں پر انحصار نہ کرنے کے بھی عادی ہوتے ہیں اور اپنا بوجھ دوسروں کی گردن پر ڈالنے میں بھی کوئی عار نہیں سمجھتے مگر بعض حالات میں وہ اس احساس کو شدت سے جھٹک دیتے ہیں کہ ہم کسی کے لئے باعث زحمت ہیں۔ یہ لوگ بڑی زود حسی سے آنے والے وقت کا چیلنج قبول کرتے ہیں۔ اگر آپ کو اتفاق ہو تو معلوم کیجئے۔ ایسے لوگ دوسروں کو جلد اپنا ہم خیال بنا کر گرویدگی کے حلقہ میں لے آتے ہیں کیونکہ یہ بات ان کی عادت میں داخل ہوتی ہے۔ کہ دوسروں پر اچھا اثر چھوڑو۔ تاکہ وہ ہمیشہ کے لئے آپ سے متاثر رہے۔ کیونکہ ان میں کسی حد تک خوش گفتاری کا فقدان بھی پایا جاتا ہے۔ اس لئے یہ کافی حد تک اپنے حلقہ اثر کو فوراً ''بور'' کر دیتے ہیں۔ اور اپنی تنہائی میں بیحد بوریت محسوس کرتے ہیں یہ بھی ان کے تصورات کا حصہ ہے ساتھ ہی ساتھ وہ یہ بھی اعتقاد رکھتے ہیں کہ اعتماد اور خود شناسی سے کافی مسائل حل ہو جاتے ہیں۔

شادی اور محبت

اس نمبر والے حضرات بے حد محبت کرنے والے ہوتے ہیں اور فوراً کسی کی محبت میں گرفتار ہو سکتے ہیں۔ اور یہ گرفتاری ان کی دائمی ہو سکتی ہے۔ مگر ایسے حالات میں اکثر غیر شادی شدہ جلد ہی دل پھینک عاشق کی طرح مظاہرہ دل کرتا ہے جس کے نتیجے میں وہ ناگریز اور تلون مزاجی کا شکار ہو کر مشکلات میں بھی پھنس جاتا ہے اور اکثر اوقات اس کی شہرت بھی ہو جاتی ہے بعض اوقات اگر وہ ناکامی کا شکار ہو جائیں تو ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ میں نے یہ کام محض خوش اطواری اور نیک نامی کے لئے کیا۔ مگر ان کے پیش نظر اپنی ناکامی کا احساس شدت سے ہوتا ہے اگر ان کی محبت کامیاب ہو جائے تو وہ نہایت گرم جوشی کا مظاہرہ کر کے دوسرے فریق کو خوش رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ چاہے مرد ہو یا عورت اور اپنے گھر بال بچوں کی ذمہ داری کو خوش اسلوبی سے سرانجام دیتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات وہ دوسروں میں دلچسپی لیتے ہیں جس سے ان کی اپنی تو قیر ضائع ہونے کا باعث بھی ہو سکتا ہے حالانکہ شاذ و نادر ہی ایسا ہوتا ہے۔ عام طور پر وہ اپنی ازدواجی زندگی اچھی گزارتا ہے اس لئے وہ بلاوجہ کی لڑائی فساد پسند نہیں کرتا کیونکہ اس نمبر کی خصوصیات ہی ایسی ہیں کہ فوراً دوسروں کے ساتھ گھل مل جانا اس کی عین فطرت ہوتی ہے اگر اس کی شادی ۲، ۴، ۶، ۷، ۹ کی نسبت ۱، ۵، ۸ سے ہو جائے تو وہ بڑی اچھی رہتی ہے فطرتاً یہ اس طرف ہی زیادہ مائل ہوتا ہے مگر پھر بھی دوسروں کے ساتھ گھل مل سکتا ہے۔ وہ ہر نمبر والے کے ساتھ مناسب اور ٹھیک گزر کر سکتا ہے۔ اس میں کوئی قباحت ہی نہیں کہ اس میں ایسی خوبیاں دوسروں کی

مخالفانہ خصوصیات سے دب جائیں گی۔ بعض حالات میں یہ خوبیاں بھی بے اثر ہوکر رہ جاتی ہیں اس لئے اس نمبر کو چاہئے کہ شادی کے معاملے میں عجلت پسندی کی بجائے سکون قلب کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی پسندیدہ چیز کو بھی عملی مظاہرہ کا موقع دے۔

اعمال کارکردگی

اس نمبر والے افراد زندگی میں تجدیدی خیالات کے حامل ہونے کی وجہ سے بہت جلد کامیابی حاصل کرسکتے ہیں۔ ان کے لئے ہر میدان میں مواقع موجود ہے مگر ان کو کسی میدان میں عملی طور پر سرگرم عمل ہونے سے قبل سوچ کے ساتھ فیصلہ لینا چاہئے کہ کون سا میدان مناسب رہے گا۔ وہ کسی بھی شعبہ میں جلد ترقی حاصل کرسکتا ہے۔ خصوصاً وہ بحیثیت رائٹر، فوٹوگرافر، آرٹسٹ، انجینئر۔ صلاحیت گرویدگی کی وجہ سے ترقی کی منزلیں اس کے لئے آسانی سے کامیابی کے مواقع بہم پہنچا سکتی ہیں۔ دوسری طرف تعلقات عامہ، ناشر، پبلسٹی کے ذریعہ سے بھی وہ جلد مقبول عام ہوسکتا ہے۔ اس نمبر والے افراد بہت کم ڈاکٹر، وکیل ہوتے ہیں۔ اگر ہوں بھی تو شاذ ہی کامیاب ہوتے ہیں۔ کاروباری میدان میں یہ لوگ سیلز مین شپ اور کاروباری اداروں میں معلومات عامہ کے لئے بے حد مفید ثابت ہوسکتے ہیں۔ مگر دفاتر میں اپنی قابلیت کا پوری طرح مظاہرہ نہیں کرسکتے۔ نوکروں کی صورت میں یہ اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرسکتے ہیں۔ اور اپنے حلقہ میں اچھے مقام کے ملک بن سکتے ہیں۔ مگر بعض حالات میں یہ ایسا بھی نہیں کرپاتے مگر یہ کسی کلیدی عہدے پر بڑے مفید ثابت ہوتے ہیں۔ دوسروں کے خیالات اگر تعمیری ہوں تو بڑی خوشی سے قبول کرتے ہیں اور اپنے ماتحتوں سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کرتے ہیں۔ اور ان کو انعامات بھی دینے سے نہیں چوکتے۔

معاشی حالات

یہ لوگ مالی حالات میں متوازن ہوتے ہیں۔ مگر ان کے پاس اپنا روپیہ کم ہوتا ہے۔ بعض حالات میں دوسروں کے روپوؤں پر بھی گزر بسر کر لینا بُرا تصور نہیں کرتے۔ اگر ذاتی روپیہ ہو تو اس کے مصرف کا طریقہ بھی اچھا نکالتے ہیں۔ اپنے دوستوں کو تحائف دینا۔ ان کے لئے پارٹی بازی میں خرچ کرنا اپنی شان استغناء کے لئے وہ ضروری سمجھتے ہیں۔ ان کے قریب بینک میں روپیہ بے کار رکھتا ہوتا ہے۔ وہ روپیہ سے خوشیاں خریدنا اپنا بنیادی حق جانتے ہیں۔ اس لئے وہ بینک میں اپنا سرمایہ کبھی خوشی سے جمع نہیں کرتے۔ خوش قسمتی سے وہ جتنا خرچ کرتے ہیں اتنا ہی آسانی سے پیدا کر لیتے ہیں۔ ان کے نزدیک روپیہ ہاتھوں کی میل ہے۔ جو آتا جاتا رہتا ہے۔

ان والدین کے لئے جو اپنی اولاد کی تربیت، تعلیم، معاش

بچے اور ستارے

اور صحت کے سلسلہ میں تعمیری امیدیں رکھتے ہیں اور ان کی دنیاوی کامیابی کو خاندان کی سعادت اور بقاء سمجھتے ہیں۔

یہ کتاب بچوں کی تاریخ پیدائش سے چار امور کی رہنمائی کرے گی۔

۱ : اس کی تربیت کیسے کریں۔

۲ : اسے کون سی تعلیم دلائی جائے۔

۳ : اس کے لئے ملازمت کا یا کاروبار کا کونسا شعبہ خوش بختی لائے گا۔

۴ : اس کی صحت کیسے قائم رہ سکتی ہے۔

علاوہ ازیں خاندان کے اہم ریکارڈ کے لئے ۳۲ صفحات میں۔

(۱) تاریخ ہائے ولادت اولاد (۲) خاندان کے افراد کی تاریخ پیدائش (۳) شادیوں کا ریکارڈ

(۴) خاندان کے افراد (۵) اموات کا ریکارڈ

۱۵۰ صفحات ❁ خوبصورت جلد ❁ قیمت =/۲۸۰ روپے علاوہ محصول ڈاک۔

ہر گھر بلکہ ہر فرد کے لئے اس کتاب کی ضرورت ہوگی۔

اوراق پبلشرز کراچی

علم نجوم کے مبتدیوں کیلئے آسان ابتدائی کتاب

اسباق النجوم

اس وقت جس قدر کتب نجوم آپ کو ملیں گی۔ ان میں ابتدائی قواعد اس صورت میں مجموعی طور پر نہیں ملتے کہ کوئی شخص اس سے سیکھ سکے۔ پرانے اور فرسودہ طریقہ پر ہندوانہ اصطلاحوں سے بھرپور کتابیں ملیں گی۔ اس اہم کمی کو مدنظر رکھ کر ''اسباق النجوم'' کو مرتب کیا گیا ہے۔ یہ مبتدیوں کے لئے بہترین کتاب ہے۔ اس کائناتی سائنس کی تعلیم کے لئے میں نے مشرق و مغرب کے قدیم و جدید طریقوں سے کام لے کر ان اسباق کو ترتیب دیا ہے۔ ہمارے ملک میں ایک عرصہ سے ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو علم نجوم کے ابتدائی اصول و قوائد جاننے میں مدد دے۔ نہایت غور و خوض سے آسان طریقہ اختیار کیا گیا ہے واقفان نجوم کو بھی اس سے اہم اور جدید معلومات ملیں گی۔ اس میں ۲۳ مندرجہ ذیل اسباق ہیں۔

(۱) کواکب (۲) بروج (۳) دائرۃ البروج (۴) بارہ گھروں کی تفصیل (۵) تشریحات بروج (۶) بروج کے منسوبات (۷) تقسیم کواکب کا نظریہ (۸) کواکب کی خاصیتیں (۹) شمسی طالع پڑھنا (۱۰) تقویم سے کام لینا (۱۱) ارضی وقت کیا ہے (۱۲) کواکبی وقت کیا ہے (۱۳) تسویۃ البیوت (۱۴) زائچہ کا پڑھنا (۱۵) کواکب کے درجات معلوم کرنا (۱۶) جدول یومیہ اعداد متناسب (۱۷) زائچہ میں کواکب کو پر کرنا (۱۸) نظرات (۱۹) کواکب زائچہ کے گھروں میں (۲۰) احکام لگانے کا طریقہ (۲۱) پیشینگوئیاں کرنا (۲۲) آثار البیوت (۲۳) بارہ بروج کی فلاسفی اور ان کے معانی۔

قیمت =/۴۸۰ روپے* محصول ڈاک علاوہ طالع وقت کے جدید نقشے۔ جدید منسوبات اگر اس کتاب پر حاوی ہوگئے تو آثار النجوم کے حصص کو آسان سے سمجھ سکیں گے۔

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

زائچہ پیدائش میں مشتری کے احکام

■ اگر مشتری خانہ شرف میں ہوتو مولود بادشاہ و امراء کے نزدیک عزیز و نامدار ہو- عالم، نازک اندام، دانشمند، فقیہ وندیم بادشاہ یا کسی وزیر کا ہو، جج ہو، ملکیت زمین حاصل ہو- عبادت کرے تو ولی ہو-

■ اگر مشتری خانہ ہبوط میں ہوتو مولود بازی گر یا اس کی مانند ہو-

■ اگر مشتری صاحب خانہ ہوتو مولود عاقل، حافظ قرآن، دیندار، شاعر، اچھے حافظہ والا اور خوبصورت ہو-

■ اگر مشتری خانہ وبال میں ہوتو مولود ہر ایک سے انکساری کرے- وظاہرتن ہو-

■ اگر مشتری خانہ اوتاد میں ہوتو مولود دانشمند راست گو و متقی ہو-

■ اگر مشتری خانہ مائل اوتاد میں ہوتو مولود سے خویش و بیگانہ سب خوش رہیں- عزیز رکھیں، صاحب علم ہو-

■ اگر مشتری خانہ دوست میں ہوتو مولود کو سب لوگ دوست و عزیز رکھیں، نیکوکار ہو-

اگر مشتری خانہ دشمن میں ہوتو مولود سخت مزاج اور چالاک ہو-

■ اگر مشتری خداوند طالع میں واقع ہوتو مولود عاقل و عالم، دراز قد، سفید رنگ، سرخ بال، نیک مرد، اندام پر گوشت، بلغمی مزاج ہو، خوشبو سے خوش رہے- شعر و سخن، راگ ترنم رقص وغیرہ سے ذوق رکھے، دلوں میں عزیز ہو، کشادہ خوان رکھے، ہر ایک کی مہمانداری کرے، بڑے چھوٹے اس کی پرستش کریں، عابد ہو تو عبادت زیادہ کرے، ہوشیار و چالاک اور مالدار ہو-

■ اگر مشتری خانہ دوم میں ہوتو مولود مالدار قبیلہ پرور، خوش دل، عابد و متقی ہو-

■ اگر مشتری خانہ سوم میں ہوتو مولود مالدار، متمول ہو مگر بخیل ہو- اگر حاکم ہوتو رعایا سے ڈنڈ اور جرمانہ وصول کرے-

■ اگر مشتری خانہ ۴ میں ہوتو مولود خوردسالی سے ہر ایک کا دوستدار ہو، تصویر وصنعت کو پسند کرے، صاحب عزت و عالم ہو، سواری سے آسودہ رہے-

■ اگر مشتری خانہ ۵ میں ہوتو مولود کثیر الاولاد ہو، صاحب علم، دانشمند، خوبصورت، شجاع ہو، حکام کے نزدیک پسندیدہ ہو- خویش و اقارب ہمیشہ اس کی تابعداری کریں-

■ اگر مشتری خانہ ۶ میں ہوتو مولود ہر ایک کا دوست رہے، شیریں کلام ہو، جس سے دوستی و اخلاص کرے، ظاہری کرے، دل سوزی و خواہش سے نہ کرے-

■ اگر مشتری خانہ ۷ میں ہوتو مولود ہر ایک سے بہت خصوصیت رکھے، خوبصورت، گندم گوں، کریم اور مخیر ہو- ایک سے نیک نظر رکھے، دراز عمر، خوشیو کو پسند کرے، دائم جواں معلوم ہو-

■ اگر مشتری خانہ ۸ میں ہوتو مولود امیدوار مرگ ہمیشہ رہے- عقل زیادہ و مقام بہتر پائے، قبیلہ ایک ہی مقام پر رہے-

■ اگر مشتری خانہ ۹ میں ہوتو مولود طالع مند، مہربان، صاحب ہنر، عاقل و فرزانہ، ہر فن سے واقف، نافع الخلق و قبیلہ پرور ہو-

■ اگر مشتری خانہ ۱۰ میں ہوتو مولود کرم کرنے والا مالدار، سخی، بردبار، خوش شکل، طالع مند، حاکم ہو، جو کام کرے آہستہ اور تحمل سے کرے، دشمن پر غالب رہے-

■ اگر مشتری خانہ ۱۱ میں ہوتو مولود عمر دراز ہو، دین و دنیا دونوں میں بہتر، مالدار ہو، سواری ملے نوکر چاکر ہوں، سادہ دل، صاحب ہنر، عالم دین، کثیر اولاد، ہر مقام پر صاحب نصرت رہے- دشمن مغلوب رہیں، بادشاہ و امراء کے نزدیک صاحب وقار ہو-

■ اگر مشتری خانہ ۱۲ میں ہوتو مولود کاہل وجود بدکار، دائم المریض، کم عقل رہے-

■ اگر مشتری خانہ ۵، ۷، ۹، ۱۰، ۱۱ میں ہوتو نیک ہوتا ہے- باقی خانوں میں مساوی رہے-

راولپنڈی میں

رسالہ کتب اور برنی تقویم حاصل کرنے کے پتے

اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک

اسلام آباد میں

Mr. Books Pvt Ltd,
Super Market

دیپالپور میں

رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے

طاہر بک اسٹال نیوز پیپر ایجنٹ ہے-

تربیع مریخ و زحل

یہ تربیع ۲۱ جنوری کی شام ۴ بجکر ۴۶ منٹ پر ہے جن دو شخصوں میں ناجائز ملاپ ہو اور ان کا ملنا کسی کی بے عزتی یا سبب دشمنی یا جان کا خطرہ بنے اور شرعی طور پر ان دونوں کی علیحدگی لازمی ہو جائے تو ان دونوں میں نفاق، عداوت اور جدائی ڈالنے کے لئے اس وقت کی تاثیر سے کام لیا جاسکتا ہے مریخ و زحل دونوں نحس ستارے ہیں۔

طریقہ یہ ہے جو شخص عمر میں بڑا ہے اس کے نام معہ والدہ میں قابیل کے اعداد ملائیں اور جو چھوٹا ہو اس کے نام معہ والدہ میں ہابیل کے اعداد ملائیں اور تین نقش مثلث خاکی پر کریں یہ نقش ذوالکتاب ہوں ہر نقش کے دونوں طرف دو اشخاص کی تصویر بنائیں جن کی پشت تعویذ کی طرف ہو یعنی دونوں کے چہرے مخالف سمت پر ہوں۔ پھر اس کے اوپر اجہز لکھیں اور باقی تین طرف سید الشیاطین ابلیس کا نام لکھیں اب جب ہفتہ آئے تو عین دوپہر ۱۲ بجے ایک نقش دو ٹھیکریوں کے درمیان رکھ کر کسی ویران جگہ یا قبر میں دفن کر دیں اور باقی دو نقوش میں سے ایک ایک دونوں اشخاص کے گھروں یا گزرگاہ میں دفن کر دیں ان نقوش کو دفن کرنے کا دن اور وقت مقرر نہیں جب ہو سکے کر دیں لیکن دونوں کا زیادہ وقفہ نہ پڑنے دیں چند دن میں ان کے درمیان ایسی دشمنی پیدا ہوگی کے شکل دیکھنے کے روادار نہ ہوں گے نقش کالی سیاہی سے لکھیں۔ بخور رال و گوگل کا جلائیں، مثلث پر کرنے کا طریقہ یہ ہے۔

اجہز

تابش روپ قابیل	والقینا بینہم العداوہ والبغضاء الی یوم القیمہ	وجاہت طور ہابیل
۳۳۳۴	۶۷۹	۱۰۵۵
۶۸۰	۱۰۵۳	۳۳۳۵

نقش کی چال یہ ہے۔

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

مثال یہ ہے۔

(۱) تابش بن روپ اعداد = ۹۱۱
قابیل اعداد = ۱۴۳
میزان ۱۰۵۴

(۲) وجاہت بن طور اعداد = ۶۳۰
ھابیل اعداد = ۴۸
میزان ۶۷۸

خانہ نمبر ایک میں وہ اعداد پر کریں جو نمبر ا کے ناموں کے اعداد میں سے ایک کم کریں (۱۰۵۳) (مثالی نقش)

خانہ نمبر ۲ میں بجائے ۱۰۵۴ کے نام معہ والدہ معہ قابیل لکھیں اور خانہ نمبر ۳ میں ایک بڑھا کر یعنی ۱۰۵۵ لکھیں۔

خانہ نمبر ۴ میں دوسرے شخص کا نام معہ والدہ معہ ہابیل لکھ دیں ان کے اعداد ۶۷۸ نہ لکھیں خانہ نمبر ۵ میں ایک کا اضافہ کر کے ۶۷۹ لکھیں پھر خانہ ۶ میں ایک کا اضافہ کر کے ۶۸۰ لکھیں۔

خانہ نمبر ۷ میں ۳۳۳۴ خانہ ۸ میں ۳۳۳۵ اور خانہ ۹ میں آیت لکھیں۔ یہ آخری تین خانے ہر نقش میں یہی رہیں گے۔ باقی کے تبدیل ہوتے رہیں گے۔

اپنا زائچہ بنوائیں

اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف

علاؤں کی حکومت

حصہ اول

اس کتاب میں اعداد کی سائنس کے حیرت انگیز نتائج بیان کئے گئے ہیں۔ ہر شخص اپنی تاریخ پیدائش کے عدد، نام کے عدد اور دیگر مختلف اعداد کے ماتحت کام کرتا رہتا ہے۔ یہ نمبر اس کی قسمت، قوت عمل، کام، کاروبار اور تمام دنیاوی کاموں میں کیسے دخل انداز ہوتے ہیں؟ کیسے مدد کرتے ہیں؟ ان کو مفصل طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔ استخراج آسان ہیں۔ حکم لگانا آسان ہے اور تجربہ کرنا آسان ہے۔ اس میں سات باب ہیں۔

پہلا باب	اعداد اور کواکب
دوسرا باب	عدد ذات
تیسرا باب	اعداد کے تعلقات
چوتھا باب	آپ کی زندگی کے مخصوص نمبر
پانچواں باب	اعداد سے جواب برآمد کرنا
چھٹا باب	مستقبل کے حالات معلوم کرنا
ساتواں باب	اعداد کے اسرار

موافق رنگ، موافق ادویات، موافق جگہ، موافق نمبر، موافق لوگ معلوم کرنا، ملکی نتائج، مقاموں کے نتائج، مقابلہ کے نتائج، قیمتوں کے نتائج، شیئرز کے نتائج، ریس کے نتائج وغیرہ معلوم کرنا۔

ستر عنوانات میں ایسی کارآمد معلومات دی گئی ہیں۔ جو زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرتی ہیں۔ کم تعلیم یافتہ آدمی بھی پورا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

قیمت =/۴۵۰ روپے

علاوہ محصول ڈاک =/۶۵ روپے علاوہ

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

مجرب عملیات

مشکل اور پابندیوں والے عملیات تو رسالہ میں اکثر چھپتے رہتے ہیں مگر اس دفعہ میں سادہ قسم کے عملیات دے رہا ہوں تا کہ مصروف عورتیں اور مرد فائدہ اٹھا سکیں۔

توسیع وحصول رفعت وجاہ

جب کوئی شخص محتاج ہو جائے تو صبح وشام ایک سو انتیس مرتبہ یا لطیف پڑھ کر اس آیت کریمہ کو سات مرتبہ پڑھا کریں۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ انشاءاللہ غیب سے سامان رزق پیدا ہوں گے اور چند دنوں میں مالا مال ہو جائے گا۔ جو شخص چاہے میرا عہدہ بڑھے ترقی دولت و مال ہو تو مندرجہ بالا آیت کو شرف قمر میں ریشمی سفید کپڑے پر زعفران سے لکھ کر بازو میں باندھ لے۔ دولت اور منصب میں ترقی ہو۔

معزولی

اگر کوئی شخص اپنے منصب سے معزول ہو جائے اور چاہتا ہو کہ پھر بحال ہو جائے تو چاہئے کہ نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے۔ دن یا رات میں ایک بار سورۃ یوسف پڑھے پھر سو بار لا الٰہ الا اللہ سو بار۔ اللہ اکبر سو بار الحمد للہ سو بار سبحان اللہ سو بار استغفر اللہ سو بار درود شریف سو بار۔ پھر قال الملک ائتونی بہ سے المحسنین تک سو بار پڑھے۔

قرضدار

جب کوئی شخص قرضدار ہو جائے اور کوئی صورت رہائی کی نظر نہ آئے تو آیت کریمہ قل من یرزقکم من ایسماء والارض سے افلا تتقون تک رات کو ایک تسبیح پڑھا کرے تو اسباب ادائیگی قرض کے پیدا ہونگے اور پھر کبھی قرضدار اور محتاج نہ ہوگا۔ بشرطیکہ اسے پڑھتا رہے۔

مال کم بکتا ہو

جس تاجر کا مال کم بکتا ہو وہ اس مربع کو لکھ کر مال میں رکھے تو غیب سے خریدار آئیں۔ جب قمر و مشتری یا قمر و زہرہ میں سعد نظر ہو لکھے۔ نقش یہ ہے۔ اسے آتشی رفتار سے لکھیں۔

۷۸۶

فاسقبشروا	ببیعکم	الذی	بایعتم بہ
۷۴۲	۵۲۹	۱۰۵۱	۱۴۳
۵۲۸	۷۳۹	۱۴۶	۱۰۵۲
۱۴۵	۱۰۵۳	۵۲۷	۷۴۰

زبان بندی اعداء

مندرجہ ذیل مثلث کو قمر در عقرب میں لکھ کر بازو پر باندھ لیں۔ خلاف بولنے والے اور شکایات کرنے والے اور برائی کرنے والے لوگوں سے حفاظت ہوگی۔

۲۸۷

۲۱۱	۲۰۴	۲۰۹
۲۰۶	۲۰۸	۲۱۰
۲۰۷	۲۱۲	۲۰۵

تبدیلی پتہ

پتہ کی تبدیلی کی فوری اطلاع دیا کریں ورنہ رسالہ گم ہو جانے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ تبدیلی پتہ کی اطلاع کے ساتھ خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

علم النقوش پر جامع اور مستند کتاب

عامل کامل

(حصہ دوم)

علم الواح ☆ علم تکسیر اعداد ☆ وفق اعداد ☆ علم النقوش مع خواص ☆ وضع اور قواعد معہ امثال

اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی۔ جس سے یہ معلوم ہو کہ یہ علم کیسے کام کرتا ہے۔ عمل کیسے وضع کیا جاتا ہے اور کیسے مختلف مقاصد کا مخصوص نقش بنتا ہے۔

- مثلث کہاں کام کرتی ہے۔ مربع کہاں' مخمس کہاں' غرضیکہ ہر نقش کے متعلق یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مقصد کے موافق چال کونسی ہے اور نقش کونسا ہے۔
- ہر قسم کے نقش پر کرنے کے طریقے' مخصوص دور اور مخصوص مقاصد کے لئے وضعی اعداد یہ تمام طریقے کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں گے۔ یہی نقوش کے راز ہیں۔
- وہ راز جس سے نقش کے اندر اسم' آیت' مقصد اور نام طالب ومطلوب قائم ہو جائیں۔
- نقوش کے موکلات' اسمائے الٰہی' اعوان اور عزیمت بنانے کے قواعد۔
- طریقہ زکات واصلاح عدد ین۔
- مثلث' لوح سلیمانی' مثلث ہندی' مثلث دو پایہ' مربع' مخمس' مسدس' مربع' عشر' اثنا عشر' صدور صد نقوش' ان کی چالیں' خواص اور عملیات۔
- اعمال وحب وبغض' حاضری مطلوب' ترقی' سربلندی' حصول رزق' امراض وغیرہ کی الواح تیار کرنے کے طریقے' اسمائے الٰہی کی الواح اور ان کے فوائد۔
- مخصوص اوقات کے مخصوص اور سریع التاثیر درجات۔

صفحات ۲۴۰ * ابواب ۱۸ * عملیات وقواعد ۵۲۰

ہدیہ =/۵۵۰ روپے محصول ڈاک =/۶۵ روپے

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

ماہ دسمبر

نام ایام	دسمبر ۲۰۱۸ء	ربیع الاول ۱۴۴۰ھ	مکھر ۲۰۷۵ب	تقویمی نمبر	توقیعات	درجہ برج	عین وقت	شمس درجوں	مواضع قمر: برج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالت
ہفتہ	۱	۲۲	۱۶	۶	رجعت عطارد در عقرب			۱۰	میزان	۱۹:۴۸	غفرہ	۱۹:۴۸		
اتوار	۲	۲۳	۱۷	۷	زہرہ در عقرب			۱۱			زبانہ	۱۸:۲۱		
پیر	۳	۲۴	۱۸	۸				۱۲			اکلیل	۱۷:۱۳		
منگل	۴	۲۵	۱۹	۹	قمر در عقرب			۱۳	عقرب	۰۰:۵۴	قلب	۱۶:۲۲		ہبوط
بدھ	۵	۲۶	۲۰	۱				۱۴			شولہ	۱۵:۵۵		
جمعرات	۶	۲۷	۲۱	۲				۱۵	قوس	۷:۴۸	لغائم	۱۵:۴۸		طرح
جمعہ	۷	۲۸	۲۲	۳	عطارد مستقیم			۱۶			بلدہ	۱۶:۰۹	●	اجتماع
ہفتہ	۸	۲۹	۲۳	۴				۱۷	جدی	۱۷:۰۱	ذابح	۱۷:۰۱		وبال
اتوار	۹	۳۰	۲۴	۵	نیا چاند ☾			۱۸			بلعہ	۱۸:۱۷		
پیر	۱۰	ربیع الثانی	۲۵	۶	یکم ربیع الثانی ۱۴۴۰ھ			۱۹			سعود	۲۰:۰۰		
منگل	۱۱	۲	۲۶	۷				۲۰	دلو	۴:۳۹	اخبیہ	۲۲:۰۰		
بدھ	۱۲	۳	۲۷	۸	عرس شاہ جمال لاہور			۲۱						
جمعرات	۱۳	۴	۲۸	۹	عطارد در قوس، عرس مادھولال حسین لاہور			۲۲	حوت	۱۷:۳۹	مقدم	۰۰:۱۲		حضیض
جمعہ	۱۴	۵	۲۹	۱۰				۲۳			موخر	۲:۲۰		
ہفتہ	۱۵	۶	پوہ	۲				۲۴			رشا	۴:۱۴	◒	تربیع اول
اتوار	۱۶	۷	۲	۳				۲۵	حمل	۵:۴۳	شرطین	۵:۴۳		
پیر	۱۷	۸	۳	۴				۲۶			بطین	۶:۳۴		
منگل	۱۸	۹	۴	۵	شرف قمر			۲۷	ثور	۱۴:۳۶	ثریا	۶:۴۴		شرف
بدھ	۱۹	۱۰	۵	۶				۲۸			دبران	۶:۰۶		
جمعرات	۲۰	۱۱	۶	۷	گیارہویں شریف			۲۹	جوزا	۱۹:۳۳	ہقعہ	۴:۴۸		فرح
جمعہ	۲۱	۱۲	۷	۸				۳۰			ہنعہ	۲:۵۰		
ہفتہ	۲۲	۱۳	۸	۹	شمس درجدی ♑			جدی	سرطان	۲۱:۲۷	ذراعہ نثرہ	۰۰:۲۰ ۲۱:۲۷	○	ترفع استقبال
اتوار	۲۳	۱۴	۹	۱				۲			طرفہ	۱۸:۱۸		
پیر	۲۴	۱۵	۱۰	۲				۳	اسد	۲۱:۵۸	جبہہ	۵:۰۳		
منگل	۲۵	۱۶	۱۱	۳	پیدائش قائداعظمؒ کرسمس			۴			زہرہ	۱۱:۴۸		
بدھ	۲۶	۱۷	۱۲	۴				۵	سنبلہ	۲۲:۴۹	صرفہ	۸:۴۴		اوج
جمعرات	۲۷	۱۸	۱۳	۵				۶			عوا	۵:۵۴		
جمعہ	۲۸	۱۹	۱۴	۶				۷			سماک	۳:۲۴		
ہفتہ	۲۹	۲۰	۱۵	۷				۸	میزان	۱:۲۲	غفرہ زبانہ	۱:۲۲ ۲۳:۴۵	◒	تربیع دوم
اتوار	۳۰	۲۱	۱۶	۸				۹			اکلیل	۲۲:۳۸		
پیر	۳۱	۲۲	۱۷	۹	بنک ہالیڈے، قمر در عقرب			۱۰	عقرب	۶:۲۲	قلب	۲۱:۵۹		ہبوط

کیا آپ کا برج قوس ہے؟

اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

مثالی دنیا میں ۲۳ نومبر سے ۲۰ دسمبر کے دوران پیدا ہونے والے مرد و عورتیں ایسے جنگلات یا زندگی کے ایسے نئے فلسفے تلاش کریں گے جنہیں اب تک دریافت نہیں کیا جاسکا ہوگا ان میں سے اکثر خلا کا سفر کریں گے۔ جب کہ کچھ زمین یا سمندروں کی گہرائیوں میں جائیں گے۔

ہماری حقیقی دنیا تو مثالی نہیں ہے لہذا اس غیر مثالی دنیا میں قوسی افراد مساجد، کلیساؤں، قانون کی دنیا، اخبارات، ریڈیو ٹی وی اور اشاعت کے میدان میں کامیاب نظر آتے ہیں ان میں سے اکثر اپنی مہم جو اور ہفت رنگی فطرت کے اظہار کے لئے جانوروں کی نسل بڑھانے یا ان کی تربیت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جب کہ کچھ قوسی افراد بڑے اداروں میں کام کرتے ہیں اور وہاں ہنگامے کرتے ہیں جب کہ کچھ افراد موٹر سازی کی صنعت میں کام کرتے ہیں جب کہ کچھ کاروں کی ریس یا کشتی رانی کے مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہوتے ہیں اکثر ہوا باز اسی برج کی پیدائش ہوتے ہیں۔

قوسی افراد بڑے حاضر جواب اور پُرکشش شخصیت کے مالک ہوتے ہیں ان میں ایک کامیاب کاروباری کی تمام خصوصیات موجود ہوتی ہیں کچھ قوسی بااعتماد دھوکہ باز کی حیثیت سے روزی کماتے ہیں جب کہ کچھ دولت مند لیکن تنہا عورتوں کا ساتھی بن کر روزی کماتے ہیں۔

باہر کھیلے جانے والے کھیل انہیں بہت پسند آتے ہیں چنانچہ ان میں سے اکثر پیشہ ور کھلاڑی ہوتے ہیں یا کسی نہ کسی صورت میں کھیلوں کی دنیا سے منسلک ہوجاتے ہیں کچھ محض شوقیہ کھیلوں میں حصہ لیتے ہیں اور انعامات جیتے ہیں جب کہ ان میں سے اکثر روزمرہ زندگی میں انصاف پسندی کا ثبوت دیتے ہیں اور جیتنے کے ساتھ ہارنے کا حوصلہ بھی رکھتے ہیں۔

تھیٹر میں کام کرنے والے زیادہ تر افراد بھی اسی برج کی پیدائش ہوتے ہیں ڈرامے کے شوقین ہوتے ہیں اور اسٹیج پر کئی مختلف کردار ادا کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں صرف اسٹیج پر ہی نہیں بلکہ نجی زندگی میں بھی مختلف کردار ادا کرنا چاہتے ہیں لوگ جب تک سیاست اور روحانی موضوعات یا بے روزگاری میں کمی کرنے سے متعلق ان کے ذہانت سے بھرپور خیالات سے واقف نہیں ہوجاتے اس وقت تک وہ ان دلچسپ، کھلنڈرے اور مقبول قوسی افراد کو محض لاابالی انسان سمجھتے ہیں۔

دائرۃ البروج	نواں برج ہے
عرصہ پیدائش	نومبر ۲۳ تا دسمبر ۲۲ (اندازاً)
عنصر	آتشی
ماہیت	ذوجسدین
حاکم ستارہ	مشتری
برج کی علامت	تیرانداز

قوسی آدمی دوسروں کو قابو میں کرنے اور دوسروں سے عزت اور تعریف کروانے کی صلاحیت رکھتے ہیں خالص عملی اور مادی مقاصد کی ذہن میں تصویر قائم کرنے کے لئے اکثر اپنی قوت متخیلہ استعمال کرتے ہیں۔ روپیہ کمانا ان کے نزدیک زیادہ اہمیت نہیں رکھتا تاہم سٹہ بازی انعامی اسکیمیں یا فوری طور پر امیر بنانے والی اسکیمیں ان کے لئے پُرکشش ثابت ہوتی ہیں۔

کسی بھی کھیل یا منصوبے کا نتیجہ ان کے لئے اتنا کشش نہیں رکھتا جتنا کہ جوش اور ہیجان اہمیت رکھتا ہے یہی چیز انہیں ریس کورس یا جوئے خانے تک لے جاتی ہے چست کی صورت میں کچھ وقت کے لئے یہ شاہ خرچ بن جاتے ہیں لیکن ایسی حالت میں خیرات کرنا نہیں بھولتے ہیں اور اگر ہار جائیں تو اپنی حیثیت سے بڑھ کر ہارتے ہیں لیکن کسی نہ کسی طرح بڑی تباہی سے بچ جاتے ہیں اور پھر پہلے سے زیادہ عزم اور حوصلے کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور کسی دوسری اسکیم پر کام شروع کردیتے ہیں اس بار ذرا زیادہ معقولیت کے ساتھ کام کرتے ہیں لیکن اعتماد میں بالکل کوئی کمی نہیں ہوگی اور یہ یقین ہوگا کہ قسمت ان کا ساتھ دے گی۔

قوسی آدمی اپنے ساتھیوں میں، عورتوں میں، ملنے جلنے والوں میں بہت مقبول ہوتا ہے۔ اس لئے کہ وہ دیانتدار مخلص اور سب سے بڑھ کر یہ کہ قابل بھروسہ ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر اس کے بتائے ہوئے گھوڑے پر آپ نے رقم لگائی اور وہ ساتویں نمبر پر آیا اور آپ کو خاصا نقصان اٹھانا پڑا تب بھی یقین رکھیں کہ اس کا مشورہ انتہائی مخلصانہ تھا اور اس کی کوشش یہی رہی ہوگی کہ وہ ہی گھوڑا جیتے جس پر آپ کی رقم لگی ہوئی تھی قوسی آدمی جب اپنے آپ پر سے لاابالی پن کا خول اتارتا ہے اور اپنے کتے کی چھٹی حس کے متعلق گفتگو کرتا ہے یا مصری دیومالائی داستانوں میں اپنی دلچسپی کا ذکر کرتا ہے یا آپ کی علم نجوم میں دلچسپی کے متعلق گفتگو کرتا ہے تو دل موہ لیتا ہے مخفی باتوں کو جاننے کا بے حد شوقین ہوتا ہے اور اس کا ذہن جوابات کی تلاش

کے لئے ہر وقت آمادہ رہتا ہے۔

قوسی آدمی کو اپنی آزادی بے حد عزیز ہوتی ہے کوئی ملازمت اگر اس کی نقل و حرکت پر جسمانی یا ذہنی لحاظ سے پابندی عائد کرنے والی ہو تو وہ اسے چھوڑ دے گا اس میں ایک طرح کا بغاوت کا مادہ ہوتا ہے جو پابندی برداشت نہیں کرسکتا اور نتیجہ عموماً والدین' افسر' منگیتر یا بیوی کے ساتھ اختلاف یا تصادم کی صورت میں نکلتا ہے۔

وہ عورت جو قوسی آدمی کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوجائے وہ بڑی خوش قسمت ہوتی ہے اپنی محبوبہ منگیتر یا بیوی کے متعلق اپنی محبت کا اظہار اکثر اور بڑی شدت سے کرتا ہے۔ موقع شناسی اس میں بالکل نہیں ہوتی اس لئے وہ بڑی صاف گوئی سے کھانے میں نمک کی زیادتی یا بیوی کی بہترین اور پسندیدہ سہیلی کی بُرائی کردے گا لیکن اس کی پالتو بلی کے متعلق باتیں بڑی توجہ سے سنے گا۔

ایک چیز جسے وہ قطعی برداشت نہیں کرسکتا وہ ہے روک ٹوک اور سوال جواب یہ چیز اس کی آزاد اور خود مختار روح کے لئے آزمائش ہوتی ہے جب شادی کا معاملہ آتا ہے تو اپنی منگیتر کے ساتھ مل کر بڑی جوش کے ساتھ شادی کا سارا منصوبہ بنائے گا اور مہینہ بھی طے ہوجائے گا لیکن جب شادی کا وقت قریب آتا ہے تو وہ خوفزدہ ہوجاتا ہے۔

شادی اس کے نزدیک ایک طرح سے اپنے آپ کو رہن رکھنے کے مترادف ہے کیونکہ پھر اس کا مستقل گھر ہوگا جس کے رنگ و روغن صفائی ستھرائی اور مرمت کا خیال رکھنا پڑے گا۔ پابندی سے دفتر سے سیدھا گھر آنا پڑیگا اور خدانہ کرے اس کی آوارہ گردی کا خاتمہ بھی ہوسکتا ہے یہی چیز اس کے لئے تکلیف دہ ہوتی ہے اس لئے کہ وہ سفر کا بے حد شوقین ہوتا ہے۔ سفر خواہ قریب کا ہو یا دور کا اس کی زندگی ہوتا ہے۔ کیونکہ اس قرح اسے غیر متوقع ملاقاتوں اور نئے نئے لوگوں سے ملنے کا موقع ملتا ہے جو بعض دفعہ اسے بہت سی معلومات دے جاتے ہیں۔ بعض دفعہ اگرچہ کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا لیکن وہ اس مہم جوئی کا شوقین ہوتا ہے اور شادی ان تمام تجربات اور مہمات کا خاتمہ بھی کرسکتی ہے یہی چیز اس کے لئے فکرمندی لاتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ قوسی افراد کی محبت کے معاملات یا شادی کا انجام علیحدگی ہوتا ہے بعض قوسی افراد ساری زندگی شادی نہیں کرتے اور انہیں زندگی میں کسی کمی کا احساس بھی نہیں ہوتا کیونکہ وقتاً فوقتاً نئے ساتھی ان کی زندگی میں داخل ہوتے رہتے ہیں بعض قوسی افراد دو یا تین بار شادی کرتے ہیں لیکن ان کی بیویاں یہاں تک سابقہ بیویاں بھی ان کا ذکر بڑی محبت سے کرتی ہیں۔

کچھ قوسی افراد ایک ہی شادی کرتے ہیں اور یہی شادی چلتی رہتی ہے انہیں کم و بیش وفادار کہا جاسکتا ہے مکمل وفادار نہیں کہہ سکتے کیونکہ وہ وقتاً فوقتاً دوسری عورتوں میں تھوڑی بہت دلچسپی لیتے رہتے ہیں مثالی قوسی آدمی کے ساتھ صرف وہی عورت گزارا کرسکتی ہے جو کشادہ ذہن کی مالک ہو اور قوت برداشت رکھتی ہو دنیاوی طور پر قوسی آدمی وفادار اور مخلص ہوتا ہے تاہم اسے ذاتی آزادی کی بھی ضرورت ہوتی ہے اگر کوئی عورت اسے یہ فراہم کرسکے اور جب قوسی آدمی اس کے پکائے ہوئے کھانوں میں سے نقص نکالے یا سڑک سے گزرنے والی ہر عورت کی طرف مسکرا کر دیکھے تو وہ اسے برداشت کرے تو وہ ہمیشہ اسکا رہے گا۔ ایسی باتوں کو نظر انداز کرکے وہ ایک ایسا شوہر پالے گی جو اس کی باتوں کو ہمیشہ بڑی توجہ سے سنا کرے گا اور اپنی زندہ دلی سے شادی شدہ زندگی میں جگمگاہٹ پیدا کرتا رہے گا۔

قوسی لڑکی

قوسی لڑکی بڑی ملنسار ہوتی ہے جو بیرون خانہ سرگرمیوں کے دوران آدمیوں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے یہ اکیلی نظر آنے کی بجائے اکثر آدمیوں کے درمیان گھری ہوئی نظر آتی ہے آدمیوں کی اس دنیا میں وہ اپنے آپ کو بالکل اجنبی محسوس نہیں کرتی اسکول میں پڑھنے والے لڑکے سے جس آسانی سے گفتگو کرلیتے ہے اسی آسانی سے ایک عالم سے بھی گفتگو کرسکتی ہے۔

لوگوں کے نام پتے خوب یاد رکھتی ہے۔ آدمی محسوس کرتے ہیں کہ وہ اسپر بھروسہ کرسکتے ہیں اور اپنی راز کی باتیں اسے بتاسکتے ہیں اور ایسا کرتے بھی ہیں۔

لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ایک اچھی کھلاڑی ہے اور دفتر میں ایک اچھی کارکن ہے لیکن اندرونی طور پر وہ اتنی مضبوط ہوتی ہے کہ اس کا مقابلہ کرنا مشکل ہوتا ہے آسانی سے ہمت نہیں ہارتی اور بے حد خود مختار ہوتی ہے اپنے ذاتی ضابطہ اخلاق کے مطابق اپنے رویے میں فوری تبدیلی اور جرم کے

اعتراف کیلئے تیار رہتی ہے اکثر و بیشتر محبت میں گرفتار ہوتی رہتی ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ محض جذبات میں آ کر شادی کر لیتی ہے۔

قوسی آدمی کی طرح قوسی لڑکی بھی بنیادی طور پر آزادی پسند ہوتی ہے اور اس کے حصول کی ہر ممکن کوشش کرتی ہے ایک خوبصورت گھر' ناشتے کی میز پر ہر روز ایک ہی چہرہ دیکھنا' خریداری' گھر کی صفائی' کھانا پکانا اس کے خیال کے مطابق یہ تمام چیزیں محض معمولی نوعیت کی خوشیاں ہیں' اکثر ایسا ہوتا ہے کہ محبت میں گرفتار ہونے کے چند ہفتوں یا مہینوں بعد اسے احساس ہوتا ہے کہ اسے اس شخص سے نہیں بلکہ دوسرے سے محبت ہے۔ چنانچہ وہ خود اسے چھوڑ دیتی ہے یا دوسرا شخص اسے چھوڑ جاتا ہے۔ اس لئے کہ دونوں میں سے ایک کو یا دونوں کو یہ احساس ہو جاتا ہے کہ ان کے درمیان صرف معمولی سے محبت تھی اور بس۔

اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ سنگدل ہے اگرچہ بعض اوقات اسے سرد مزاج کہا جاتا ہے وہ آدمی جس کے ساتھ اس کی شادی ہوتی ہے وہ اچھی طرح جانتا ہے کہ وہ سونے کا دل رکھتی ہے اور آج تک جتنے لوگ اس کی زندگی میں آئے وہ اتنے مضبوط نہیں تھے کہ اسے اپنے ساتھ باندھ کر رکھ سکتے۔ قوسی لڑکی کے لئے موزوں شریک حیات وہ ہوتا ہے جو خود مختار ہوتا ہے اور قوسی لڑکی کے مہم جوئی کے احساس' اس کی خوش امیدی اور شاندار مستقبل پر اس کے یقین کو سراہتا ہے اور اس کی عزت کرتا ہے قوسی لڑکی ٹوٹے ہوئے برتنوں پر ہنس سکتی ہے شوہر کی پریشانیوں کو دور کرنے کا طریقہ جانتی ہے اور اس کے دل میں بھی یہ یقین پیدا کر دیتے ہیں کہ کل یا پرسوں وہ دونوں دوبارہ پہلے کی طرح خوش و خرم ہوں گے۔

برقی فیتہ

یہ فیتہ صرف بچوں کے لئے ہے۔ اس کو گلے میں ڈالنے سے بچوں کے دانت بغیر کسی مشکل اور تکلیف کے نکلتے ہیں۔ ہدیہ 150 روپے محصول ڈاک ۵۵ روپے

حل المشکلات

پانچ وقت پابند صلوٰۃ ہو کر ہر نماز کے بعد تین سو ساٹھ بار یہ آیت جو سورۃ یوسف کے اندر ہے۔ حفظ کر کے پڑھا کریں اور اکتالیس دن تک چلہ پورا کریں۔ آیت یہ ہے۔

فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ
حَاشَ لِلّٰهِ مَا هَـٰذَا بَشَرًا إِنْ هَـٰذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ

بعد جلد کے ایک وقت مقرر کر کے ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کریں تاکہ خلہ قائم رہے۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ہمیشہ رکھیں۔ اب جب بھی کوئی مشکل آئے یا آڑا وقت آ جائے۔ رات کو آیت یوسفی ۳۶۰ بار پڑھ کر دعا مانگا کریں۔ چند دنوں میں ہی اس مشکل سے نکل جائیں گے۔ یہ ایک حرہ ہے ہر شخص کو اس کا عمل ہونا چاہئے۔ وقت خراب آتے دیر نہیں لگتی۔ یہ عمل خاندان شاذلیہ کا ہے۔ مگر اس کا ورد پیران پیر دستگیر محبوب سبحانی محی الدین سید عبدالقادر گیلانی نے اس عمل کو دائمی کیا اور زمانہ غوثیت میں تمام مشائخ طریقت پر اظہار کیا بلکہ فتوح غیب کا عمل بخش دیا۔ یہ ختم دربار غوثیہ میں اب بھی جاری ہے۔ عوام الناس کے لئے لازم ہے کہ جب مشکل پیش آئے تو ایک نشست میں گیارہ سو گیارہ بار پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ قبول ہوگی۔ من بندہ کو یہ عنایت نامہ پیر صاحب سید ابراہیم۔ نقیب صدر نشین ادب گیلانی بغداد عراق سے موصول ہوا۔ اور اب برادران روحانی دنیا کو یہ تحفہ پیش کرتا ہوں۔

برنی تقویم ۲۰۱۹ء کے لیے اپنا آڈر بک کروائیں

۲۰۱۹ء

ہمارے لئے کیا لا رہا ہے

ہر شخص کے حالات

۳۶۵ دنوں کے اثرات۔ جو روزانہ زندگی میں کام دیتے ہیں۔

ستاروں کی روزانہ حرکات' درجات اور نظرات

ماہ دسمبر کیسا گزرے گا؟

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل۔ستارہ مریخ

حروف:- ا۔ل ۔ع ۔ی

پیدائش:- مارچ ۲۱ تا اپریل ۲۰

اس ماہ کام میں سستی آئے گی۔ رشتے داری' شراکت داری میں کئی رشتے اپنی اصل نوعیت کھو دیں گے۔ بہت پرکشش آفرلیں گی۔ یہ ماہ آپ کی زندگی میں اہم موڑ ثابت ہوگا۔

مریخ زائچے کے بارہویں گھر میں موجود ہو گا۔ بعض اوقات غیر معمولی نوعیت کی سیاسی تبدیلیوں اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا ۔ان دنوں لوگوں سے تکرار اور جھگڑے کا بھی خطرہ ہے-وہ افراد جو کاروباری' سیاسی' ملازمت یا فلاحی انجمن یا ادارے سے منسلک ہیں انہیں مشکل حالات اور مخالفتوں سے واسطہ پڑے گا۔ میکینکل اور ٹیکنیکل کام بہتر انجام پاسکیں گے۔ اگر اندر ہی اندر اختلاف اور غلط فہمیاں پریشان کر رہی ہیں تو انہیں دور کرنے کے لئے سعد تاریخیں موافق ثابت ہونگی- آپ کو حکمت عملی اور بے حد سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوگا- کیونکہ کوائکی رجحانات بے حد دھماکہ خیز صورت کی نشاندہی کر رہے ہیں-- تاہم ۴'۹'۱۵'۲۰'۲۴ تاریخیں پریشان کن قسم کے قریبی افراد سے نبٹنے کے لئے موافق ثابت ہونگی -مریخ ۷'۲۲'۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا-ان غیر موافق تاریخوں میں وہ افراد جن کی اپنی سواری ہے اور خود ہی چلاتے ہیں انہیں بے حد محتاط رہنا چاہئے- ان دنوں تیز رفتاری کے نتیجے میں چالان ہوسکتا ہے- مشینری کے ٹوٹنے کا خطرہ بھی ہے-

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہو رہی ہے- شادی یا نسبت کے معاملات اس وقت بہتر ثابت ہوں گے جن لوگوں سے معاملات طے کریں گے وہ آپ کو فائدہ میں رکھیں گے- قریبی لوگوں کے لئے جو تحائف خریدیں گے یا ان سے محبت کا تعلق قائم کرنا چاہتے ہیں تو لوگ آپ کے ان جذبات کی قدر کریں گے- قریبی دوستوں کے ذریعے آپ کو فائدہ ملے گا- ایسے افراد جو وقتاً فوقتاً آپ کی مخالفت کرتے رہتے ہیں یا آپ کی ہر بات کو رد کر کے اپنی بات منوانا چاہتے ہیں تو اس وقت حکمت عملی سے کام لیں تاکہ تعلقات کو بہتر بنایا جاسکے-

عطارد زائچے کے آٹھویں گھر میں موجود رجعت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہوجائے گا اور ۱۳ تاریخ کو نویں گھر میں داخل ہوگا۔- ہر قسم کے رابطے' گفت شنید' دوستوں کے درمیان ملاقاتیں اور ذہنی سکون حاصل کرنے کے پروگرام میں تبدیلی آئے گی رابطے کا فقدان ہوگا۔ تحریری کام' لکھنے لکھانے اور پبلشنگ کے معاملات لوگوں کی عدم دستیابی کے باعث انجام نہ دے سکیں گے- ان دنوں سفر میں مشکلات اور تناؤ کی کیفیت رہے گی۔ ایسے لوگ بھی ملاقات کریں گے جو معلومات کا ذریعہ بن سکتے ہیں تاہم قابل قدر رہنمائی نہ مل سکے گی-وہ افراد جو انشورنس' ایجنٹ' معلم کے کام سے منسوب ہیں انہیں اپنی کامیابی کے لیے بہت محنت کرنی پڑے گی۔ اس ماہ ادبی محفلوں میں شرکت کریں۔ ناامیدی والے خیالات کے ذریعے پریشانی میں مبتلا ہوسکتے ہیں - عطارد ۱'۶'۱۱'۱۶' ۲۵'۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا-

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا- یہ وقت کاروبار کو ترقی دینے' معاہدات اور سرمایہ کاری کے نئے راستے تلاش کرنے میں معاون ثابت ہو گا- حالات میں تبدیلی اور ذہنی سوچ میں وسعت پیدا ہوگی- اہم افراد کے ساتھ ملاقاتیں کریں تاکہ کاروباری معاہدات میں ان سے تعاون حاصل ہو- وہ افراد جو آرٹسٹک کاموں کا رجحان رکھتے ہیں-ان کے ذریعے جدت پسندی والے کاموں کو متعارف کروائیں اور ایڈورٹائزنگ کے ذریعے اپنی اشیاء

کی بہتر طریقے سے مارکیٹنگ کریں۔ اس دن خانگی تعلقات اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ نئی اسکیم کو وجود میں لائیں اور اہم معاملات طے کریں۔

زہرہ ۳ تاریخ کو آٹھویں گھر میں موجود ہوگا۔ یہ زائچے کے اس گھر میں ہوگا جس کا تعلق شراکتی معاملات اور مالی معاملات سے ہے۔ اس ماہ مالی معاہدات پر زبردست دباؤ پڑے گا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ زیادہ تر افراد اپنے ذرائع آمدنی کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے۔ جائیداد کے معاملات کے لئے بھی یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔ چنانچہ اگر آپ گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں یا بہتر گھر کی تلاش میں ہیں تو اس سعد وقت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے قطعی قدم اٹھائیں۔ وہ افراد جو شادی شدہ ہیں یا جو کاروباری شراکت رکھتے ہیں ان کے لئے یہ وقت خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔ امکان ہے کہ آپ کو کسی قریبی شخص کی خوش بختی کے نتیجے میں مالی فائدہ ملے۔ حالات جو بھی ہوں بہرحال ۴، ۹، ۱۴، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو زہرہ سعد نظرات کے تحت ہوگا آپ کو کسی ایسی بات کا علم ہوگا جس سے آپ کو فائدہ پہنچے گا۔ وہ مافراد جن کی شریک زندگی سے کچھ عرصے سے علیحدگی ہے تو ان کے دوبارہ ملاپ کا زبردست امکان ہے کچھ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوجائے گا۔

اس ماہ کاروباری معاملات میں محتاط رہنا ہو گا۔ دوست ہمدرد ہونگے۔ نئی خواہشات اور خوشی کے لیے اخراجات کریں گے۔ دشمنی اور صحت کی خرابی آسکتی ہے۔

ستارہ زہرہ ۳ تاریخ کو طالع کے مقابل موجود ہوگا۔ اس گھر کا تعلق ہر قسم کی شراکتی معاملات اور قریبی تعلقات سے ہے۔ چنانچہ یہ وقت محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے یا جن کی زندگی میں خوشی آنے والی ہے ان کے لئے یہ وقت خوشیاں دے گا اس وقت محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تمام بندھن مزید مضبوط ہو جائیں گے۔ اگر کسی بھی معاملے میں مسائل کا سامنا ہے تو ان کے حل کے لئے ۴، ۹، ۱۴، ۲۳، ۲۸ تاریخ کا انتخاب کریں کیونکہ ان دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ زہرہ کی موجودگی ہر قسم کی گفت شنید اور بحث مباحثے کے لئے موافق ثابت ہوگی ایسے معاملات جس میں کچھ لو اور کچھ دو کا معاملہ ہوتا ہے اس میں زہرہ موافقت میں ہوگا۔ کاروباری معاملے کو حکمت عملی سے کام لیں اور بڑے ڈپلومیٹک انداز میں معاہدہ کریں ویسے لوگوں کو ہم رائے بنانا اور ان کا دل جیتنا اتنا مشکل نہ ہوگا۔ مالی لحاظ سے یہ ماہ آپ اور آپ کے شریک دونوں کے لئے موافق ثابت ہوگا۔

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہو رہی ہے۔ کیریئر، جاہ طلبی اور ملازمت کے سلسلے میں ایسے لوگوں سے واسطہ پڑے گا جو آپ کے لیے مددگار ثابت ہونگے۔ ہوسکتا ہے کوئی آپ کے کام اور روزگار میں مشکلات پیدا کرے یا ہوسکتا ہے کہ آپ کی ترقی کو روک دے۔ اس وقت آپ کے خیالات بے حد بے ترتیب ہوں گے سنجیدگی کے ساتھ کام پر توجہ دیں اور ایسے کام کرنے کی طرف زیادہ متوجہ ہوں گے جس میں روپیہ کا حصول آسان ہو۔ اپنی آمدنی کے ذرائع کو خفیہ رکھنا چاہیں گے۔ فلاحی کاموں کے سلسلے میں جن لوگوں سے رابطہ کریں گے وہ ضرور تعاون کریں گے۔

عطارد زائچے کے ساتویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا اور ۱۳ تاریخ کو آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس دوران دوستی اور شراکتی اور تمام قریبی تعلقات پر دباؤ ڈالے گا۔ دوسروں کے ساتھ رابطے میں مشکلات آئیں گی۔ اس ماہ ضرورت سے زیادہ کاروباری معاملات میں رکاوٹ آئیں گی۔ لوگ صرف اپنے مطلب کے لیے آپ کی خوشامد کریں گے۔ کاروباری ذہنیت رکھنے والے افراد کے لئے یہ ماہ آمد و رفت کے لحاظ سے سست واقع ہوگا۔ تعلقات بنانے اور اہم معاہدات پر دستخط کرنے اور نئے خیالات پر عمل کرنے کے لئے غیر موافق ثابت ہوگا۔ ان تمام معاملات کے لئے ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۳۰ تاریخ بہتر ثابت ہوگی۔ ان تاریخوں میں اہم خطوط لکھنے، نشر و اشاعت، سیر و تفریح کی سرگرمیاں اور تجارتی معاملات کو بہتر کرنے کے لئے بھی یہ تاریخیں مفید ثابت ہونگی۔ تاہم ۱۳، ۲۱، ۲۸ تاریخ دوسروں کے ساتھ تعلقات اور معاملات طے کرنے کے لحاظ سے بے حد احتیاط کی متقاضی ہے۔

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ ان افراد کو فائدہ ملے گا جو ٹریڈنگ کا کام یا مارکیٹ تھوک اشیاء میں سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ میڈسن، ہسپتال سے متعلقہ ادویات یا مشینری میں سرمایہ کاری فائدہ مند رہے گی۔ خفیہ سرمایہ کی منتقلی یا اس رقم پر منافع دینا بھی فائدہ دے گا۔ وہ کاروباری افراد جو اس ماہ شیئرز یا بانڈز خرید رہے ہیں انہیں بہتر مالی منافع حاصل ہونے کی توقع ہے۔ بارسوخ افراد سے ملاقات ان سے تعاون حاصل کرنا آسان ہوگا۔ بیرون ملک کا سفر بہتر رہے گا۔

مریخ زائچے کے گیارہویں گھر میں موجود ہوگا۔ چنانچہ اس ماہ دوسروں کے تعاون سے اور ایک دوسرے پر اثر انداز ہو کر بہت کچھ حاصل کر سکیں گے وہ خاص مقاصد جن کی وجہ سے آپ کلبوں، گروپوں یا سماجی اور معاشرتی سرگرمیوں سے منسلک ہیں تو ان کی وجہ سے یہ ماہ ترقی پذیر اور سرگرم ثابت ہوگا۔ اس ماہ کسی ادارے یا کلب کا ممبر بن کے یا گروہی سرگرمیوں میں شرکت کر کے اور اپنے سماجی اور کاروباری حلقے کو وسعت دے کر بہت کچھ حاصل کر سکیں گے وہ افراد جو سیر و تفریح اور دور دراز مقامات میں بہت دلچسپی لیتے ہیں اس ماہ انہیں ان جگہوں پر جانے کا موقع ملے گا جس سے ان میں ایک نیا جوش و جذبہ پیدا ہوگا۔ مثبت اقدامات کرنے کا موقع ملے گا۔ جرات مندانہ قدم اٹھاتے ہوئے بالکل نہیں گھبرانہ چاہئے۔ ان تمام معاملات کے لئے ۴، ۹، ۱۵، ۲۰، ۲۴ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ تاہم یہ بات ذہن میں رہے کہ کواکب کے اثرات کا سامنا کرنا آسان نہیں ہوتا ہے۔ ۷، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت یہ عموماً اختلاف اور لڑائی جھگڑے کی نشاندہی کرتے ہیں۔

برج جوزا۔ستارہ عطارد

حروف:- ک۔ق

پیدائش:- مئی ۲۲ تا جون ۲۱

اس ماہ دوستوں اور ہمدرد لوگوں سے نقصان ملے گا یا پھر اپنی خواہشات کو پورا کرنے میں کوئی بڑا قدم اٹھائیں گے جس کے نتائج زندگی کو بدل دیں گے۔

عطارد چھٹے گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا اور ۱۳ تاریخ کو طالع کے مقابل آ جائے گا۔شروع دنوں میں ان دنوں شریک کار، سسرالی رشتہ دار، دوست اور دفتر میں تعلقات او رکام سے متعلق مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے اس ماہ کچھ غلطیاں جوانجانے میں کر بیٹھے بہت بڑے نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔روزمرہ کے کام انجام دیں اور لوگوں سے ملنساری سے پیش آئیں۔معمولی بات پر کام کرنے والوں سے جھگڑا ہوگا یا دفتر میں کوئی ہنگامہ یا تصادم ہوگا شاید اس کی وجہ سے روزمرہ کے معمولات گھرے رہنا۔اب مجبوراً کوئی تبدیلی لانی پڑے گی۔عطارد کے مستقیم ہوجانے کے بعد شریک زندگی اور قریبی لوگوں کے ساتھ میل ملاقات میں بہتری آئے گی۔کچھ وقت گھر میں گزارنا چاہیں گے اور آنے والے دنوں کے لئے سوچ و بچار کریں۔گھر اور گھریلو امور میں ہم آہنگی دیکھنے میں آئے گی۔عطارد ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا ان دنوں رابطے اور سفر میں بہتری ملے گی۔

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہورہی ہے۔اس وقت آپ کے ذہن میں ایسے خیالات جنم لیں گے کہ کس طرح دوسرے لوگوں سے فائدہ اٹھایا جائے۔اس وقت آپ کی تخلیقی قوتیں بڑھ جائیں گی۔ذہن میں بے شمار خیالات اور سوچیں آئیں گی اور ایسے کام کرنے کی طرف آپ کو لگائیں گی جس میں خوشامدانہ طریقہ اپنا کر اور سبز باغ دکھا کر دوسرے کو کسی نہ کسی دھوکے میں رکھا جائے۔ایسی تمام سوچیں مثبت نہ ہوں گی اور آپ کے لئے مشکلات پیدا کریں گی۔

زہرہ ۳ تاریخ کو زائچے کے چھٹے گھر میں موجود ہوگا۔ لہذا اس ماہ روزگار کی سرگرمیوں کو اہمیت حاصل رہے گی۔یہ ماہ روزگار کی سرگرمیوں کی موافقت میں ہوگا۔دوسری طرف وہ افراد جنہیں زائد کام سے واسطہ پڑا تھا ان کے بوجھ میں کمی آجائے گی کام کرنے والے افراد کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ چنانچہ اس ماہ کی ۴، ۹، ۱۴، ۲۳، ۲۸ تاریخ محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی۔ دراصل بہت سے غیر شادی شدہ افراد کے کام کا ماحول ان کی زندگی میں محبت کا عنصر لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔اس ماہ آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کی طرف رہے گی۔اگر ان دلچسپیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا ان میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں تو یہ وقت اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔سوشل زندگی میں بھی بہت سرگرمی اور جوش پیدا ہو جائے گا۔باہر جانے اور لوگوں سے ملنے، نئے دوست بنانے اور زندگی سے لطف اندوز ہونے کے زائد موقع ملے گا۔

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ خاص طور پر ان افراد کے لئے موافق ثابت ہوگا جو بینک سے قرضہ لینا چاہتے ہیں، قانونی امداد اور تحریری معاہدات کرنا چاہتے ہیں، یا کسی اسٹک شیئرز، بانڈز میں سرمایہ کاری کررہے ہیں تو اس وقت اپنے سرمایہ کو محفوظ رکھیں دوسروں کے سرمایہ کو انوسٹ کریں، زمین، مکان، کی خرید وفروخت میں حصہ لیں۔اس وقت کی خریداری آنے والے دنوں میں منافع کا باعث بنے گی۔اشیاء خرید ونوش میں سرمایہ کاری منافع بخش ثابت ہوگی۔ والدین کی جائیداد سے کاروبار کرنا چاہ رہے ہیں اور اس کو وسیع کرنے کے لیے بااختیار افراد کا تعاون بھی حاصل ہو گا۔ ذاتی کردار کی وجہ سے لوگوں میں خاص مقام حاصل کرسکیں گے۔

مریخ وتد السماء پر موجود ہوگا چونکہ یہ مالی معاملات پر بھی حکومت کرتا ہے لہذا آمدنی میں اضافے کا امکان ہے اگر آپ کا ذاتی کاروبار ہے تو یہ ماہ اثاثوں میں اضافے اور کاروبار کو وسعت دینے اور نئے راستے تلاش کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ کاروباری معاملات کو نفع بخش اور کارگزار بنیادوں پر قائم کرنے کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔مریخ چونکہ اپنے گھر میں موجود ہے لہذا جوش اور باقوت انداز سے سرگرمی موجود ہوگی۔بھرپور خود اعتمادی سے کام کے معاملات میں زیادہ آزادی چاہتے ہیں تو اب کوا کبی قوتیں آپ کی موافقت میں ہیں گذشتہ کچھ ماہ سے جو خیالات اور اسکیمیں زیرغور تھیں اب ان پر جلد ہی عملی جامہ پہنانے کا موقع مل جائے گا۔ مریخ ۴، ۹، ۱۵، ۲۰، ۲۴ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۷، ۲۲، ۲۸ تاریخوں کو محتاط رہنا ہوگا۔ کسی قریبی شخص کے ساتھ تکرار یا حادثہ ہونے کا امکان ہے۔

برج سرطان۔ستارہ قمر

حروف:- ح۔ہ

پیدائش:- جون ۲۲ تا جولائی ۲۳

اس ماہ کیریئر، کاروبار اور جاہ طلبی کے معاملات بہت اہمیت کے حامل ثابت ہونگے۔ سرطان سے متعلقہ افراد کو بے جا اخراجات سے بچنا ہوگا۔

عطارد زائچے کے پانچویں گھر میں موجود رجعت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہوجائے گا اور ۱۳ تاریخ کو چھٹے گھر میں داخل ہوگا۔ لوگوں کے ساتھ میل ملاقات رابطے اور گفت شنید میں مشکلات پیش آئیں گی۔ کاروباری امور، تحریری کام، یا تعلیمی

سرگرمیوں میں حصہ لے رہے ہیں تو کچھ غیر متوقع رکاوٹ حائل ہو جائیں گی ۔لوگوں کا کام نہ کرنا بلا جواز ہوگا' وقت ضائع ہوگا۔ نئے شعبے میں مہارت حاصل کرنے کے لیے انسٹیٹیوٹ میں داخلہ لیں تاکہ رہنمائی حاصل ہو اور لوگوں کا تعاون حاصل ہو۔ رابطے اور ملاقاتیں ضرور کریں۔ اپنی صحت کی طرف سے آگاہ رہیں۔ اعصابی کمزوری اور بے چینی سستی پیدا کرے گی۔ ساتھیوں سے بہتر تعلقات رہیں گے اور کام کے رجحان سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ نشرواشاعت یا پبلیشنگ سے متعلقہ کام میں بہتری ملے گی۔ قانونی امور یا دیگر امور کے لئے ۱'۶'۱۱'۱۶'۲۵'۳۰ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہورہی ہے۔قریبی رشتہ داروں اور دیگر دوستوں کے ساتھ تعلقات گھریلو ہوں یا کاروباری دونوں طرح احتیاط رکھنی ہوگی۔ کچھ باتیں غلط فہمی پیدا کریں گی۔ ہوسکتا ہے کہ آپس کے لین دین میں فریب یا دھوکے بازی ہو۔ اس وقت ذہنی ٹینشن بڑھ جائے گی۔ اپنی صحت کے معاملات کی طرف توجہ رکھیں۔ کام اور کاروبار کے معاملات میں مشکلات سے واسطہ پڑے گا۔ کچھ لوگ ضرورت سے زیادہ تنگ کریں گے۔ لہذا ذہنی سکون کے لئے ورزشیں اور مراقبہ کریں۔

زہرہ ۳ تاریخ کو زائچے کے پانچویں گھر میں موجود ہوگا۔ لہذا محبت کے معاملات' سوشل زندگی اور سیروتفریح سے متعلقہ معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ چنانچہ ان افراد کے لئے محبت کے معاملات بے حد موافق ثابت ہونگے۔ غیر شادی شدہ افراد کے لئے یہ وقت خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوگا۔ زہرہ ۴'۹'۱۴'۲۳'۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا اس دن اتفاقیہ ملاقاتیں دیرپا نوعیت کے تعلق کا سبب بن سکتی ہیں کیونکہ ان دونوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ اور محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تعلقات میں ہم آہنگی لائے گا۔ زہرہ ان افراد کو بھی فائدہ پہنچائے گا جو آرٹسٹک اور تخلیقی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے۔ نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے جو آپ کے ہم خیال نکلیں گے۔ وہ افراد جو تھیٹر' ڈرامے یا فلم کی دنیا سے منسلک ہیں ان کے لئے بھی یہ وقت خوش بختی لائے گا۔ اگر آپ انعامی اسکیموں یا ایسے کھیلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش بختی کی ضرورت ہوتی ہے تو مندرجہ بالا موافق تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں۔

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ان افراد کے لئے موافق ثابت ہوگا جو سرمایہ کاری اور پیشہ وارانہ معاملات طے کر رہے ہیں۔ اس وقت کاروباری ملاقاتیں یا معاہدات ہونگے ان کے بہتر نتائج حاصل ہونگے دیگر ذرائع (شیئرز' بانڈز یا انعامی اسکیموں) سے منافع کمانا چاہتے ہیں تو ان میں سرمایہ کاری کریں۔ اس وقت کاروبار کو وسیع کرنے اور بااختیار افراد کے ساتھ تعلقات بڑھانے' دعوت کا انعقاد یا عزیز رشتہ داروں کے ہاں کسی خاص تقریب میں شرکت کرنی موافق ثابت ہوگی۔ کاروبار اور مالی تحفظ حاصل کرنے کے لئے مشورے بہتر رہیں گے۔ نئی سوچ سے آگاہ ہونگے۔

مریخ زائچے کے نویں گھر میں موجود ہوگا۔ یہ آپ کے کاروباری سفر' قانونی اور آفیشل کاموں میں موجود مشکلات پر قابو پانے میں مدد دے گا۔ اس ماہ روحانی علوم سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کی بہتر نشوونما کرسکیں گے۔ اس ماہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرون ملک سفر بہتر رہے گا۔ اپنی باقوت صلاحیتوں سے فائدہ اٹھائیں۔ تاہم ان دنوں اپنے غصہ پر قابو رکھنا ہوگا۔ تعمیری کام' ٹیکنیکل اور مشینری سے متعلقہ کام میں غیر ضروری التواء سے پریشانی آسکتی ہے۔ مریخ ۴'۹'۱۵'۲۰'۲۴ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں اپنے اہم کام کو آگے بڑھا کر اور قانونی و آفیشل معاملات کو حل کرنے کے لئے مشورہ کرنا بہتر رہے گا۔ تاہم ۷'۲۲'۲۸ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔ جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

برج اسد۔ ستارہ شمس

حروف:۔ م

پیدائش:۔ جولائی ۲۴ تا اگست ۲۳

اس ماہ اسدی افراد کے لیے تعلیمی' قانونی اور گھریلو معاملات سنجیدگی اختیار کر جائیں گے۔ ضرورت سے زیادہ طاقت کا اظہار اور بے جا غرور اور خودغرضی کئی مقاصد کو برباد کرسکتی ہے۔

عطارد زائچے کے چوتھے گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا اور ۱۳ تاریخ کو پانچویں گھر میں داخل ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت سوشل ملاقاتوں، روزمرہ کے معمولات میں تبدیلی لانے اور پرانے دوستوں سے تعلقات کی تجدید کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ پانچویں گھر میں موجودگی زائد خوش بختی لائے گی۔ اگر انعامی اسکیموں' کھیلوں اور ایسے مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش قسمتی کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ وقت ان معاملات میں التواء اور پریشانی ڈالے گا۔ ۱'۶'۱۱'۱۶'۲۵'۳۰ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہوگی۔ تاہم ۱۳'۲۱'۲۸ تاریخ کو ان سرگرمیوں سے دور رہیں کیونکہ ان دنوں عطارد غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ وہ افراد جو تعلیم اور تدریسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں سستی اور کاہلی سے واسطہ پڑے گا۔ بچوں کی صحت اور بہتری سے متعلقہ تمام معاملات کی طرف توجہ دیں اگر آپ کے بچے ہیں تو اس وقت ان کی وجہ سے خوشی کا موقع ملے گا۔

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہورہی ہے۔ اس وقت کچھ قریبی لوگ آپ کو نئے آئیڈے دیں گے یا کسی کام میں شامل ہونے کی پیشکش کریں گے۔ آپ کے ذہن میں اس وقت نت نئے

خیالات تخلیقی خیالات آئیں گے اور دوسروں کو بہتر مشورہ دے سکیں گے۔ کام اور کاروبار کے لحاظ سے بھی تبدیلیاں کرنے کے موڈ میں ہوں گے۔ قریبی لوگوں کے خیالات اور ان کے الفاظ پر ضرور غور کریں تو جو غلط فہمیاں پھیلائیں جائیں گی ان سے آگاہ ہوسکیں گے۔ اپنی آمدنی کے معاملات اپنی حد تک رکھیں۔

زہرہ ۳ تاریخ کو زائچے کے چوتھے گھر میں موجود ہوگا۔ اس گھر پر باقوت کواکب کا دباؤ ہے۔ گھریلو اور خاندانی معاملات پر خوش قسمت اور موافق اثرات مرتب کررہے ہیں ان معاملات میں اگر حال ہی میں کوئی زبردست تبدیلی ہوئی ہے یا والدین اور بچوں کے درمیان کوئی اختلاف یا تنازعہ پیدا ہوا ہے تو اب حالات بہتر ہو جائیں گے۔ کواکبی رجحانات اس بات کی نشاندہی کررہے ہیں کہ اکثر افراد موجودہ رہائش کو بہتر بنانے یا گھر تبدیل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کریں گے۔ گھر کی ازسرنو آرائش اور گھر میں چند نئی اشیائے تعیشات کے اضافہ سے ماحول کو بہتر بنا سکیں گے۔ اس ماہ جائیداد کے لین دین کے معاملات خوش اسلوبی سے انجام پاجائیں گے اور وہ افراد جو گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کے لئے بہتر جگہ کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ بہتر ثابت ہوگا۔ گھریلو معاملات اور جائیداد کے معاملات کے لئے اس ماہ کی ۴، ۹، ۱۴، ۲۳، ۲۸ تاریخ موافق ثابت ہو گی۔

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ خاص طور پر سرمایہ کاری سے متعلق معاہدات، اعلیٰ طبقہ کے لوگوں میں اپنے آپ کو متعارف کروائیں، سماجی سرگرمیوں میں حصہ لیں اور اگر کاروبار کو وسیع کرنے کے لئے نئی اسکیم بنا رہے ہیں تو اس کے لئے عملی اقدامات بے حد فائدہ مند رہیں گے۔ قانونی اور آفیشل معاملات کے لیے مشورہ بھی کریں۔ اگر معاملہ باہمی گفت وشنید کے ذریعے حل ہو جائے تو زیادہ بہتر رہے گا۔ عالم دین سے ملاقات اور روحانی تبلیغ کے لیے نکلنا ذہنی وسعتوں کو بڑھادے گا۔

مریخ زائچے کے آٹھویں گھر میں موجود ہو گا۔ کاروباری شراکت داری اور شریک زندگی کے ساتھ مالی امور میں زائد دلچسپی لیں۔ یہ وقت جلد بازی اور اجڈ پن لاتا ہے۔ ذہنی خرابی لاتا ہے اپنی خواہشات کے حصول میں رکاوٹ کو بربادی سمجھ بیٹھتے ہیں۔ اس ماہ جو روپیہ ہاتھ آئے گا وہ جلد ہی نکل بھی جائے گا۔ خاندانی افراد اس ماہ آپ کے گھر میں رہیں گے۔ میراث اور ترکہ سے متعلق مسائل کو حل کریں گے۔ ذہنی ٹینشن دور ہوگی۔ غصہ، جھگڑا اور جلد بازی سے نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ اپنی اہم چیزوں کا خیال رکھیں گم یا چوری ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔ مریخ ۴، ۹، ۱۵، ۲۰، ۲۴ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۷، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں حادثہ یا جھگڑا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔

اپنی مخفی قوتوں کو قابو میں لانا

رجوع همزاد

ہر انسان کے ساتھ اس کا ہمزاد پیدا ہوتا ہے۔ یہ اس کا مخفی جسم ہے۔ اس کو بذریعہ عمل یا ریاضت بطن ظاہری میں لایا جاتا ہے اور پھر اس سے عامل اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لے سکتا ہے۔ اس جسم کے لئے وقت اور فاصلہ کوئی معنی نہیں رکھ سکتا۔ لہٰذا آن کی آن میں دور دراز سے خبریں لاسکتا ہے۔ وہاں سے چیزیں لانا۔ کوئی کام کرکے آجانا اس کیلئے منٹوں سیکنڈوں کا کام ہوتا ہے۔ دو شخصوں میں محبت یا دشمنی ڈالنا کسی جگہ کا نقشہ لانا۔ گم شدہ جانور یا آدمی یا دفینہ کا پتہ دینا۔ امراض کا علاج بتانا۔ پرانے واقعات کی کیفیت بہم پہنچانا اس کے لئے معمولی کام ہے۔ اس کتاب میں بیس طریقے اور عملیات ہیں۔ اپنی ہمت کے مطابق انتخاب کرکے ہمزاد قابو میں کیا جاسکتا ہے۔

(قیمت =/۲۰۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

ملتان میں رسالہ حاصل کریں

مخدوم شہید روڈ پر ملک نیوز ایجنسی

برج سنبلہ۔ ستارہ عطارد

حروف:۔ ب۔ غ

پیدائش:۔ اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

اس ماہ اہم تبدیلیاں آئیں گی۔ کچھ واقعات آپ کے ناچاہتے ہوئے بھی ہو جائیں گے۔ صحت کی وجہ سے بہت سے روپیہ خرچ ہوگا۔ جائیداد اور وراثت کے امور انتہائی سنجیدہ ہو جائیں گے۔

عطارد زائچے کے تیسرے گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا اور ۱۳ تاریخ کو چوتھے گھر میں داخل ہوگا۔ امکان ہے کہ گھر میں خلاف معمول زائد مہمان آئیں گے یا کم عمر بچے اور نوجوان بچے آپ کی روزمرہ کی سرگرمیوں میں سرگرم کردار ادا کریں گے۔ کوئی مشکل فیصلہ کرنا ہے اور کر نہیں پارہے ہیں تو والدین سے مشورہ لیں۔ گھر سے متعلقہ وہ کام جنہیں اب تک نظر انداز کرتے آئے ہیں۔ انہیں تکمیل تک پہنچانے کے لئے یہ وقت بے حد موافق ثابت ہو گا۔ اس کے علاوہ غیر ضروری چیزوں کو گھر سے نکالنے اور اس کی آرائش اور مرمت کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اگر گھر کی آرائش اور مرمت کے لئے کسی مزدور کو لا رہے ہیں تو کام عمدہ اور تیزی کے ساتھ تکمیل پاجائے گا۔ کیونکہ اس وقت عطارد گھریلو معاملات سے متعلقہ گھر میں موجود رہے گا۔ عطارد ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہٰذا گھر میں دعوت، پارٹی، قریبی افراد کے ساتھ میل ملاقات، گفت شنید، کسی زمین کی خریداری یا گھر کی تبدیلی کے لئے موافق ثابت ہوگی۔

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہورہی ہے۔ لین دین کے معاملات میں احتیاط رکھیں۔

کچھ غلط فہمیاں پیدا کی جائیں گی- کچھ لوگ جو پراسرار ہوں گے اور آپ کے لئے خفیہ دشمنی بھی پیدا کریں گے- پریشانی کی وجہ سے اعصابی مرض میں بھی مبتلا ہوسکتے ہیں- اپنی اہم دستاویزات اور چیزوں کا تحفظ کریں- انعامی اسکیموں سے بھی آپ کو فائدہ نہ ملے گا-

زہرہ ۳ تاریخ کو تیسرے گھر میں موجود ہوگا - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی رشتہ دار اس ماہ کے دوران کسی وقت سیر وتفریح اور خوشی کا موقع فراہم کرے گا- شاید کسی ایسے رشتہ دار سے ملنے کا موقع ملے گا جس سے ملاقات ہوئے کافی عرصہ ہو چکا ہو یا پھر گھر میں بہن و بھائی کی زندگی میں خوشگوار نوعیت کے واقعات وقوع پذیر ہونگے- یعنی کوئی ایسی بات ہوگی جو خوشی اور تقریب کا موقع فراہم کرے گی - اگر حال ہی میں قریبی رشتہ دار، پڑوسیوں یا قریبی افراد سے اختلافات پیدا ہوئے ہیں تو انہیں دور کرنے میں بھی زہرہ آپ کی مدد کرے گا اور ماحول میں امن وسکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد کرے گا- اختلافات اور اسی نوعیت کی دوسری مشکلات اب جلد دور ہونے لگیں گی- زہرہ ۴، ۹، ۱۴، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا- لہذا ان دنوں سیر وتفریح، کسی شادی میں شریک ہونا یا اپنے شریک کا ساتھ سفر کرنے میں یہ وقت خوشگوار رہے گا-

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا- یہ وقت پیشہ وارانہ معاملات طے کرنے، اہم طبقہ کے افراد میں اپنی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے موافق ثابت ہوگا- اس ماہ دوسروں کے سرمایہ سے کمانے کی کوشش کریں- زمین، جائیداد، گھر یا فرنیچر کی خرید و فروخت میں دوسروں کو منافع کی دلچسپی کو اجاگر کریں تاکہ جو انوسٹمنٹ ہو اس سے مالی فائدہ اٹھا سکیں- کلب، سوشل سرگرمیوں اور دوستوں کے ذریعے ان اہم افراد تک رسائی حاصل کریں جو کاروباری تعاون اور مالی مدد بھی کریں- میڈیا، اشتہارات، پبلشنگ، میڈیسن کا کاروبار اور ہسپتال سے متعلقہ مشینری کے سپلائی کے کام بہتر رہیں گے-

مریخ طالع کے مقابل موجود ہوگا- لہذا نئے تعلقات کا انجام تیزی سے منگنی اور شادی کی صورت میں نکل سکتا ہے- وہ افراد جو پہلے ہی سے شادی شدہ ہیں انہیں جذباتی سکون اور خوشی کے ساتھ ساتھ مادی اقبال مندی بھی حاصل ہوگی - کواکبی رجحانات تخلیقی اور آٹسٹک سرگرمیوں کی موافقت میں بھی ہونگی- چنانچہ اگر آپ نئے خیالات کے اظہار کے لئے وسیع میداں کے خواہاں ہیں تو اب خوش قسمت مواقع حاصل ہونے کا وقت آپہنچا ہے- وہ افراد جو بہت چمک دمک رکھنے والے پیشوں یا فلم اور تھیٹر کی دنیا میں ترقی کے خواہش مند ہیں اس ماہ کامیابی حاصل کریں گے - مریخ ۴، ۹، ۱۵، ۲۰، ۲۴ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا- تاہم مریخ طالع کے مقابل ۷، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا- چنانچہ آپ کو کسی نوعیت کی مخالفت سے سابقہ پڑے گا اگر آپ کچھ خاص لوگوں کا ساتھ دینا چاہتے ہیں جو آپ کے خیال میں حق پر ہیں تو آپ کو بہت احتیاط اور حکمت عملی سے کام لینا پڑے گا-

برج میزان - ستارہ زہرہ

حروف:- ت - ٹ - ر - ط

پیدائش:- ستمبر ۲۴ تا اکتوبر ۲۳

اس ماہ گھر اور شراکت داری کے معاملات انتہا کو پہنچ جائیں گے- آپ کی کردار کشی اور الزامات سے ذہنی وقلبی تکلیف پہنچے گی- جس کے اثرات شریک کار، شادی اور نسبت اور عوامی تعلقات پر پڑیں گے-

عطارد دوسرے گھر میں موجود رجعت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہوجائے گا اور ۱۳ تاریخ کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا- اس دوران یہ ذہنی اور کام کے لحاظ سے سست کردے گا- نئے خیالات اور نظریات غیر اہم ثابت ہونگے- آپ کی موجودہ سرگرمیوں اور دلچسپیوں میں رنگ کو پھیکا کردے گا- آپ خلاف معمول زیادہ نقل وحرکت کریں گے اور زیادہ تر وقت گھر سے باہر گزرے گا- اس وقت رسل ورسائل اور خط وکتابت آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کرے گی- اس سلسلے میں ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۳۰ تاریخ خاص طور پر اہم ثابت ہوگی- خرید وفروخت یا جزوی تبادلے وغیرہ کے لحاظ سے تسلی بخش نتائج آ سکتے ہیں- اور اگر نئی قسم کی مشینری اور محنت و وقت بچانے والے آلات کی خریداری کا ارادہ رکھتے ہیں تو گھوم پھر کر ان سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا- اگر آپ کسی کاروباری معاملے سے متعلق گفت شنید کر رہے ہیں یا اپنے اکاؤنٹ سے متعلق باخبر رہنا ہے تو عطارد آپ کے لئے بے حد مدد آور ثابت ہوگا- عطارد ۱۳، ۲۱، ۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا ان تاریخوں میں کسی بھی نئے کام یا معاملے کو آگے بڑھانے سے قبل خوب اچھی طرح سوچیں اور التواء یا مشکلات کا سامنا کرنے کے لئے تیار رہیں-

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہو رہی ہے- اس وقت آپ کی خواہشات آپ کے جذبات سے منسلک ہوجائیں گی اور آپ کی سوچیں آپ پر زیادہ اثر انداز ہوں گی اور ہر وہ کام کرنے کے لئے بے چین ہوں گے جس میں کسی بھی طریقے سے روپیہ حاصل ہو- ایسے ہی معاملات دوستوں کے ساتھ بھی ہوں گے اور ہوسکتا ہے کوئی نقصان دوستی کو ہمیشہ کے لئے ختم کردے- کیونکہ آپ کا رویہ دوسروں کے لئے بے انتہا تکلیف دے ہوگا- آپ کی اپنی ذات میں جو تبدیلی آئی ہے اس میں منفی صلاحیتیں زیادہ پروان چڑھی ہیں جس کی وجہ سے آنے والے وقت اور حالات میں تبدیلی دیکھیں-

زہرہ ۳ تاریخ کو خانہ مال میں موجود ہوگا- اس دوران آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب ہونگے- شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے- وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہم ہیں ان کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا- یہ وقت ان معاملات میں

غیر معمولی بہتری لائے گا۔ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو کسی بہت اہم شخصیت سے ملاقات کرائے گا۔ خانہ مال جس کا تعلق آمدنی اور لین دین سے متعلق ہے۔ اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور مستحکم حالت میں پائیں گے۔ یہ وقت خریداری کے لئے بہت موافق ثابت ہوگا۔ خاص طور پر کہ جب آپ فیشن کے مطابق چلنے والے ہوں یا اپنی شخصیت کو پرکشش بنانے پر روپیہ صرف کرنا چاہتے ہوں تو اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ مالی معاملات کے لئے ۴'۹'۱۴'۲۳'۲۸ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں یا جو اپنی خاص صلاحیتوں سے زیادہ نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جاہ طلب اور مہم جو ہیں تو آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے اور تسلی بخش ترقی کریں گے۔

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ یہ وقت خاندانی افراد اور دوستوں کے معاملات میں استحکام پیدا ہوگا۔ شراکت داری کے امور میں بہتری آئے گی اور کسی نئے معاہدے کی شروعات ہوگی۔ اپنی خواہشات پر کنٹرول کرنا ضروری ہوگا۔ کسی کی پسند بہت اہمیت اختیار کر جائے گی۔ خوشی اور مسرت کے لمحات حاصل ہونگے۔ شریک زندگی کے ساتھ رشتہ داروں اور دوستوں کی محفلوں میں زیادہ آنا جانا رہے گا۔ باحیثیت افراد سے تعاون حاصل کرنا، رفاغ عامہ کے کام میں حصہ لینا بھی دلچسپی میں اضافہ کرے گا۔ ترقی کے معاملات اور اولاد کی خوشی سے متعلقہ معاملات میں لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔

مریخ زائچے کے چھٹے گھر میں موجود ہوگا جس کا تعلق کام اور صحت کے معاملات سے ہے چنانچہ اس ماہ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات بہت نمایاں رہیں گے۔ لہذا بہت سے محنتی افراد کی کوئی خواہش پوری ہوجائے گی۔ اس کے علاوہ اب انہیں ماضی کی کوششوں کا اجر بھی ملے گا۔ اگر کام کرنے کی پوزیشن اچھی ہے اور دوسرے آپ کے کام سے مطمئن بھی ہیں تو ترقی یا مرتبے اور حیثیت میں اضافہ لازمی ہے۔ وہ افراد جو کاروباری ہیں یہ باقوت انداز سے ملازمین سے تعمیل کرواسکیں گے۔ موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں انہیں زیادہ محنت کرنی پڑے گی۔ ان معاملات کے لئے ۴'۹'۱۵'۲۰'۲۴ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ لہذا ان دنوں اہم معاملات اور دلچسپیوں کو تیزی سے آگے بڑھائیں۔ اس رجحان کے تحت صحت بھی اچھی رہے گی۔ ۷'۲۲'۲۸ تاریخ کو محتاط رہیں زیادہ محنت والا کام نہ کریں کیونکہ ان دنوں حادثہ پیش آسکتا ہے۔

برج عقرب۔ ستارہ مریخ، پلوٹو

حروف:- ذ۔ز۔ض۔ظ۔ن

پیدائش:- اکتوبر ۲۴ تا نومبر ۲۲

اس ماہ عقربی افراد کے لیے کاروباری معاملات پر گرفت رکھنا مشکل ہوگا۔ اخراجات بڑھ جانے کی وجہ سے ملازمین کے ساتھ معاملات تناؤ کا شکار ہونگے۔

زہرہ ۳ تاریخ کو طالع میں موجود ہوگا۔ اس کی موجودگی کی وجہ سے شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی میں کچھ پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا۔ غیر شادی شدہ افراد کو اس ماہ کسی اہم شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا، تاہم معاملات میں تناؤ کی کیفیت آئے گی۔ زہرہ ۴'۹'۱۴'۲۳'۲۸ تاریخ کو موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ یہ تاریخیں ذاتی مصروفیت والے کام، سیر وتفریح، سوشل زندگی اور محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہونگی اور ان معاملات میں بہتری نظر آئے گی۔ یہ تاریخیں کپڑے خریدنے، گھریلو آرائش سے متعلق چیزیں خریدنے اور شخصیت کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دینے کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ نیز یہ وقت زائد مقبولیت اور ہردلعزیزی بھی لائے گا۔ وہ افراد جو کاروباری شراکت داری میں ملوث ہیں، انہیں اپنے شریک کی خوش بختی کے ذریعے فائدہ ملے گا۔

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہورہی ہے۔ دوستوں کی طرف سے سیر وتفریح یا کسی سفر پر جانے کے لئے پروگرام بنیں گے۔ اس وقت تمام معاملات اگرچہ خوشگوار محسوس ہوں گے تاہم کسی کام کی وجہ سے سفر ملتوی کرنا پڑے گا۔ اپنی خواہشات اور امیدیں اس وقت ایسے لوگوں سے قائم نہ کریں جن کے پاس آپ کا روپیہ موجود ہے۔ اپنی سوچ اور جذبات کو منفی خیال سے دور رکھنا ہوگا۔ غیر ممالک سے متعلق خط وکتابت بہتر رہے گی۔ تاہم جن چیزوں یا معلومات کے لئے کوشش میں تھے، جواب جلد مل جائیں گے۔

مریخ زائچے کے پانچویں گھر میں موجود ہو گا۔ لہذا اولاد، محبت کے معاملات اور سرمایہ کاری سے متعلق امور تیزی کا سبب بن سکتے ہے۔ یہ وقت ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی قوت دے گا۔ محبت اور نسبت کے معاملات میں جلد بازی لائے گا۔ کھلے دل کے ساتھ لوگوں سے بات کریں۔ مریخ چونکہ اپنے گھر میں داخل ہوگا جس سے آپ کے اندر جوش و جذبہ پیدا ہوگا۔ نئی ملاقاتیں، دوستوں اور پروگراموں میں شامل ہوکر فلم، تھیٹر، ڈراموں میں حصہ لے کر اپنی قسمت کو بدلنے میں اہم موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو ان کی سرگرمیوں پر نظر رکھیں ہوسکتا ہے کوئی مذاق بچوں کے آپس میں لڑائی کا سبب بن سکتا ہے، جس سے چوٹ لگنے یا حادثہ کا امکان بڑھ جائے گا۔ مریخ ۴'۹'۱۵'۲۰'۲۴ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں کوئی شخص آپ کی زندگی میں داخل ہوسکتا ہے یا کسی شخص کے ساتھ کوئی اہم تعلق قائم ہوگا۔ تاہم مریخ ۷'۲۲'۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ میڈسن، فلاحی کام، ہسپتال، اکاونٹ، تفریح یا سیاحت کے ادارے میں شامل ہوکر اپنی قابلیت کو نکھارنے کا موقع ملے گا۔ بول چال، لکھنے اور تحریری عمل کے ذریعے اپنی پوزیشن کو مستحکم کرسکیں گے۔ روپیہ کمانے کی صلاحیت بڑھ جائے گی آپ کے قریبی رفقا اور دوست کاروباری معاہدات کریں گے۔ سرمائے کو کاروبار میں شامل کر رہے ہیں تو اس وقت اعلی طبقہ کے افراد کے ساتھ تعلقات قائم کریں، سوشل سرگرمیوں میں لوگوں کے ساتھ مل کر

کام کرنا بھی فایدہ دے گا۔ قیمتی اشیاء کی خریداری خواہش بن جائے گی۔

عطارد طالع میں رجعت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا اور ۱۳ تاریخ کو خانہ مال میں داخل ہوگا - چنانچہ اس کی موجودگی آپ کے لئے بےلطف اور بدمزاجی لائے گی۔ آپ جسمانی اور ذہنی دونوں لحاظ سے غیر فعال ثابت ہونگے۔ سستی محسوس کریں گے۔ چنانچہ تھوڑے وقت میں بہت کچھ برباد کر دیں گے۔ وہ افراد جو حال ہی میں روزمرہ کے معمولات کی وجہ سے بندھ سے گئے تھے۔ وہ یقیناً" حالات میں بہتری نظر نہیں آئے گی۔ گھر سے باہر نکلنے اور گھومنے پھرنے' نئے لوگوں سے تعلقات قائم کرنے اور نئی سرگرمیاں اختیار کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ وہ افراد جو اپنی صلاحیتوں یا تعلیم کو بہتر بنانا چاہتے ہیں سعد وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ عطارد ۱'۶'۱۱'۱۶'۲۵'۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا نشرواشاعت' سفر' سیر وتفریح' تحریرات اور ذاتی مقاصد کی دلچسپیوں سے متعلقہ اہم معاملات کے لئے تاریخیں موافق ثابت ہونگی۔ اگر ان دنوں کوئی انٹرویو دینا ہے یا کسی میٹنگ میں شرکت کرنی ہے تو موافق نتائج برآمد ہونگے۔ تاہم عطارد ۱۳'۲۱'۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں' سفر' افواہیں اور غیر ضروری افراد آپ کا وقت ضائع کریں گے۔ ان دنوں ملاقاتیں یا پارٹیوں میں محتاط رویہ رکھیں۔

برج قوس۔ ستارہ مشتری

حروف :- ف

پیدائش :- نومبر ۲۳ تا دسمبر ۲۲

قوسی افراد کے لیے محبت کے معاملات اور بچوں کے لیے خوش قسمتی کے راستے کھول دے گا۔ اس ماہ دوستوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آ سکتی ہے۔

مریخ زائچے کے چوتھے گھر میں موجود ہو گا۔ گھریلو امور میں پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ والدین یا گھر میں موجود کسی فرد کی صحت یا کسی حادثہ کی وجہ سے پریشانی ملے گی۔ گھریلو اشیاء اچانک خراب ہونگی۔ جنہیں فوری طور پر صحیح کروانا ہوگا۔ تاہم اگر خود ٹھیک کر رہے ہیں تو احتیاط رکھیں۔ حادثہ ہونے کا اندیشہ ہے۔ مریخ کی موجودگی تعمیری کاموں' گھر کی مرمت کروانے میں ہمت پیدا کرے گا۔ لیکن ساتھ ہی غصہ اور اجڈ پن بھی لائے گا۔ اپنے کاموں میں دوسروں سے مدد لیتے ہوئے تحمل سے کام لینا ہوگا ورنہ معمولی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے۔ مریخ ۴'۹'۱۵'۲۰'۲۴ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ یہ وقت ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو گھریلو حالات میں اہم تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جائے رہائش کی تبدیلی کے متعلق سوچ رہے ہیں مگر شک وشبے اور تذبذب کا شکار ہیں تو مثبت رویہ اختیار کریں اور جو بھی فیصلہ کرنا ہے واضح سوچ کے ساتھ کریں۔ تاہم ۷'۲۲' ۲۸ تاریخ کو محتاط رہیں جب یہ غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہو رہی ہے۔ اس وقت آپ کے ذہن میں ایسے خیالات جنم لیں گے کہ کس طرح دوسرے لوگوں سے فائدہ اٹھایا جائے۔ اس وقت آپ کی تخلیقی قوتیں بڑھ جائیں گی۔ ذہن میں بے شمار خیالات اور سوچیں آئیں گی اور ایسے کام کرنے کی طرف آپ کو لگائیں گی جس میں خوشامدانہ طریقہ اپنا کر اور سبز باغ دکھا کر دوسرے کو کسی نہ کسی دھوکے میں رکھا جائے۔ ایسی تمام سوچیں مثبت نہ ہوں گی اور آپ کے لئے مشکلات پیدا کریں گی۔

عطارد بارہویں گھر میں موجود رجعت کی حالت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا اور ۱۳ تاریخ کو طالع میں داخل ہوگا۔ موجودہ حالات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں کیونکہ تحریری کام' نشرواشاعت' پبلشنگ کے امور میں مشکلات آئیں گی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے نہ ہونگے۔ روزمرہ کے سفر اور تجارتی معاملات بھی التواء کا شکار رہیں گے۔ اس ماہ عطارد آپ میں انا کو بڑھا دے گا۔ خواہ مخواہ دوسروں کی غلطیوں کو بے نقاب کرنے کی کوشش کریں گے۔ اپنی ذہنی وسعتوں کو غیر اہم مع مضوعات میں الجھا دیں گے۔ اس ماہ دوسروں کی برائی بھی کھل کر کرنے آرزو ہو گی۔ رشتہ داروں سے رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں حصہ لیں گے۔ لکھنے لکھانے' تحریری کاموں کے ذریعے باقوت سوچ پیدا کرسکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھنا اور لگن کی قوت کامیابی دے گی۔ عطارد ۱'۶'۱۱'۱۶'۲۵'۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہو گا۔

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ اس وقت بینک سے قرضہ لینا' اشیاء کی مارکٹنگ' تحریری معاہدے' سرمایہ کاری یا شراکت داری کے معاہدات کے علاوہ جائیداد کے حصول کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت قانونی دعویٰ دائر کرنا یا اہم اور بااختیار افراد سے تعاون حاصل کرنا آسان ہوگا۔ اس ماہ آپ کی زندگی میں تبدیلی آئے گی' کوئی شخص اچانک زندگی میں داخل ہوگا' نسبت اور شادی طے ہوگی۔ اس ماہ سفر ہوگا۔ یہ وقت روحانی علوم حاصل کرنے اور دینوی مقاصد کے حصول کے لئے آسانی پیدا کرے گا۔ اپنے قلب کو کھولنے اور ریاضت اور ذکر کے لئے موافق ہوگا۔ کاروبار کو وسیع کرنے اور اہم معاہدات کی پیشکش کی طرف اشارہ ہے۔

زہرہ ۳ تاریخ کو زائچے کے بارہویں گھر میں موجود ہوگا۔ لہذا یہ وقت فلاحی امور اور انجمن سے متعلقہ لوگوں کے ساتھ تعلقات بنانے میں مدد دے گا۔ اس ماہ سوشل زندگی بنانے میں ان لوگوں سے تعلقات کو بہتر بنا سکیں گے' جو ہر طرح سے تعاون کرتے ہیں۔ سوشل رابطے کامیابی دیں گے۔ معاہدات فائدہ دیں گے۔ اس ماہ سیر وتفریح کے لئے پروگرام بنائیں بلکہ صحت کے معاملات کو بھی اہمیت دیں۔ یہ وقت ایسا ہے کہ اچانک کچھ نئے دوستوں کا اضافہ ہوگا یا کسی پرانے دوست سے ملیں گے۔ بچوں کی فلاح' ادارے' ہسپتال یا قید وبند میں

پڑے افراد کو بہتر سہولتوں مہیا کرنے یا ان کی ذہنی صلاحتوں کو اجاگر کرنے کے مواقع ملیں گے۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ زہرہ ۴، ۹، ۱۴، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں سوشل تقریبات منعقد کرنی بہتر ثابت ہونگی۔

برج جدی۔ستارہ زحل

حروف:۔ ج۔خ۔گ

پیدائش:۔ دسمبر ۲۳ تا جنوری ۲۰

اس ماہ انہیں گھر اور کیریئر کا معاملات کے اطراف بننے والے واقعات کو سنجیدگی سے لینا ہو گا۔ گھر، رشتہ داری اور جائیداد کے حصول میں رشتے ناتے ٹوٹ سکتے ہیں۔

زہرہ زائچے کے گیارہویں گھر میں ۳ تاریخ کو موجود ہوگا۔ دوست اور قریبی جاننے والے افراد آپ کے معاملات میں بہت سرگرم اور اہم کردار ادا کریں گے اس وقت زہرہ ان سرگرمیوں کی موافقت میں ہوگا جن میں تعاون اور متفقہ سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس مدآ ور رجحان کے تحت آپ کی امیدوں، خواہشات سے اہم مقاصد کو فائدہ پہنچے گا۔ چنانچہ نوٹ کرلیں کہ زہرہ اس ماہ کی ۴، ۹، ۱۴، ۲۳، ۲۸ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کا امکان ہے اور محبت کے معاملات سے متعلق ان کے خواب پورے ہوسکتے ہیں۔ کوئی شخص جس سے کافی عرصے سے میل جول یا تعلقات ہیں وہ اچانک رشتہ بھیج دے گا۔ یا کسی جگہ ملاقات ہوگی۔ شادی شدہ افراد کی گھریلو زندگی مزید خوشگوار ہوجائے گی اور ماحول میں ہم آہنگی پیدا ہو گی کیونکہ اس ماہ زہرہ محبت کے بندھنوں کو مزید مضبوط کرنے کی پوزیشن میں ہے۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے یا شادی کی دعوت یا کوئی فنکشن کرنا چاہ رہے ہیں تو اس مقصد کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہو رہی ہے۔ کیریئر کے معاملے میں اس وقت کوئی بھی تبدیلی موافق ثابت نہ ہوگی۔ تاہم جن لوگوں کی طرف مائل تھے اور چاہتے تھے کہ ان کے ساتھ کام کریں اگر کوئی پیش کش ہو تو اس پر ضرور غور کریں۔ ملازمت میں عزت و مقام کو بڑھائیں اور اعتماد کو قائم کرنے کی پوری کوشش کریں۔ تخلیقی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ سیر و تفریح اور سکون حاصل کرنے کے لئے جو پروگرام بنائیں گے اس میں خوشی ملے گی۔ دوستوں کے حلقے میں نئے لوگوں کا اضافہ ہوگا۔ تاہم لوگوں کی غیر منصفانہ سیاست اور غلط فہمیاں پیدا کرنے کی وجہ سے لوگ کھچے ہوئے ہوں گے۔

مریخ زائچے کے تیسرے گھر میں موجود ہو گا۔ لہذا کاروباری معاملات اور تمام تجارتی سرگرمیاں سبک روی سے جاری رہیں گی۔ چنانچہ اگر حال ہی میں کسی مالی مسئلے سے سابقہ پڑا ہے تو اب کامیابی سے حل کرسکیں گے۔ اس ماہ کی چند تاریخیں مالی معاملات کے لئے خوش قسمت ثابت ہونگی۔ مریخ ۴، ۹، ۱۵، ۲۰، ۲۴ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں خرید و فرخت اور مکینکل اور مشینری کی خریداری یا کسی انعامی اسکیم میں حصہ لینا بہتر ثابت ہوگا۔ تاہم مریخ ۷، ۲۲، ۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں محتاط رہ کر کام کرنا ہوگا۔ ان دنوں روپے سے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری نہ لیں اور نہ ہی کسی کو رقم ادھار دیں۔ اگر آپ کی اپنی سواری ہے تو ان دنوں محتاط طریقے سے گاڑی چلائیں۔ حادثہ ہونے کا امکان ہے۔

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ وہ افراد کاروباری معاہدہ کررہے ہیں یا سرمایہ کاری کے سلسلے میں اہم لوگوں سے ملاقات کررہے ہیں۔ یہ وقت ہر قسم کی شراکت داری کے کاموں میں فائدہ دے گا۔ بینک، انشورنس کے معاملات کو فوری حل کریں۔ والدین اور شریک کار کے روپیہ سے فائدہ اٹھائیں اور سماجی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ کسی انجمن یا کلب میں شامل ہوکر ذرائع آمدن کے نئے راستے تلاش کرنے آسان ہونگے۔ بااختیار افراد سے تعاون حاصل رہے گا۔ سیر و تفریح سے ذہنی سکون حاصل کرسکیں گے۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینا بھی موافق ثابت ہوگا۔

عطارد زائچے کے گیارہویں گھر میں موجود رجعت کی حالت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا اور ۱۳ تاریخ کو بارہویں گھر میں داخل ہو گا۔ جہاں یہ آپ کی خواہشات کے معاملات پر مدآور اثرات مرتب کررہا ہے۔ بنیادی طور پر سوشل سرگرمیوں اور دوستی کے معاملات پر دباؤ ڈالے گا۔ یہ آپ کے اندر تجسس پیدا کرے گا۔ خفیہ انداز سے دوسروں کی کمزوریاں حاصل کر کے ان کے معاملات میں دخل اندازی قلبی تقویت ملے گی۔ اس ماہ ذہنی قوتیں منفی رجحان لیے ہوئے ہونگی۔ مشترکہ سرگرمیوں والے کام جو دوسروں کی مدد سے تکمیل کو پہنچیں گے ان میں رکاوٹ حائل ہوگی۔ کسی معاملے میں مدد کے خواہاں ہیں یا کسی خاص مشورے یا تعاون کی ضرورت ہے تو آپ کو مثبت جواب ملنے میں وقت لگے گا۔ عطارد ۱، ۶، ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۳۰ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ لہذا ان تاریخوں میں سوشل سرگرمیوں، سیر و تفریح، پارٹی، فنکشن، نشر و اشاعت سے متعلق کام انجام دینا بہتر رہے گا۔ کاروباری افراد کے ساتھ میٹنگ، گفت شنید یا ملاقاتیں بھی آپ کو نئی سوچ عطا کریں گی۔ تاہم ۱۳، ۲۱، ۲۸ تاریخ کو اپنے پروگراموں میں لچک رکھیں کیونکہ اس وقت عطارد غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں قریبی افراد اور دوست ناقابل بھروسہ ثابت ہونگے۔

برنی روزانہ کوا کبی گائیڈ ۲۰۱۹
میں سال کے سارے
عملیات کے اوقات دیئے
جاتے ہیں اپنا آڈر
لکھوائیں

برج دلو۔ ستارہ زحل، یورنس

حروف:۔
س۔ش
ث۔ص

پیدائش:۔ جنوری ۲۱ تا فروری ۱۹

لوگوں کے دشمنیاں کھل کر سامنے آئیں گی۔ کیریئر کے معاملات میں تبدیلی آئے گی۔ آپ بڑی رقم سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔

زہرہ ۳ تاریخ کو وتد السماء پر موجود ہوگا۔ یہ ماہ جاہ طلب اور مہم جو افراد کی موافقت میں ہوگا۔ دراصل یہ ماہ ان عورتوں اور لڑکیوں کے لئے بھی بے حد خوش قسمت ثابت ہوگا جو کسی خاص کیریئر میں ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔ وہ افراد جو ملازمت کی تلاش میں ہیں یا اپنی دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں' ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس ماہ ٹھوس نوعیت کے فوائد لائے گا تاہم وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت کے حامل ہیں ان کے لئے ۴' ۹' ۱۴' ۲۳' ۲۸ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ ان دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم زہرہ ۱۱' ۱۹' ۲۶ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا لہذا ان دنوں اگر احتیاط نہ برتی تو اپنے لئے بڑی آسانی سے مشکلات پیدا کرلیں گے۔ ان دنوں اگرچہ گھریلو زندگی خوشگوار ہوگی مگر دوسروں کے جذباتی تناؤ کی وجہ سے فکر و پریشانی رہے گی۔ اس برج سے متعلقہ افراد عموماً" ایسی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کو بے حد پسند کرتے ہیں جن کے نتیجے میں انہیں کسی کلب' گروپ' لائبریری یا ادارے میں شریک ہونا پڑے۔ انہیں معاشرتی فلاح و بہبود سے بھی بے حد دلچسپی ہوتی ہے۔

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہورہی ہے۔ شراکت داری کے امور اس وقت ہم آہنگی لاسکتے ہیں لوگوں کے اعتقادات پر بھروسہ کریں۔ ایسے لوگوں سے واسطہ پڑے گا جو آپ کے کام پر اثر انداز ہوں گے اور ضرورت سے زیادہ وقت دیں گے۔ کچھ پرانے مسئلے دوبارہ سامنے آئیں گے جس کے باعث ذہنی ٹینشن بڑھ جائے گا۔ اس وقت رائے اور مشورے بہت ملیں گے تاہم ان پر عمل کرنا مشکل ہوگا۔

مریخ خانہ مال میں موجود ہوگا۔ یعنی کاروباری روپیہ کے لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ حالات جہاں روپیہ کمانے میں پوری مدد کرتے ہیں وہاں یکدم اخراجات بھی بھاری بوجھ لاتے ہیں۔ اس ماہ لین دین اور حسابات میں جلد بازی سے غلطیاں ہونگی۔ غیر ضروری اخراجات سے جلد غصہ آجایا کرے گا۔ تاہم تحمل مزاجی سے کام لیں۔ یہ وقت مشکلات کا باعث بنے گا۔ اگر کسی کھیل میں حصہ لے رہے ہیں تو جسمانی طور پر چوٹ لگ سکتی ہے۔ مریخ ۴' ۹' ۱۵' ۲۰' ۲۴ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں مکینکل اور ٹیکنیکل کام کروانا بہتر رہے گا۔ تاہم ۷' ۲۲' ۲۸ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ یہ وقت شراکت داری کے معاہدہ کے لئے موافق ثابت ہوگا جس سے کاروبار میں وسعت مل سکے گی۔ اس کے علاوہ بہن اور بھائی کی خوش بختی بھی آپ کا بہت ساتھ دے گی۔ قریبی رشتہ دار بھرپور مدد کریں گے۔ اس وقت اپنے گھر اور ماحول کو تبدیل کرنے کے لئے نئی اشیاء کی خریداری کریں۔ ذرائع آمدن کو بڑھانے کے لئے نئے راستے تلاش کریں۔ ایسے مواقع آپ کو ملیں گے جس کے ذریعے مالی پوزیشن کو بہتر بنا سکیں گے۔ اس وقت انعامی اسکیموں میں حصہ لینا موافق ثابت ہوگا۔

عطارد ۲ تاریخ کے دسویں گھر میں رجعت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہوجائے گا اور ۱۳ تاریخ کو گیارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ چنانچہ شروع دنوں میں ان افراد کے لئے غیر اہم ثابت ہوگا جو تعلقات کے ذریعے ترقی کے خواہاں ہیں اور آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ انہیں تحریر' رابطے اور ملاقات کے ذریعے اپنی خواہشات کا اظہار کرنا ہوگا۔ انٹرویو دینے اور لینے' نئی معلومات حاصل کرنے' نئے خیالات اور اسکیموں کی جانچ پڑتال' سیر و تفریح' نشر و اشاعت کے لئے یہ ماہ موافق ثابت نہ ہوگا۔ ان دنوں کیریئر سے متعلق خاص قدم اٹھائیں گے اس میں کامیابی کا عنصر کم ہوگا۔ ان دنوں بارسوخ افراد آپ کی موافقت میں ہونگے۔ نیز لوگ مفید مشورہ اور مدد دینے کے لئے ہر وقت تیار رہیں گے۔ ان دنوں دور اندیشی اور حکمت عملی سے کام لیں۔ صرف اپنے بنیادی کام کی طرف توجہ رکھیں۔ روزمرہ کے معمولات پر ہی عمل کریں اور معاملات میں کسی قسم کی تبدیلی نہ لائیں۔ عطارد ۱' ۶' ۱۱' ۱۶' ۲۵' ۳۰ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ امکان ہے کہ یہ موافق تاریخیں خوش قسمت مواقع لائیں۔

رسالہ روحانی دنیا کی اشاعت میں اضافہ میں آپ کا علمی و دینی فریضہ ہے

برج حوت۔ستارہ مشتری پنچون

حروف:- د۔چ

پیدائش:- فروری ۲۰ تا مارچ ۲۰

اس ماہ دوست پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں' قانونی مشورہ حاصل کریں۔ کیریئر کے معاملات بے قابو ہو سکتے ہیں یا پھر انجانے میں کوئی معاملہ خل ہو جائے گا۔

زہرہ ۳ تاریخ کو زائچے کے نویں گھر میں موجود ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت لمبا سفر اختیار کرنے کے لئے خواہ وہ کاروباری غرض سے اختیار کیا گیا ہو یا تفریحی نوعیت کا موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت ملک سے باہر چھٹیاں گزارنے کے لئے بے حد موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ کوئی لمبا سفر اختیار نہیں کر رہے ہیں تب بھی مقامی لحاظ سے آپ خاصا فاصلہ طے کریں گے۔ اگر آپ تعلیمی سرگرمیوں' کاروباری سفر یا عمرہ وغیرہ کے لے جا رہے ہیں تو آپ کا سفر خوشگوار ثابت ہوگا۔ زہرہ اس ماہ کی ۹'۱۴'۲۳' ۲۸ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا قیمتی اشیاء کی خریداری' سیر و تفریح' محبت کے معاملات اور کسی اسکیم میں روپیہ لگانا بہتر ثابت ہوگا۔ قانونی امور کے لیے بھی یہ تاریخیں اہم ثابت ہونگی۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے زیادہ موافق ثابت ہوگا۔ اس سلسلے میں آپ کا سفر کچھ خوشگوار نوعیت کے تعلقات اور واقعات لاسکتا ہے۔ تاہم ۱۶'۱۸'۲۲ تاریخ کو محتاط رہیں حکمت عملی سے کام لیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ بلا ارادہ ایسے کام کر بیٹھیں گے جس کی وجہ سے حسد اور رقابت کا سامنا ہوگا۔

۱۶ تاریخ کو زہرہ زحل کی تسدیس ہو رہی ہے۔ کچھ خبریں آپ کو ملیں گی یا کسی شخص کے آنے کی اطلاع ہوگی۔ کچھ وقت سیر و تفریح یا کسی شخص کے ساتھ گزارنا چاہیں گے۔ اس وقت جو بھی پروگرام بنائیں اس میں لچک رکھیں کیونکہ فوری نوعیت کے کام آپ کے پروگرام میں تبدیلی لا سکتے ہیں۔ اس وقت اپنے خیالات کو بلند رکھنا ہوگا اور تعلقات میں بہتری لانے کی کوششیں کریں۔ اس تاریخ کے نزدیک سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔

عطارد نویں گھر میں موجود رجعت میں ہوگا اور ۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا اور ۱۳ تاریخ کو وتد السماء پر آ جائے گا۔ چنانچہ وہ افراد جو تدریسی سرگرمیوں یا قانونی معاملات میں ملوث ہیں یہ ماہ ان کے لئے محنت طلب ہوگا۔ لمبے سفر اور دور دراز خط و کتابت کے لئے از سر نو رابطے کرنے ہونگے۔ عطارد ۱'۶'۱۱' ۱۶'۲۵'۳۰ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ یہ تاریخیں کاروباری' قانونی اور آفیشل معاملات کے ساتھ ساتھ تفریحی نوعیت کے سفر کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر کسی معاملے سے متعلق ابھی تک لاعلم ہیں اور افواہوں کی بازگشت آپ کو سنائی دی ہے تو اس وقت تجسس ذہنی انتشار کو بڑھا دے گی اور دوسروں کے معاملات میں دخل دے کر مشکلات میں ڈالیں گے۔ تقریر یا اظہار خیال آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کرے گا اور آپ کی حاضر جوابی کئی گنا بڑھا دے گا۔ تاہم اگر آپ ۱۳'۲۱'۲۸ تاریخ کو سفر کر رہے ہیں تو ان دنوں بے حد محتاط رہیں اگر پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کر رہے ہیں تو سفر کے آغاز میں مشکلات سے دوچار ہونگے اور دیگر تحریری یا آفیشل نوعیت کی بحث میں حصہ لینا ہے تو جلد بازی سے گریز کریں۔

۲۱ تاریخ کو عطارد مشتری کا قران ہوگا۔ یہ وقت کاروبار کو ترقی دینے' معاہدات اور سرمایہ کاری کے نئے راستے تلاش کرنے میں معاون ثابت ہو گا۔ حالات میں تبدیلی اور ذہنی سوچ میں وسعت پیدا ہوگی۔ اہم افراد کے ساتھ ملاقاتیں کریں تاکہ کاروباری معاہدات سے فائدہ حاصل ہو۔ ایڈورٹائزنگ کے ذریعے اپنی اشیاء کی بہتر طریقے سے مارکیٹنگ کریں۔ اس دن خانگی تعلقات اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ عملی طور پر کسی نئی اسکیم کو وجود میں لائیں اور اہم معاملات طے کریں۔

مریخ طالع میں موجود ہوگا۔ چنانچہ ان افراد کے لئے جاہ طلب اور مہم جو قسم کے افراد کے لئے ترقی پذیر اور تیز رفتار وقت ثابت ہوگا۔ طالع میں مریخ کی موجودگی کی وجہ سے آپ اپنے اندر زیادہ ہمت و قوت' جرات اور خود اعتمادی محسوس کریں گے اور پوری قوت سے عمل کر کے اپنے آپ کو آگے رکھ کر بہت کچھ حاصل کر سکیں گے۔ فی الحال جو چیز آپ کے نزدیک سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے اس پر بھرپور انداز سے توجہ دیں تاہم ترقی کے مراحل میں مشکلات سے واسطہ پڑے گا۔ اس ماہ اہم اقدامات کے لئے ان دنوں کا انتخاب کریں جب مریخ سعد نظرات کے تحت ہو۔ مریخ ۴'۹' ۱۵'۲۰'۲۴ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ لیکن جن دنوں مریخ غیر موافق نظرات کے تحت ہو ان دنوں کسی کی ہمدردی یا تعاون دشمنی نقصان دے گی۔ آپ کی گھبراہٹ میں اضافہ ہوگا اور جھگڑے ہونگے۔ مریخ ۷'۲۲'۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

اپنا زائچہ بنوائیے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ زائچہ پیدائش بنوانا کر رکھیں۔ تاریخ پیدائش' وقت پیدائش' اور مقام پیدائش لکھیں۔ زائچہ میں دی گئی معلومات

۱۔ گھروں کے درجات معہ کواکب' برج درجہ و دقیقہ ۲۔ طول بلد اور ارض بلد
۳۔ عدد پیدائش' موافق پتھر
۴۔ ادوار کواکب
۵۔ عنصر اور ماہیت
۶۔ کواکب کے شرف' اوج' فرح' ہبوط' زوال' طرح' حضیض
۷۔ نظرات معہ برج اور کوکب کا درجہ و دقیقہ

انتہائی دلکش اور خوبصورت' ہر سطر واضح' لیزر پرنٹ۔

ہدیہ : =/۲۰۰۰ روپے

مینجر روحانی دنیا کراچی

ماہ دسمبر کے ستارے



ذیل میں پہلی اور آخری تاریخوں میں ستاروں کے درجات دیئے گئے ہیں روزانہ مفصل رفتاروں کو برنی تقویم وکواکبی گائیڈر ۲۰۱۸ء میں ملاحظہ کریں۔

۱ — شمس

یکم کو شمس ۸ درجہ برج قوس پر ہوگا۔۲۲ تاریخ کو برج جدی میں داخل ہوگا۔۳۱ تاریخ کو ۹ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۲ — عطارد

یکم کو عطارد صفر درجہ برج قوس پر بحالت رجعت ہوگا۔۲ تاریخ کو برج عقرب میں داخل ہو گا۔۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔۱۳ تاریخ کو برج قوس میں داخل ہوگا۔۳۱ تاریخ کو ۲۲ درجہ برج قوس پر پہنچ جائے گا۔

۳ — زہرہ

یکم کو زہرہ ۲۹ درجہ برج میزان پر ہوگا۔۳ تاریخ کو برج عقرب میں داخل ہوگا۔۳۱ تاریخ کو ۲۲ درجہ برج عقرب پر پہنچ جائے گا۔

۴ — مریخ

یکم کو مریخ ۹ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔۳۱ تاریخ کو ۲۹ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۵ — مشتری

یکم کو مشتری ۵ درجہ برج قوس پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔۳۱ تاریخ کو ۱۱ درجہ برج قوس پر پہنچ جائے گا۔

۶ — زحل

یکم کو زحل ۷ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔۳۱ تاریخ کو ۱۱ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۷ — یورنس

یکم کو یورنس ۲۹ درجہ برج حمل پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں بحالت رجعت حرکت کرے گا۔۳۱ تاریخ کو ۲۸ درجہ برج حمل پر پہنچ جائے گا۔

۸ — نپ چون

یکم کو نپ چون ۱۳ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔۳۱ تاریخ کو ۱۴ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۹ — پلوٹو

یکم کو پلوٹو ۱۹ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ سارا ماہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔۳۱ تاریخ کو ۲۰ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۱۰ — عقدتین قمر

یکم کو راس ۲۹ درجہ پر برج سرطان پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا۔ ذنب ۲۷ درجہ برج جدی پر حرکت کریگا۔

یکم کو رجعت عطارد در عقرب، ۲ کو زہرہ در عقرب، ۴ کو قمر در عقرب، ۷ کو عطارد مستقیم، ۹ کو نیا چاند ☾، ۱۰ کو یکم ربیع الثانی ۱۴۴۰ھ، ۱۲ کو عرس شاہ جمال، لاہور، ۱۳ کو عطارد در قوس، عرس داتا دھولال حسین، لاہور، ۱۸ کو شرف قمر، ۲۰ کو گیارہویں شریف، ۲۲ کو شمس در جدی ♑، ۲۵ کو پیدائش قائداعظمؒ کرسمس، ۳۱ کو بنک ہالیڈے، قمر در عقرب ہوگا۔

نظرات کواکب بمعہ اوقات و عملی ھدایت

ماہ دسمبر ۲۰۱۸ء

سعد/نحس	وقت	اختصار	نظرات	عملی ہدایت ورہنمائی
				(ہفتہ ۱ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱:۴۷	D△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
ن	۷:۰۹	♀☍♅	زہرہ مقابلہ یورنس	تخلیقی صلاحیتوں کا اظہار کسی نئی ایجاد کی بنیاد رکھے گا۔تاہم اپنے جذبات کو منفی خواہشات سے دور رکھیں۔
س	۱۹:۳۳	D✶☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
				(اتوار ۲ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۴:۵۵	D✶♃	قمر تسدیس مشتری	لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
ن	۹:۴۳	D□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
س	۱۳:۳۰	D✶☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
				(پیر ۳ دسمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۵:۳۵	D□♂	قمر تربیع مریخ	یہ وقت انتشار' دباؤ لاتا ہے' اچانک کسی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے' دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔
م	۶:۲۸	D□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
ن	۲۳:۱۵	D☍♅	قمر مقابلہ یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
				(منگل ۴ دسمبر ۲۰۱۸ء)
م	۲:۰۴	D☌♀	قمر قران زہرہ	اس وقت جذباتی ردعمل کا اظہار ہوگا۔لوگوں میں زیادہ گھل مل جائیں گے' امیدیں پوری ہوسکتی ہیں۔
س	۱۵:۴۲	D✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
س	۲۲:۲۳	D△♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
				(بدھ ۵ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱:۴۶	D△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
س	۱۲:۴۹	D✶♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی۔
				(جمعرات ۶ دسمبر ۲۰۱۸ء)
م	۲:۵۲	D☌☿	قمر قران عطارد	ہر طرح کی معلومات حاصل کر کے بہتر فیصلہ کریں' تحریر وتقریر کے لئے موافق۔
ن	۳:۳۰	☉□♆	شمس تربیع نپ چون	قانونی معاملات کیلئے تجربہ کار افراد سے مشورہ کریں' اہم شخص دھوکہ دے گا۔
م	۱۹:۳۰	D☌♃	قمر قران مشتری	جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے' وہ آپ کو فائدہ دیں گے۔کسی نیک کام میں حصہ لیں۔
				(جمعہ ۷ دسمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۹:۱۰	D□♂	قمر تربیع مریخ	کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی' تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔
ن	۹:۴۲	D□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا۔
م	۱۲:۱۹	D☌☉	قمر قران شمس	سوشل سرگرمیوں سے متعلق کاموں کے لئے بہتر' خاندانی تعلق بنانے کا بہتر وقت۔
م	۱۹:۲۴	♂☌♆	مریخ قران نپ چون	تبدیلی لانے کے امور میں احتیاط سے کام لیں۔اس وقت دوسروں کی صلح لیں لیکن فیصلہ فوری نہ کریں۔
				(ہفتہ ۸ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۴:۵۹	D△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
				(اتوار ۹ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۱۹	D✶♀	قمر تسدیس زہرہ	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔

م	۱۰:۰۸	D☌♄	قمر قران زحل	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
س	۲۰:۰۵	D✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں' یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
س	۲۲:۵۱	D✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
				(پیر ۱۰ دسمبر ۲۰۱۸ء)
م	۸:۱۹	D☌♇	قمر قران پلوٹو	کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں۔
				(منگل ۱۱ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱:۳۷	D✶☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
ن	۴:۲۶	D□♅	قمر تربیع یورنس	خیالات کا انبار ہوگا' کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
ن	۱۶:۰۰	D□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
س	۱۹:۳۳	D✶♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
				(بدھ ۱۲ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۲۲:۳۵	D✶☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
				(جمعرات ۱۳ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۵:۱۹	D✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
ن	۱۸:۳۸	D□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
				(جمعہ ۱۴ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۹:۰۹	D△♀	قمر تثلیث زہرہ	ذرائع آمدنی کو بڑھانے کا موقع ملے گا۔ خوشیاں اور سیر و تفریح کے لئے وقت نکالیں۔
ن	۹:۴۳	D□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین' بینک' قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں' کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
س	۱۲:۳۰	D✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
م	۲۱:۳۴	D☌♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
				(ہفتہ ۱۵ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۷:۱۸	D☌♂	قمر قران مریخ	اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں' اہم فیصلے کریں' تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔
س	۱۰:۰۳	D☌♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد و اشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی۔
ن	۱۶:۴۸	D□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے' صرف دوسروں کی سنیں۔
				(اتوار ۱۶ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۱:۴۸	D△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
س	۱۹:۲۵	♀✶♄	زہرہ تسدیس زحل	زمین اور مکان کے حصول اور کاروباری مشورے حاصل کرنے کا بہتر وقت۔
س	۲۲:۱۱	D△♃	قمر تثلیث مشتری	قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں' جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔
				(پیر ۱۷ دسمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۰۰:۲۰	D□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
س	۱۱:۴۹	♂✶♇	مریخ تسدیس پلوٹو	اپنی خواہشات اور امیدوں کیلئے عملی جامہ پہنانے کا اہم وقت' کسی شخص کی محبت رشتہ داری پر اثر انداز ہوگی۔
ن	۲۰:۱۹	D□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
				(منگل ۱۸ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۷:۲۶	D△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
م	۱۲:۲۰	D☌♅	قمر قران یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن و ڈپریشن کا شکار ہونگے۔

				(بدھ ۱۹ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۸:۲۶	D △ ♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں، رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
ن	۱۱:۵۳	D ☍ ♀	قمر مقابلہ زہرہ	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں، حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی۔
س	۱۵:۳۳	D ✶ ♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں، یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
				(جمعرات ۲۰ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۲:۳۹	D △ ♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے، کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
س	۵:۱۴	D ✶ ♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے، ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
س	۲۱:۲۰	☉ △ ♅	شمس تثلیث یورنس	سیاسی حکمت عملی سے کام لیں، گھر میں کئی اہم تبدیلیوں کی نشاندہی ہو رہی ہے، کچھ افراد الگ ہو جائیں گے۔
				(جمعہ ۲۱ دسمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۱۰:۴۰	D ☍ ☿	قمر مقابلہ عطارد	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں، حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ہوگی۔
ن	۱۱:۳۵	D □ ♃	قمر مقابلہ مشتری	قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے، ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
ن	۱۸:۵۸	D □ ♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا، خرید و فروخت میں ہوشیار رہیں، دھوکہ ہوگا۔
س	۲۲:۲۱	♀ ✶ ♆	زہرہ تثلیث نپ چون	فنون لطیفہ و انجینئرنگ کے معاملات میں مل کر پراجیکٹ پر کام کریں تو بے مثال کامیابی حاصل کر سکیں گے۔
م	۲۲:۳۶	☿ ☌ ♃	عطارد قران مشتری	رابطے، تحریری امور، قانونی معاملات میں مشورے موافق رہیں گے، روحانی رابطے ہونگے۔
				(ہفتہ ۲۲ دسمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۱۰:۴۰	D □ ♂	قمر تربیع مریخ	یہ وقت انتشار، دباؤ لاتا ہے، اچانک کسی بات پر جھگڑا ہو سکتا ہے، دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔
س	۱۹:۲۰	D ✶ ♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
ن	۲۲:۴۸	D ☍ ☉	قمر مقابلہ شمس	سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی، کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی۔
				(اتوار ۲۳ دسمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۱۴:۱۶	D ☍ ♄	قمر مقابلہ زحل	بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں، خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہو جائیگا۔
س	۲۰:۰۳	D △ ♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
س	۲۲:۵۴	D △ ♀	قمر تثلیث زہرہ	تعلقات بنانے کا بہتر وقت، سماجی سرگرمیوں اور کلب سے متعلقہ کام بہتر رہیں گے۔
				(پیر ۲۴ دسمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۶:۲۲	D ☍ ♇	قمر مقابلہ پلوٹو	اہم مسئلے کو حل کریں۔ جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی ادراکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت۔
س	۱۳:۳۶	D △ ♂	قمر تثلیث مریخ	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
ن	۱۹:۴۹	D □ ♅	قمر تربیع یورنس	غیر متوقع تبدیلی آپ کو ذہنی انتشار میں مبتلا کرے گی، مراقبہ کے لئے بہتر وقت۔
				(منگل ۲۵ دسمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۵:۳۸	☿ □ ♆	عطارد تربیع نپ چون	خیالات منفی سوچوں کی طرف لے جائیں گے۔ دھوکہ اور فریب کے علاوہ غلط فہمیاں پیدا کی جائیں گی۔
س	۱۴:۴۴	D △ ♃	قمر تثلیث مشتری	روحانی علوم کی طرف توجہ دیں، بزرگ کے مشورہ پر عمل کریں، قانونی معاملات کو حل کرنے کا بہتر وقت۔
س	۲۲:۰۵	D △ ☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
				(بدھ ۲۶ دسمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۳۶	D □ ♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی، تاہم تنقید زیادہ ہوگی، روپے کے معاملے میں محتاط رہیں
س	۲۰:۳۵	D △ ♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی، جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
				(جمعرات ۲۷ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۷:۳۲	D △ ☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کریں، کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
ن	۱۶:۴۷	D □ ♃	قمر تربیع مشتری	اہم کاغذات اور روپے کا دھیان رکھیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔

س	۱۶:۵۰	D △ ♄	قمر تثلیث زحل	روحانی علوم کے حصول کی کوششیں بہتر ہوگی' کسی بڑے کی نصیحت پر ضرور عمل کریں۔
ن	۲۲:۰۸	D ☍ ♆	قمر مقابلہ نپ چون	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
				(جمعہ ۲۸ دسمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۵:۰۳	D □ ☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
س	۷:۵۱	D ✶ ♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
س	۹:۰۳	D △ ♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
ن	۲۱:۲۶	D ☍ ♂	قمر مقابلہ مریخ	سفر و مشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں' جلد بازی میں کام نقصان دیں۔
				(ہفتہ ۲۹ دسمبر ۲۰۱۸ء)
س	۲:۲۶	♀ ✶ ♇	زہرہ تسدیس پلوٹو	خوشامد پرست افراد اس وقت فائدہ اٹھائیں گے' مفاد و اشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا۔
ن	۱۴:۳۳	D □ ☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے' صرف دوسروں کی سنیں۔
ن	۲۰:۴۰	D □ ♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
س	۲۰:۵۹	D ✶ ♃	قمر تسدیس مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
				(اتوار ۳۰ دسمبر ۲۰۱۸ء)
م	۱۳:۲۲	D □ ♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
س	۱۵:۱۲	D ✶ ☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
				(پیر ۳۱ دسمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۳:۵۲	D ☍ ♅	قمر مقابلہ یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن و ڈپریشن کا شکار ہونگے۔

بد قسمت زندگی کو بدلیے

۱۔ حب جاہ' لیڈری' شجاعت کے اسباب پیدا کرتی ہے۔
۲۔ یہ لوح دشمنوں اور مخالفوں کے عملی اقدام کو روکتی ہے۔ مخلفانہ حرکتوں کو ناممکن اور مخالف کا کوئی حربہ کامیاب نہیں ہوتا۔
۳۔ غیر متوقع نقصانات اور ترقی کے راستوں میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سیریع التاثیر ہے۔
۴۔ ذرائع آمدن' سرمایہ کاری' گورنمنٹ سیکیورٹیز اور سرٹیفکٹ' ڈالر' پاونڈ' یورو' لاٹری' بانڈز و شیئرز میں وسیع نفع دیتا ہے۔
۵۔ وہ لوگ جو ہر دفعہ کام یا روزگار میں ناکام رہتے ہیں ان کی زندگی میں تبدیلی لاتا ہے۔ ناکامی کو کامیابی میں بدل دیتا ہے۔
۶۔ قلبی امراض' وجع المفاصل (گٹھیا)' دل کی دھڑکن کی تکلیف میں شفایابی دیتی ہے۔



ایک موثر دن

۲۱ جنوری کو چاند گرہن ہے- عطارد جدی میں داخل ہوگا- جو زحل کا گھر ہے اور زہرہ برج قوس میں ہوگا۔ اس دن کو ساعت عطارد میں عقود کے عمل بہت کامیاب رہیں گے اور فوری تاثیر پیدا ہوگی-

(۱) برگشتہ نہ ہو

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ

(۲) خلاف نہ سوچے

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ

(۳) خلاف نہ کہے

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ

(۴) نظر بد سے نہ دیکھے

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ

یہ چار مقاصد ہیں لیکن ان کا دائرہ کار بہت وسیع ہے- یہ عمل ان لوگوں کو کام دے گا جو دوسروں کی ریشہ دوانیوں کے باعث تکلیف میں مبتلا ہوں- مثلاً کوئی شخص لوگوں میں خلاف توقع باتیں کر کے بے عزت کر رہا ہو یا افسروں کے خلاف کہتا رہتا ہو- جس سے نقصان پہنچنے کا احتمال ہو تو نمبر۳ کا عمل کریں یا نقصان پہنچانے کے لئے غلط اسکیمیں سوچتا ہو- مقدمہ بازی کے اقدام کر رہا ہو یا کسی معاملہ میں ماخوذ کرنے یا کسی نقصان پہنچانے کے درپے ہو تو نمبر۳ والا عمل کریں اور اگر کوئی منہ پر برا بھلا کہتا رہتا ہو نقص نکالتا رہتا ہو- تضحیک کرتا ہو تو نمبر۴ والا عمل کریں اور اگر کوئی چاہے کہ کوئی اپنی حرکتوں سے باز آجائے اور پھر اس کی طرف رجوع کرلے- دوستی کرلے تو عمل نمبر ایک کریں-

طریقہ یہ ہے کہ ایک سطر مطلب کی لکھیں اور دوسری سطر میں آیت لکھیں- ان دونوں کو امتزاج دیں اور حروف گنیں اگر طاق ہوں تو تین یا پانچ کے کلمات بنائے- اگر جفت ہو تو چار چار کے کلمات بنا کر ان کو کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنالیں- دو تعویز تیار کریں- ایک کو اپنے بازو پر باندھیں دوسرے کو اس شخص کے گھر یا دروازے یا گزرگاہ میں دفن کردیں- جس سے شکایت ہے- انشاء اللہ وہ ساری زندگی خلاف جانے کی جرات نہ کرسکے گا-

لوح مشتری

اسباب و مال و حصول مال و دولت و کشائش رزق

مشتری کا دور بارہ سال کا ہوتا ہے- ہر شخص کو تو زندگی کی عام اور مالی سعادتیں دیتا ہے- کاروبار میں منافع لاتا ہے- مرد اور عورت کے لئے یکساں مفید انتہائی سعد اور پرتاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے- یہ مالی امور میں خوش بختی کو اسطرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو- اس کو پہن کر تمنا دل میں قائم کر کے دعا کیجئے پہنے رہئے انشاء اللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لئے جو اسباب بھی کریں گے- ان سے روپیہ ملے گا اور قدرت ایسے اسباب بھی پیدا کرے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی-

وقت خراب ہے- زمانہ چلتے چلتے ایسی جگہ پہنچ گیا ہے جہاں مالی تباہیاں جلد تر آتی ہیں- جہاں روزانہ مہنگائی کے ذریعہ جو کما یا ختم ہوجاتا ہے- ملازمتوں کا اندیشہ رہتا ہے- کاروبار کی بندش ہوجاتی ہے- اس وقت جو چیز کام دیتی ہے وہ صرف پیسہ ہے فالتو روپیہ! تاکہ اپنی عزت اور وقار کو دوسروں کی نظر میں قائم رکھا جاسکے- قدرت کی طرف سے بھی مواقع کم ہی رکھے گئے ہیں- انسانی امداد کے لئے ۱۲ سال بعد وقت آتا ہے مشتری کو کب مال و دولت گردانا گیا ہے اس لئے علمائے جفر اس وقت کی تاثیر سے فائدہ اٹھاتے ہیں-

دفتر سے منگوانے کے لیے نام معہ والدہ اور ہدیہ منی آڈر کریں- خاص بات معلوم کرنی ہو تو- صبح ۱۱ بجے سے دوپہر ۲ بجے تک فون کریں

کال کریں 0333-7202964 رسالہ روحانی دنیا کراچی ۷۴۸۰۰

حضرت کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور محققانہ تصنیفات

۱- عامل کامل حصہ اول	جفری قواعد کے سریع التاثیر عملیات، اسماء، موکلات، دعوات	قیمت ۳۶۰ روپے
۲- عامل کامل حصہ دوم	علم النقوش اور علم الالواح، علم تکسیر، علم الاعداد	قیمت ۵۵۰ روپے
۳- حل المقاصد	مستحصلہ عربی، اردو زبان میں سوال و جواب	قیمت ۱۴۸ روپے
۴- الساعت حصہ اول	روزانہ کام کرنے کی سعد اور نحس اثرات کا ساعتی نظام	قیمت ۴۵۰ روپے
۵- الساعت حصہ دوم	ساعتی نظام کی تفصیل معہ اعمال، اسماء، عزیمتیں، طلسم	قیمت ۳۶۰ روپے
۶- رموز الجفر	تسخیر، شرفات کواکب، اسمائے الٰہی، جفر کے حصہ آثار پر عظیم کتاب	قیمت ۴۲۵ روپے
۷- عددوں کے حکومت حصہ اول	علم الاعداد کے تجربات، نظریات نام کے اعداد سے قسمت، غیبی نمبر	قیمت ۴۵۰ روپے
۸- عددوں کی حکومت حصہ دوم	کل امور ہائے زندگی کے علاوہ کی نسبت و زائچہ اعداد کی تشریح	قیمت ۳۶۰ روپے
۹- قواعد عملیات	عملیات کرنے والوں کے لئے جملہ معلومات	قیمت ۳۴۰ روپے
۱۰- اسباق النجوم	نجوم کی ابتدائی معلومات، برجوں کی تفصیل معہ زائچہ بنانا	قیمت ۴۸۰ روپے
۱۱- رجوع ہمزاد	ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے اور عملیات	قیمت ۲۰۰ روپے
۱۲- جذب القلوب	اعداد متحابہ کا نظریہ و عملیات محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال	قیمت ۲۰۰ روپے
۱۳- پتھروں کے سحری خواص	حصول برکات کے لئے جواہرات کا پہننا اور حقائق	قیمت ۲۸۰ روپے
۱۴- آثار النجوم حصہ اول	اصطلاحات و تشریحات، مکمل زائچے کی تفصیل	قیمت ۸۵۰ روپے
۱۵- آثار النجوم حصہ دوم	زائچہ کے پڑھنے کا طریقہ، کردار، شادی، روپیہ، تعلیم، پیشہ	قیمت ۴۸۰ روپے
۱۶- روح قرآن حصہ اول	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ۳۵۰ روپے
۱۷- روح قرآن حصہ دوم	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ۳۵۰ روپے
۱۸- المختصر	عہد رسالت سے قرون اولیٰ کی تاریخ	قیمت ۲۰۰ روپے
۱۹- بچے اور ستارے	بچوں کی پرورش، تعلیم اور پیشہ کی رہنمائی	قیمت ۳۸۰ روپے
۲۰- تعلقات	زن و شوہر کی مزاجی اور مقسومی کیفیت جاننا	قیمت ۲۰۰ روپے
۲۱- تقویم المومنین	شرعی نقطہ نظر سے تاریخوں کا نیک و بد	قیمت ۱۵۰ روپے
۲۲- برنی تقویم برائے سال	جاری سال کے ستاروں کی رفتاریں، ہر شخص کے حالات، گرہن، سفر، سعد و نحس اوقات، کلینڈر	قیمت ۲۰۰ روپے
۲۳- برنی روزانہ کواکبی گائیڈ	سرمایہ کاری، قمر سے متعلقہ کام، نظرات، ۱۸۰ صفحات پر مشتمل روزانہ کام کی اہم ڈائری	قیمت ۲۰۰ روپے
۲۴- تسویۃ البیوت	۲۴ گھنٹے پر مشتمل (ہر ۴ منٹ کا وقفہ) زائچے کے گھروں کے درجات۔ پاکستان کے سو شہروں	قیمت ۹۵۰ روپے
۲۵- اٹلس	دس ہزار (چھوٹے و بڑے شہر و گاؤں) پر مبنی پاکستان کی پہلی کتاب جس میں ہر شہر و گاؤں کا تفاوت وقت موجود ہے	قیمت ۱۲۰۰ روپے
۲۶- برنی کواکبی رفتاریں	۵۰ سال (۱۹۵۰ تا ۲۰۰۰ء) کی مکمل کواکبی رفتاریں، گرہن، رجعت و استقامت، اسلامی مہینے و تاریخ	قیمت ۱۲۵۰ روپے
۲۷- کواکبی کلینڈر	کواکب کی معلومات، نظرات، ستاروں کی رفتاریں، گرہن، منازل قمر، کواکب و قمر کا داخلہ معہ اوقات	قیمت ۱۰۰ روپے
۲۸- ضوء قمر	ہلال قمر (۱۹۰۰ تا ۲۰۲۵ء) عیسوی و ہجری کلینڈر	قیمت ۳۰۰ روپے
۲۹- تاشون (ناول)	حضرت کاش البرنیؒ کی روحانی اور علمی کاوشوں کو کہانی میں ڈھال کر خوبصورت انداز میں لکھا ہے۔	قیمت ۵۰۰ روپے

رسالہ روحانی دنیا کا نمونہ مفت منگوائیں اس کا سالانہ چندہ =/۹۶۰ روپے بذریعہ رجسٹری ہے۔ رقم بذریعہ منی آڈر کریں یا رسالہ وی پی سے منگوائیں۔

حارث عثمانی پبلشرز نے بااہتمام اوراق پبلشرز سے چھپوا کر دفتر رسالہ روحانی دنیا، پی آئی بی کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰ سے شائع کیا

برنی اٹلس آف پاکستان

- پاکستان کے تقریباً ۹ ہزار شہروں گاؤں کے نام
- شہر کا طول بلد اور عرض بلد
- ہر مقام کا معیاری وقت (GMT سے فرق)
- منطقہ وقت
- گورنمنٹ نے کن سالوں میں اپنی گھڑیوں کو GMT سے تبدیل کیا
- کسی بھی دو شہروں کے درمیان وقت کا فرق آسانی سے معلوم کریں

دیگر ممالک کے شہروں کے نام طول بلد اور عرض بلد اور
GMT سے ہر مقام کے وقت کا فرق

تحریر و ترتیب: حارث عثمانی

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

عملیات سے دلچسپی لینے والوں اور علم نجوم کے جاننے والوں

برنی تقویم 2019 کے لئے

میں آپ کی تمام ضروریات اور وقت کے حسابات دیئے گئے ہیں

اعلیٰ معیار، مستند اوقات

اس میں ہندوانہ حساب
نہیں ہوتا اور نہ ہی ہندوانہ
اصطلاحات دی جاتی ہیں

استخراج طالع
نقشہ تحویلات سیارگان
ستاروں کے سعد ونحس اثرات
نقشہ تفاوت وقت
اسٹینڈرٹائم
بروج طالع اور کواکب
نظرات کے اثرات
کواکب کا سعد ونحس اثر
بارہ ماہ کے نظرات
مدت اثرات کواکب
تحویل آفتاب
سیارگان کے مراتب کے اثرات
اختیارات قمر
زائچے کے بارہ گھروں کے منسوبات
ساعات سیارگاں
چاند اور سورج گرہن کے اوقات
قمری حرکات
تعطیلات وتہوار
منسوبات کواکب
عملیات کے اوقات
طلوع وغروب وقت
نیا چاند
منازل قمر

برنی تقویم ممتاز درجہ رکھتی ہے جس میں

- ہر شخص کے سال بھر کے مکمل حالات معہ ان کی تقدیری اندازوں کی۔
- دنیا کے ممالک کے حالات وواقعات اور وقت کے مدوجزر۔
- آپ کا جو ستارہ ہے وہ کن وقتوں اور کن سالوں میں خوش قسمتی یا بدقسمتی لائے گا۔
- ہجری، عیسوی، بکرمی تاریخیں معہ ہر دن کے اثرات وواقعات
- سال بھر کے قریباً ۵۰۰ نظرات جو روزانہ زندگی میں دن بھر کی سعادت ونحوست کے اوقات کا اظہار کرتے ہیں
- جملہ کواکب کی روزانہ رفتار، رجعت واستقامت طلوع وغروب، اوجال اور شرف ہبوط معہ اوقات
- عاملین، منجمین، کاروباری افراد، ملازمین، دوکاندار، مزدور ہر طبقہ کے افراد کے لئے ایک سال کی مکمل معلومات

دفتر سے برنی تقویم 2019 حاصل کریں یا قریبی ہاکر سے طلب فرمائیں۔ آرڈر آج ہی لکھیں

قیمت کتاب:- ۲۰۰ + ڈاک خرچ + منی آڈر فیس = ۵۰ + ۷۵ = - / ۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

Phone: 021-34949944
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com

اوراق پبلشرز ابراہیم مارکیٹ پی آئی بی کالونی کراچی کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰